کربلا کا دولہا

ترتیب و تدوین:

علی عباس

یا قاسم بن الحسن

عقدِ قاسم مستند دلائل اور سکین شدہ شواہد کی روشنی میں

فہرست

انتساب :

حسین پر بہائے جانے والے آنسوؤں کے نام -----

ترجمہ: امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ قیامت کے دن ایک شخص کو محشر میں لایا جائے گا جس کا نامہ اعمال نیکیوں سے خالی ہوگا، لہذا اسے دوزخ کی طرف روانہ کیا جائے گا تو اچانک رب الارباب کی جانب سے خطاب ہوگا کہ: اے بندے! ٹھہر جا کہ تیرے پاس ہماری ایک امانت ہے ----!

پھر حکم ہوگا کہ ایک موتی (دُر) حاضر کیا جائے جس کی شعاع سے میدانِ محشر روشن ہو جائے گا، وہ بیچارہ بندہ کہے گا کہ: میرے پاس ایسا کوئی موتی نہ تھا اور نہ ہی مجھے اس کی کوئی خبر ہے، خطاب ہوگا کہ یہ وہ آنسو کا قطرہ ہے جو تو نے امام حسین علیہ السلام کی مصیبت میں اپنی آنکھ سے بہایا تھا، ہم نے اس قطرے کو ضائع نہیں ہونے دیا بلکہ اسے اپنی رحمت کے صدف میں پالا ہے اور اسے تیرے لیے سنبھال کر رکھا ہے، کیونکہ آج تیری بیچارگی کا دن ہے، یہ دُر آج تیرے کام آئے گا اور ہم اسے خریدنا چاہتے ہیں، تم اسے انبیاء کے پاس لے جاؤ تاکہ وہ اس کی قیمت لگائیں ---!

وہ بندہ اس موتی کو لے کر حضرت آدم صفی اللہ علیہ السلام کے پاس جائے گا اور کہے گا، اے انسانوں کے باپ! اس موتی کی قیمت لگائیں، آدم علیہ السلام کہیں گے: میں اس کی قیمت نہیں جانتا، اسے نوح کے پاس لے جاؤ تاکہ وہ قیمت لگائیں، جب وہ اسے نوح علیہ السلام کے پاس لائے گا تو وہ کہیں گے: میں اس کی قیمت سے واقف نہیں، اسے ابراہیم خلیل اللہ کے پاس لے جاؤ تاکہ وہ قیمت لگائیں، جب وہ اسے ابراہیم علیہ السلام کے پاس لائے گا تو وہ کہیں گے، میں اس کی قیمت نہیں جانتا اور وہ اس کی قیمت کو اسماعیل

کے حوالے کر دیں گے، اسی طرح ہر ایک پیغمبر قیمت (لگانے) کو دوسرے کے حوالے کرتا جائے گا، یہاں تک کہ آخر میں اسے ختمی مرتبت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس بھیجیں گے ---

آنحضرت (ص) فرمائیں گے کہ؛ اس موتی کی قیمت علی بن ابی طالب علیہ السلام کو لگانی چاہیے، جب اسے امیر المومنین کے پاس لے جائیں گے تو آپؑ فرمائیں گے: اس موتی کی قیمت میرا بیٹا حسین لگائے گا---!

جب وہ بندہ اس موتی کو امام حسین علیہ السلام کی خدمت میں لے جائے گا تو امام ایک مہربان بھائی کی طرح اس بندے کو سینے سے لگا لیں گے اور اسے (نعمتوں سے) نوازیں گے، پھر اپنی مشکبو زلفوں کو پریشان (بکھرا) کر کے عرشِ الٰہی کے پائے کے پاس آ کر کہیں گے! اے میرے اللہ! اس موتی کی قیمت یہ ہے کہ اس کے صاحب کو اس کے ماں باپ سمیت مجھے بخش دے، انہیں میرا ہم نشین بنا اور جنت میں میرے جوار میں جگہ عطا کر، تب اللہ عزوجل خطاب فرمائے گا: یا حسین! میں نے اس بندے کو اس کے والدین سمیت تجھے بخش دیا اور اسے جنت میں تیرے رفیقوں، مصاحبوں اور ہمسایوں میں قرار دیا، پس وہ سب خوش ہو گئے اور امام حسین علیہ السلام پر قربان ہوئے ---

یہ حدیث نقل کرنے کے بعد مولف کہتے ہیں ؛ یہ بات پوشیدہ نہ رہے کہ کربلا کے ان واقعات میں سے، جو دلوں کے رنج اور جانوں کی سوختگی کا باعث ہیں، ایک حضرت قاسم بن حسن علیہ السلام کی شہادت کا واقعہ ہے--- (محرق القلوب نراقی ص 195-196، خطی)

مقدمہ :

مقدمہ میں ہم صرف یہ عرض کرنا چاہتے ہیں کہ جس طرح فضائلِ محمد و آلِ محمدؑ کا ذکر کرنا اور ان کے فضائل کو اجاگر کرنا لازم ہے، اسی طرح ان مقدس ہستیوں پر ڈھائے گئے مظالم اور ان سے منسوب واقعات کی حقیقت کا دفاع کرنا بھی ایک اہم دینی فریضہ ہے، بدقسمتی سے، جیسے ہی ایامِ عزاء کا آغاز ہوتا ہے، شعائرِ حسینی پر مختلف اعتراضات کا سلسلہ شروع کر دیا جاتا ہے، ان اعتراضات میں سے ایک اہم موضوع 'شہزادہ قاسمؑ کا عقد اور مہندی' کا واقعہ ہے ---

معترض کی جانب سے اکثر یہ کہا جاتا ہے کہ کربلاء میں اس واقعے کا تاریخی پس منظر نہیں ملتا ---

ہمارا سوال یہ ہے کہ کیا کسی واقعہ کا صرف تاریخی کتب میں تذکرہ نہ ملنا اس کے جھوٹا ہونے کی دلیل ہے؟

مزید یہ کہا جاتا ہے کہ اس واقعہ کا ذکر معتبر کتب میں موجود نہیں، جبکہ اعتراض کرنے والے اکثر اس بات سے بھی گریز کرتے ہیں کہ وہ اپنے معتبر ہونے کا معیار کیا مقرر کرتے ہیں، افسوس کہ ان میں سے بیشتر افراد سنی سنائی باتوں پر انحصار کرتے ہیں اور تحقیق کے تقاضوں کو پورا نہیں کرتے، جو کہ ایک علمی بددیانتی ہے ---

یہ اعتراض کیا جاتا ہے کہ عاشور جیسے دن کون شادی کر سکتا ہے؟ ایسا اعتراض کرنے والے احباب دو بنیادی غلط فہمیوں کا شکار ہیں، اول یہ کہ وہ عرب کے قدیم معاشرتی رسوم و رواج اور اُن کے طرزِ زندگی سے ناواقف ہیں، دوم، وہ آلِ محمدؑ کو عام بشر پر قیاس کرتے ہیں، حالانکہ اہلبیت نے مخلوق کو بار بار خبردار کیا ہے کہ ہمیں خود پر قیاس مت کرو (حقیر نے اس امر کا کہ محمد و آل محمد عام بشر جیسے نہیں کتاب عباد اللہ میں تفصیل سے ذکر کیا ہے) اور مزید یہ کہ اہلبیتؑ کی زندگی کے ہر عمل میں کئی حکمتیں اور کئی راز پوشیدہ ہوتے ہیں، تو لوگ نہیں جانتے کہ معصوم کے کس فعل میں کیا حکمت پوشیدہ ہے اور لا علمی میں انکار کر دیتے ہیں کیونکہ وہ معصوم کے فعل کو عام بشر کے فعل پر قیاس کرتے ہیں اگر وہ حکمت و مصلحت کو جان جاتے تو شاید انکار نہ کرتے، یہ امر کتنا عظیم ہے آپ کو اس حدیث سے اندازہ ہو جائے گا، ---

عن أبي عبد الله ع قال أنتم أفقه الناس ما عرفتم معاني كلامنا إن كلامنا لينصرف على سبعين وجها .

امام جعفر صادقؑ نے فرمایا: تم لوگوں میں سب سے زیادہ فقیہ ہو، تم نے ہمارےؑ کلام کے معانی نہیں سمجھے کیونکہ ہمارے کلام کے ستر (70) پہلو نکلتے ہیں --- (بصائر الدرجات ؛ بحار الانوار)


یعنی جو امام فرما رہے ہیں اس کے 70معانی ہوتے ہیں تو ذرہ غور کیجیے ! کہ جب معصوم کے کلام کے ستر مطالب ہیں ستر حکمتیں ہیں تو ان کا فعل کس درجہ پر ہو گا اور کیا حکمتیں ہوں گئیں ہم سوچ بھی نہیں سکتے، امام حسین نے عاشور کے دن شہزادہ قاسم کا عقد اپنی صاحبزادی سے کیا اس کی کم از کم حدیث معصوم کے مطابق 70 حکمتیں یا 70 مصلحتیں ہیں ہم تو صرف یہ دیکھ رہے ہیں کہ امام نے عقد کیا ہے، پس ایک مومن کبھی بھی معصوم کے کلام یا فعل کو عام بشر پر قیاس نہیں کرتا ، جب آپ اس امر پر ایمان لائیں گے تو کیسے اور کیوں کا سوال ہی ختم ہو جائے گا ، بہر حال علماء نے اپنے علم کے مطابق امام حسین کے اس فعل (عقد قاسم) کی مختلف تاویلات پیش کی ہیں، جو آگے چل کر پیش کی جائیں گئیں ---


ایک اور افسوسناک پہلو یہ ہے کہ اعتراض کرنے والے امام حسینؑ کی صاحبزادی کے وجود کا ہی انکار کر دیتے ہیں جن کا عقد شہزادہ قاسم سے ہوا، یہ تو واضح بات ہے کہ جب صاحبزادی کا وجود ثابت ہی نہیں ہو گا تو عقد قاسم خود ہی صرف افسانہ بن کر رہ جائے گا ، یہ رویہ محض تاریخی حقائق کو چھپانے کی ایک کوشش ہے، ہم یہاں صرف اتنا عرض کریں گے کہ جب امتِ مسلمہ رسول اللہ کی بیٹیوں کی تعداد میں شدید اختلاف رکھتی ہے، تو امام حسینؑ کی بیٹیوں کے حوالے سے کسی اتحاد کی توقع کیسے کی جا سکتی ہے---؟

آگے بڑھنے سے پہلے یہاں یہ امر واضح کرنا ازحد ضروری ہے کہ ہم اس تحریر میں "عقدِ قاسمؑ" کے اثبات کے لیے علمی دلائل پیش کر رہے ہیں، علمی مباحث کے مسلمہ اصولوں کے تحت، جب کوئی فریق کسی واقعے کو تسلیم کرتا ہے اور دوسرا اس کا انکار کرتا ہے، تو یہ ذمہ داری انکار کرنے والے پر عائد ہوتی ہے کہ وہ اس واقعے کی نفی کے لیے مستند تاریخی شہادت یا روایت پیش کرے، اور یہ بھی یاد رہے کہ کسی واقعے کا تاریخی کتب میں تذکرہ نہ ملنا، اس کے عدمِ وقوع کی قطعی دلیل نہیں ہو سکتا، لہذا، اگر معترض کے پاس اس واقعے کے غلط یا غیر ثابت ہونے کے لیے کوئی ٹھوس نفی موجود نہیں ہے، تو علمی دیانت اور انصاف کا تقاضا یہ ہے کہ وہ اس واقعے کو تسلیم کریں، تاریخ کے مطالعے میں محض عدمِ ذکر کو عدمِ وقوع قرار دینا علمی مغالطے کے سوا کچھ نہیں، ہم اپنی اس بحث کا آغاز اسی علمی بنیاد پر کر رہے ہیں کہ مقاتل کو تعصب سے نہیں، بلکہ تحقیق کی عینک سے دیکھا جائے ---

اب ہم عقدِ قاسم کے دلائل معتبر کتب سے پیش کریں گے اور بزرگ شیعہ علماء کے اقوال آپ کو دکھائیں گے،ہم جن علماء کا ذکر کریں گے ان میں سے صرف ایک پر اعتماد بھی شہزادہ قاسم کے عقد کے واقعے کو ناقابلِ انکار بنا دیتا ہے اور اس کی بنیاد پر اس واقعے کے وقوع پذیر ہونے پر اطمینان حاصل کیا جاسکتا ہے ---

قاسم کی مہندی پر اعتراض کرنے والا احمق ہے ۔





ساتویں محرم کو بہت غم انگیز ماحول میں مہندی برآمد ہوتی ہے۔ ناظم حسین مرحوم لاہور کے بہترین سوزخوان مہندی کے آگے جب یہ سوز پڑھتے تھے:-

قاسمؑ بنڑا باندھے سہرا سیس کٹاون جاوت ہے
دلھن دُکھیا بیٹھی تخت پہ نیناں نیر بہاوت ہے

بے پناہ گریہ ہوتا تھا۔ لاہور کے حضرات مہندی کے سجانے میں بہت اہتمام کرتے ہیں۔ تقریباً دس بارہ برس امام باڑۂ خیمۂ سادات لاہور میں عشرہ پڑھا وہاں بھی ساتویں محرم کو مہندی برآمد ہوتی ہے اور یہ سلسلہ آج بھی قائم ہے۔ کراچی میں کھارادر کے بڑے امام باڑے میں ہمیشہ ساتویں محرم کو مہندی نکلتی ہے اور آگ کا ماتم ہوتا ہے جس میں عزادار قاسمؑ دولھا، قاسمؑ دولھا کا ماتم کرتے ہیں۔


اب آج کوئی پاکستان میں احمق اور نادان یہ کہے مہندی کیا ہے یہ تو کوئی آج کی چیز نہیں ہے اب دیکھئے یہ چار پانچ دن سے خواتین کے ٹیلی فون آرہے ہیں کچھ لوگ خواتین کو بہکا رہے ہیں کہ مہندی نہیں نکالو۔ ارے بھئی ایک دو کی بات آپ سنتے کیوں ہیں اور آپ سنتی کیوں ہیں بس کہہ دو مہندی سے تبلیغ ہوتی ہے اس لیئے مہندی کا جلوس بند نہیں کیا جائے گا۔ اس لئے کہ یہ اتنی قدیم چیزیں ہو چکی ہیں کہ اس میں کوئی ترمیم نہیں ہوسکتی بند نہیں ہوسکتیں اس کو روکا نہیں جاسکتا۔ اس میں اعتراض کیا ہے یہ میں تمہید میں کہہ چکا اعتراض کیا ہے کیا عیب کیا نظر آتا ہے نقصان کیا ہے اب سوال میں قائم کررہا ہوں۔ اگر کسی کے پاس دلیل ہے تو میری اس تقریر کے بعد کوئی مجھے خط لکھ کے پہنچا دے کہ نقصانات کیا ہیں عیب کیا ہے خوبیاں ہم بتائے دیتے ہیں۔ سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ ہزاروں لاکھوں مرادیں آچکی ہیں اگر کسی کی شادی نہیں ہوتی ہے تو منّت سے مہندی پہ شادی ہوتی ہے اولاد نہیں ہوتی شہزادہ قاسمؑ



اولاد بھی عطا کرتے ہیں، رزق کی کمی ہے۔ رزق ملتا ہے تین دعائیں تو برسہابرس سے لوگوں کی قبول مقبول ہوتے دیکھی ہیں یہ ہے فائدہ، نقصان کیا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ اصل میں اپنے آپ کو نمایاں کرنے کیلئے یہ ایک نمرود کی مثال ہے جو مغرور زیادہ ہوتا ہے وہ یہ سب کرتا ہے۔ یہ سب بند کرو یہ ہٹادو یہ ختم کردو جیسے پچھلے سال متقی جعفری کے یہاں کی مہندی بند کی گئی جو لوگ شریک ہورہے تھے وہاں انھیں احتجاج کرنا چاہئے تھا کہ بھئی ہر سال مہندی نکلتی ہے کسی وجہ سے بند کی گئی اچھا ایک اگر متقی جعفری کے یہاں کی مہندی بند ہوگئی تو پوری دنیا میں جہاں جہاں نکل رہی ہے مہندی بند ہو جائیگی، ایک سے کیا آپ اپنا نقصان کرکے بیٹھ گئے ساری دنیا نقصان کرلے گی یہ بات ہوئی تو بند ہونے کا تو سوال ہی نہیں اس میں اور ترقی انشااللہ ہوگی۔ ایران میں بھی ہے عراق میں بھی اور عراق میں تو خیمہ گاہِ حسینی بنا ہوا ہے اُس میں خصوصی طور سے یہ جتنی بڑی آپ کی مسجد ہے اتنا بڑا ایک حجرہ بنا ہوا ہے جسے حجلۂ عروسی قاسمؑ کہتے ہیں ہم دیکھ کے آئے ہیں جن لوگوں نے زیارت کی ہے کب سے بنا ہوا ہے کہ یہ وہ جگہ ہے جہاں عقدِ قاسمؑ ہوا کون سا ایسا عالم مجتہد ہے ایران عراق کا جو وہاں نہیں گیا اور وہاں خصوصی طور پر یہ تو مشہور ہے جس کے اولاد نہیں ہوتی تو اس حجلۂ عروسی میں آکے بڑے بڑے علماء نے دعا کی ہے اور اُن کے لئے ناممکن بات ممکن ہوگئی اور اولاد ہوئی یہ سب تاریخی باتیں ہیں۔ اب اُس پہ اور بحث بڑھی کہ مقصد کیا ہے مہندی کا تو مقصد ہر چیز کا علمی طور سے آپ پتہ لگائیں عوام میں نہ پوچھتے پھریں عوام میں ہراس نہ پھیلائیں، آپ کتابیں پڑھیں اور علماء کے پاس بیٹھیں تو کل آپ پوچھیں عَلمِ حضرت عباسؑ کا مقصد کیا ہے، تابوت کا مقصد کیا ہے، ذوالجناح کا مقصد کیا ہے، مقصد تو بہت ہیں۔ آپ کو اتنی عقل ہے کہ آپ یہ باتیں

جو کربلاء میں نہیں ہوا یہاں کر رہے ہیں؟






تو باطل جو ... اللہ نے معیار بتایا کہ بس
باطل مٹتا جاتا ... تا جاتا ہے روشن ہوتا جاتا
ہے ایک عمل ... رہا ہے نہ بنا رہا ہے وہ
بڑھتی جارہی ... مٹتے جارہے ہیں، مٹتے
جارہے ہیں، ... پورے قرآن میں دو سو
چوبیس جگہ حق ... چودہ بار لفظِ حقّا تو حق پر
تشدید لگ گئی ''حقا کہ بنائے لا اِلٰہ است ... قرآن میں چودہ مقامات
پر ہے وہیں سے اُٹھا کے لایا گیا ہے ''حقا کہ بنائے لا اِلٰہ است حسینؑ''۔ تو بھی یہ
بنائے "لا الٰہ" ہے مہندی نہیں ہے۔ اس کا نام آپ مہندی کیوں لیتے ہیں۔ یہ علَم یہ
تابوت یہ تعزیہ یہ ذوالجناح یہ الگ الگ بچوں کو پہچنوانے کے لئے نام ہیں ورنہ سب کو
ملا کر کیا کہتے ہیں۔ حقّا کہ بنائے "لَا اِلٰہ" ایک ہے "لَا اِلٰہ"۔ اُس کی جو بنیاد ہے وہ
یہ چیزیں ہیں یہ ہیں تو "لَا اِلٰہ" ورنہ نہیں ہے۔ مہندی کیا ہے حقّا کہ بنائے "لَا اِلٰہ"
مہندی بنا ہے بِنا۔ اب اگر محقق بننے کا کسی کو شوق ہے۔ بھئی شادی ہوئی تھی کہ نہیں
ہوئی۔ ارے نہ ہو مہندی اپنی جگہ ہے جواز اور دلیل ہر بات میں ہاں یہی تو کہا گیا
یعنی جو کربلا میں نہیں ہوا وہ کرتے ہیں ارے بھئی تابوت کا کیا مطلب ہے چونکہ
جنازے نہیں اٹھے اس لئے اُٹھ رہے ہیں چونکہ علَم گر گیا اس لئے اُٹھ رہے ہیں چونکہ
مہندی نہیں نکلی اس لئے نکل رہی ہے۔ یہ ہے فلسفہ جو نہیں ہوا وہ کرنا ہے کہ ماؤں کی
حسرتیں تھیں اب آج کی مائیں وہ رسم پوری کریں اور بیٹے مہندی اُٹھائیں مائیں
سجائیں بیٹے اٹھائیں یہ رتبہ کوئی کم ہے۔ سمجھیں اسے یہ رتبہ کوئی کم ہے کہ ایک ماں
آج کی اٹھی اور کہنے لگی بیٹا اگر اُمّ فروہؑ مہندی لے کر جاتیں دُلھن کے گھر تو مہندی



کی کیا شان ہوتی، ایسا ہوانہیں تو اب تاسّیٔ اُمِّ فروہ میں ماں نے بھی مہندی سجادی بیٹے سے کہا نکالو لے جاؤ۔ دنیا کو بتاؤ قاسمؑ کی مہندی ہے اس میں بدعت کیا غلط کیا اُس ماں کا رتبہ کتنا عظیم ہوگیا اور وہ بیٹے کتنے خوش نصیب ہیں جو قاسمؑ کے بھائی کی طرح بھائی کی مہندی لئے جارہے ہیں یہ رتبوں کی بلندیاں ہیں مہندی نہ دیکھو عزاداروں کو دیکھو۔ پورے تمام عالَم میں جہاں جہاں عزاداری ہورہی ہے کہیں اگر کسی نے مہندی پہ تقریر کی ہو بتایئے گا کیسٹ محفوظ ہورہا ہے اب یہ سب کے کام آئے گا۔ امریکہ لندن جہاں سے اعتراض اٹھے۔ آپ جواب نہ دینے بیٹھئے گا صحیح غلط گفتگو کی ضرورت نہیں ہے بس یہ کہو کہ یہ سی ڈی دیکھو ضمیر اختر نقوی کی لے لیجئے گا ''قاسمؑ کی مہندی'' اور تحفے میں دے دیجئے گا کمپیوٹر میں انٹرنیٹ میں ڈال لیجئے گا۔ ''قاسمؑ کی مہندی'' یہ لو جواب یہ لو جواب اور عورتوں کی جو مجلس پڑھنے والیاں ہیں اگر وہ یہ مخالفت کر رہی ہیں تو اُن کو کیا حق ہے۔ جب وہ تحقیق کی منزل تک نہیں پہنچیں تو ایک دو جملے سن کر بات نہ کریں یا تو میری کتابیں پڑھیں یا میری تقریر سنیں۔ اُن کو یہ مسئلہ سمجھا بھی نہیں سکتا اس لئے کہ اتنی گہری نظر نہیں ہے سننے میں آیا وہ بیٹھے ہیں حسن صغیر کے بیٹے علی نے بتایا کہ کسی ذاکر نے کہا کہ یہ فاطمہ کبریٰؑ کی شادی تو حسنِ مثنیٰ سے ہوئی تھی قاسم سے نہیں ہوئی تھی یہ کیا بات ہوئی ارے بھائی حسینؑ کے تین بیٹے تھے تینوں کا نام علیؑ تھا۔ حضرت سیّدِ سجادؑ علی ابن الحسینؑ، علی اکبر علی ابن الحسینؑ، علی اصغر علی ابن الحسینؑ، تینوں بیٹے علی ابن الحسینؑ ہیں، اکبر، اصغر تو مورخ کی پریشانی ہے۔ بھئی امام حسینؑ یہ نہیں کہتے تھے کہ اکبر ہیں یہ اصغر ہیں۔ امام حسینؑ سب کو یہی کہہ کر پکارتے تھے علی۔ علیؑ علیؑ امام حسینؑ کو صرف علیؑ کہنا ہے۔ اکبر اصغر نہیں کہنا ہے۔ یہ تو ہم کہہ رہے ہیں تو اِسی طرح حسینؑ کے ہر بیٹے کا نام علیؑ ہے کسی نے کہا علیؑ

قاسم کی مہندی ہندو رواج سے عبارت ہے؟



''جب خیموں کو تاراج کیا گیا اور مال واسباب لوٹا گیا تو فوجِ یزید نے مالِ غنیمت میں مہندی بھی پائی اور جس جس عورت نے وہ مہندی اپنے ہاتھوں میں لگائی اُس کے ہاتھ سفید (برص ہو گیا) ہو گئے''۔ (مناقب شہر آشوب)

مدینے میں مہندی:

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام ارشاد فرماتے ہیں:-

واقعہ کربلا کے بعد کسی ہاشمی عورت نے نہ مہندی لگائی نہ سر میں تیل ڈالا نہ آنکھوں میں سرمہ لگایا تا اینکہ مختار نے ابنِ زیاد کا سر روانہ کیا۔ (بحار الانوار جلد دس صفحہ ۲۳۵)


مہندی قاسمؑ کیا ہندو رواج سے عبارت ہے؟

مسئلہ: کیا ارشاد ہے اس مسئلے میں کہ جس طرح مہندی رواسم اہلِ ہند سے ہے اُسی طرح سے مانجھا، سانچق ۱؎ اور برات بھی اہلِ ہند کی رسموں میں سے ہے پھر مہندیٔ حضرت قاسمؑ کو کیا خصوصیت ہے؟

جواب: یہ عاصیانہ شبیہ ہے جو قابلِ اعتناء نہیں ہے بہت سے رواسم اہلِ ہند میں اس قسم کے ہیں چنانچہ دستور ہے کہ بچہ پیدا ہونے پر خوشی کی جاتی ہے۔ شیرینی

(۱؎ سانچق ایک رسم ہے جو مانجھا اور مہندی کے بعد ہوتی ہے جس میں بری کے ساتھ میوہ، دہی کی مٹکیاں وغیرہ دلھن کے گھر بھیجی جاتی ہیں اور خمیری روٹیاں، بڑھیاں اور چنے کی دال پکا کر دولھا کے خاندان میں تقسیم کی جاتی ہے۔)

تقسیم ہوتی ہے ستھورا عوام میں بٹتا ہے، اس لحاظ سے تیرہ رجب کو کونڈے شیرینی کے ہوتے ہیں، ستھورا کیوں نہیں بنتا، چھٹی کیوں نہیں کی جاتی۔ شب برأت میں حضرت حمزہؓ کی فاتحہ کا دستور ہے روٹی اور حلوہ کیوں بنتا ہے، حاضری کیوں نہیں بنتی، حضرت عباسؑ کا علم اُٹھتا ہے، بارہ علمدارِ لشکر تھے ان کا علم کیوں نہیں اُٹھتا۔ جنازہ و



تابوت اُٹھتا ہے غسل وکفن ودفن کیوں نہیں ہوتا۔

یہ سب لغو خیالات ہیں مہندی کو خصوصیت یہی ہے کہ اصل اس کی عرب وعجم سے بھی ہے اضافہ وترقی اہلِ ہند نے کی، حنابندی عرب وعجم میں بھی ہوتی ہے وہی رسم اہلِ ہند میں اس طرح ہوتی ہے خصوصاً کاغذی مہندی جو ہند میں مرسوم ہے اس کا وجود صاف بتاتا ہے کہ یہ انھیں اطراف عراق وایران سے آئی ہے اس لیئے کہ مہندی کاغذی شبیہ تختِ رواں ہے جو سواری روسا و شاہزادگان عجم سے ہے جس میں روساء اور شاہزادگان علماء وعمائد کی نعشیں اُٹھائی جاتی ہیں۔ پس مہندی کا رواج یا اس وجہ سے ہے کہ اس کو تابوتِ جنابِ قاسمؑ قرار دیا ہے یا بغرض سواری ہے جس طرح دُلدُل، محمل، کجاوہ بناتے ہیں۔ مہندی بشکل تخت رواں اسی لئے بناتے ہیں کہ عروسِ جنابِ قاسمؑ شتران بے کجاوہ وعماری پر شہر بہ شہر پھرائی گئی۔ پس مہندی کو مثل دلدل وکجاوہ ومحمل سواری سمجھنا چاہیئے۔ اسیرانِ کربلا نہ محمل وکجاوہ پر سوار ہوئے نہ تختِ رواں پر، پس جو دلیل اباحت محمل وکجاوہ کے واسطے ہے وہی مہندی کی ہے۔ اَب رہا مہندی شبیہ تام تخت رواں کی نہیں ہے تو اس کی وجہ مثل تعزیہ وضریح کے تصرفات وتغیرات اہلِ ہند ہے۔


کیا مہندیٔ قاسمؑ کی شبیہ بنانا جائز ہے؟

مسئلہ: کیا ارشاد ہے اس مسئلے میں کہ مہندی شبیہ عروسیٔ قاسمؑ ہے یا نہیں اور اگر یہ شبیہ ہے تو اس کا بنانا جائز ہے کہ نہیں؟ علمائے عراق نے فتاویٰ میں فرمایا ہے کہ شبیہِ عروسی ہونے کی وجہ سے ناجائز ہے؟

جواب: علمائے عراق کو سوال کے ذریعے مشتبہ کیا گیا ہے، مہندی کو شبیہ عروسی قرار دے کر یہ باور کرنے کی کوشش کی گئی ہے کہ گویا دلھن و دولھا بھی بنتے ہیں جس کو اشتباهاً حضرات علما نے حرام فرمایا ہے۔ پس اولاً یہ امر قابل غور ہے کہ کیا مطلق شبیہ بنانا جائز

نہیں؟ اگر جواب نفی میں ہے تو پھر تعزیہ، علم، تابوت، دُلدل، گہوارۂ محمل کجاوہ یہ سب شبیہیں ناجائز ہوں گی۔ **"ولم یقل به احد من علمائنا"** ۔(ہمارے کسی عالم نے ایسا نہیں کیا) بلکہ علماء کے نزدیک جائز و مباح ہے بلکہ بعض تو مستحب ہیں جو منصوص ہیں۔اب تک سیرتِ علما میں سے یہ امر تھا کہ مخالفین کے جواب میں برابران چیزوں کا مباح ہونا ثابت کرتے تھے اور ادِلّہ باہرہ و براہینِ قاہرہ سے ساکت اور مجبوج (وہ جس پر حجت تمام ہو) فرماتے تھے اس لئے کہ تصویر ذی روح کی مجسم بنانے کو حرام کہا گیا ہے غیر ذی روح کی تصویر کو حرام نہیں کہا گیا ہے، اہلسنّت تک مجبور ہیں تعزیہ وغیرہ اور مطلق غیر ذی روح کی تصویر کو جائز ماننے پر اگر تصویر روضہ و قبر بدعت و حرام ہوتی تو خود کتب معتبرہ اہلسنّت میں اس کی تصویر کیوں ہوتی، دلائل الخیرات اور شرح دلائل میں تصویرِ قبرِ رسولؐ اور شیخین کی قبروں کی تصویر بنائی ہے۔روضۃ الاحباب میں آنحضرتؐ کے نعلین کی تصویر بنائی ہے اور یہ بھی لکھا ہے کہ نعلین کی کاغذی تصویر کٹی ہوئی میرے پاس رکھی ہوئی ہے جس پر دستخط و تصدیق حضرت خواجہ ابونصر کے ہاتھ کی ہے اور تصویرِ نعلین کو اپنے پاس رکھنے کے فضائل بھی بیان کئے ہیں اور ایک نظم بھی ابوالخیر محمد بن محمد بن الجوزی کی نقل کی ہے پس جو جلدِ گاؤ سے بنی ہوئی ہو اُس کی تصویر و شبیہ کا بنانا حرام و ناجائز نہیں تو تعزیہ و ضریح تو اُس بزرگ کی قبر کی شبیہ ہے جس کی جلد، جلد رسولؐ، جس کا گوشت، گوشتِ رسولؐ، اور خون خونِ رسولؐ ہے، اُس کا بنانا کس دلیل سے حرام قرار پائے گا۔فاضل عبدالحق محدث دہلوی نے "**ماثبت بالسُّنۃ**" میں قبرِ شیخین رسول اکرمؐ کی قبرِ مطہر کی قریب بنائی ہے اور ملا جامی نے فتوح الحرمین میں مکہ معظّمہ، وجبل ابوقبیس اور احد و بقیع، صفا و مروہ اور مدینہ منورہ کی صورتیں بنائی ہیں۔یہ سب کیونکر جائز اور بدعتِ محرمہ نہ ہوا اور اس سے بالاتر یہ امر ہے کہ ام الصبیان گڑیاں

شہزادہ قاسم کی مہندی مولانا سید قائم نقوی، لکھنوی مجتھد العصر کی نظر میں




باب ۳

مہندی کی زیارت کیوں نکلتی ہے؟

عراق میں حضرت قاسمؑ کی مہندی:

مولانا سیّد قائم مہدی نقوی، لکھنوی مجتہد العصر لکھتے ہیں:-

حضرت قاسمؑ بھی معرکہ کربلا میں اپنے چچا حضرت امام حسینؑ کے ساتھ شریک تھے اگر چہ آپ کا سن ۱۳ سال سے زائد نہ تھا لیکن جوانوں سے زیادہ ہمت اور بوڑھوں سے زیادہ عزم رکھتے تھے ورنہ شب عاشورا اپنے چچا سے یہ نہ دریافت کرتے کہ میرا نام بھی دفتر شہداء میں ہے یا نہیں اور حسینؑ کے اس سوال پر کہ یا بنی کیف الموت عندك تم موت کو کیسا سمجھتے ہو جناب قاسمؑ کا یہ جواب دینا کہ یا عم اعلیٰ من العسل چچا جان موت کو شہد سے زیادہ شیریں سمجھتا ہوں کتنی بہادری ثابت کرتا ہے لیکن اس جواب میں دو نکتے بھی پوشیدہ ہیں اولاً یہ کہ جناب قاسمؑ نے اپنے چچا کو یہ جواب دے کر کہ یا عم اعلیٰ من العل چچا جان میں موت کو شہد سے زیادہ شیریں سمجھتا ہوں۔ دنیا کو یہ بتا دیا کہ قرآن کی یہ آیت كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ سب ہی قاریان قرآن نے پڑھا ہوگا لیکن اس کے بعد بھی موت کا مزا کسی کو نہ معلوم ہوا ہوگا تو میں بتائے دیتا ہوں کہ موت کا مزا شہد سے زیادہ شیریں ہے اور دوسرا نکتہ یہ پوشیدہ تھا کہ عام عقلیں یہ سمجھیں گی کہ بچے عموماً مٹھاس سے رغبت رکھتے ہیں اور جناب قاسمؑ بھی بچہ تھے لہٰذا بچپن کا جواب



بھی ویسا ہی ہے لیکن نہیں ایسا نہیں ہے۔ اگر جناب قاسمؑ کا بچپنے کی فطرت کے مطابق جواب ہوتا تو وہ یہ بھی کہہ سکتے تھے کہ چچا میں موت کو رطب سے زیادہ شیریں سمجھتا ہوں قند اور حلوے سے زیادہ لذیذ جانتا ہوں کیوں کہ رطب۔ قند۔ حلوہ۔ یہ شیرینیاں عرب میں زیادہ مستعمل تھیں پھر شہد کی خصوصیت سے کیا فائدہ؟

لیکن اہلِ بیتؑ اور قرآن دونوں کو ماننے والے جناب قاسمؑ کے اس جواب پر کہ موت کو شہد سے زیادہ شیریں سمجھتا ہوں جب غور کرتے ہیں تو صاف نظر آتا ہے کہ شہد کے لیے قرآن میں یہ آیت موجود ہے کہ فیه شِفَاءٌ لِلنَّاسِ یعنی شہد میں لوگوں کے لیے شفاء بخشی گئی ہے شاید اسی لیے جناب قاسمؑ نے میدان کربلا میں شب عاشور موت کو شہد سے زیادہ شیریں کہہ کے یہ بتا دیا کہ چچا جان آپ پر کل جان دینے والوں ہی کو تو حیات ابدی ملے گی جب جناب قاسمؑ شب عاشور امام حسینؑ کے سوال کا جواب دے کے اُمت رسولؐ کو سبق دے دیں تو حسینؑ کیوں نہ عاشور کے دن ایک ایسا عمل بھی پیش کرتے جائیں کہ جو اُن کے نانا کی اُمت کے لیے ہمیشہ وجہ سکون قرار پا سکے اور وہ عظیم مصیبت بیٹی کی بیوگی ہے۔ حسینؑ نے روز عاشور اپنی صاحبزادی فاطمہ کبریٰ کا جناب قاسمؑ کے ساتھ عقد کر کے (۱) اپنے غلاموں اپنے عقیدت مندوں کے لیے ایک راہ صبر اور بھی متعین کر دی۔ اس مقام پر ہمارے مخالفین شیعہ عوام کو دھوکہ دینے کے لیے یوں سمجھاتے ہیں کہ میدان کارزار میں جہاں لاشوں پر لاشیں گر رہی ہوں وہاں شادی بیاہ کا کیا تک لہٰذا یہ واقعہ غلط و بے بنیاد ہے، لیکن میں سمجھتا ہوں کہ یہ واقعہ بالکل صحیح ہے۔ پہلے تو میں عوام الناس کے ذہنوں کو الفاظ کے اُن گورکھ دھندوں سے نجات دلانے کی کوشش کروں گا جو لفظ شادی بیاہ سے پیدا کیے گئے ہیں یا کیے جاتے ہیں۔ جو لوگ عراق کا سفر کر چکے ہیں اور وہاں ان کو قیام کا بھی موقع ملا ہے تو انھوں نے خود دیکھا

ہوگا کہ عربوں میں عروسی کے موقع پر ہندوستان کی طرح نہ مانجھا ہے نہ ساچق نہ برات ہے، نہ دیگر رواسم بلکہ وہاں دولھا دولھن سہرابندی سے بھی مستثنیٰ رہتے ہیں۔ دونوں سادے کپڑوں میں ملبوس ہوتے ہیں اور دو علماء اور کبھی ایک عالم طرفین کا وکیل ہوکر ایجاب وقبول یعنی انکحت اور قبلت کہہ دیتا ہے۔

بس اسی کا نام عقد ہے اور یہ ہر وقت۔ ہر عالم اور ہر صورت میں ہوسکتا ہے، چاہے لاشیں گر رہی ہوں چاہے شادیانے بج رہے ہوں۔ البتہ یہ سوال ضرور ہوتا ہے کہ ایسے نازک وقت میں ایجاب وقبول ہی کی کیا ضرورت؟ تو امام کے کسی بھی فعل کی اصلیت سمجھنا یا اُس کا بتادینا مجھ ایسے جاہل کا کام نہیں ہے اور نہ یہ امام کے کسی فعل پر اعتراض کرنے کی جرأت کرسکتا ہوں نہ اس سے انحراف کرنے کی ہمت کرسکتا ہوں البتہ عقد جناب قاسمؑ پر دو عقلی دلیلیں پیش کرسکتا ہوں۔ پہلی دلیل تو یہ ہے کہ امام کو اُمت والوں سے ہر طرح افضل وارفع ہونا واجب ہے اسی طرح ہر واجب ومستحب فعل میں بھی ہر شخص سے بلند ہونا ضروری ہے اس میں کسی طرح کی بھی کمی نہیں ہوسکتی عاشور کے دن حسینؑ مظلوم پر فدا ہونے والوں میں وہب ابن عبداللہ کلبی بھی تھے جن کی شادی کو صرف سترہ دن ہوئے تھے اور وہب کلبی کا کربلا پہنچ کر مع ماں اور زوجہ کے اسلام لانا ہر تاریخ میں موجود ہے اور جب اسلام لاچکے تو ان پر واجب ہوگیا کہ یہ اپنے آقا حضرت امام حسین کی نصرت میں اپنی جان فدا کردیں اور جب وہ اپنی جان فدا کردیں گے تو ان کی بیوی رانڈ ہوگئی اور وہ ابھی نوعروس تھی لہٰذا نئی دولھن کے بیوہ ہونے کی مصیبت میں وہب تمام شہداء پر سبقت وفضیلت لے جاتے جس میں حضرت امام حسینؑ بھی شریک تھے لہٰذا ہوسکتا ہے کہ امام حسینؑ نے اپنی بیٹی فاطمہ کبریٰ کا عقد کرکے وہب کی بیوی کے لیے راہ صبر نکال دی ہو اور دوسری دلیل عقلی یہ بھی ہوسکتی ہے کہ واقعہ



کربلا جہاں ہم کو بہت سے سبق سکھاتا ہے وہاں ہمارے مرنے والوں کے لیے وجہ صبر وسکون پیدا کرتا ہے۔ اگر دنیا میں کسی کا باپ مرجاتا ہے تو وہ حسینؑ مظلوم کے مصائب یاد کر کے صبر کرتا ہے اگر کسی کا بھائی اُٹھ جاتا ہے تو وہ حضرت ابوالفضل العباسؑ کو یاد کر کے صبر کر لیتا ہے اگر کسی کا جوان بیٹا داغ مفارقت دے جاتا ہے تو وہ علیؑ اکبر کی جوانی یاد کر کے صبر کر لیتا ہے اگر کسی کی بہن جدا ہو جاتی ہے تو وہ زینبؑ واُم کلثومؑ کے مصائب سے اپنی مصیبت کو کم کر لیتا ہے اگر کسی کا کمسن بچہ مرجاتا ہے تو وہ علیؑ اصغر کی تشنگی و بے زبانی میں شہید ہو جانے کو یاد کر کے صبر کر لیتا ہے یہ سب نظیریں تو امام حسینؑ کربلا میں مہیا کر چکے تھے اور اپنے نانا کی اُمت کے لیے صبر وسکون کی راہیں معین کر چکے تھے لیکن جن لوگوں کی بیٹیاں کمسنی میں بیوہ ہو جاتی ہیں اُن کے لیے صبر و سکون کی راہ نہ ہوتی اگر حسینؑ اپنی بیٹی فاطمہ کبریٰ کا عقد جناب قاسمؑ کی شہادت سے کچھ پہلے نہ کر دیتے لہٰذا حسینؑ نے اپنی بیٹی کی بیوگی کی عظیم مصیبت بھی برداشت کر کے امت گناہگار کے لیے صبر وسکون کا ذریعہ مہیا کر دیا۔ اور اسی واقعہ کی یاد میں ہندوستان بھر میں ۷ رمحرم کو مہندی کے جلوس نکالے جاتے ہیں، اگر چہ یہ رسم عراقی رواسم کے خلاف معلوم ہوتی ہے اس لیے کہ میں پہلے بھی لکھ چکا ہوں کہ عربوں میں مانجھا۔ سانچق۔ بری وغیرہ کی رسمیں نہیں ہیں لیکن ہاتھوں میں مہندی لگانے کی رسم ضرور ہے۔ میں خود جب نجف اشرف میں بسلسلہ تعلیم مقیم تھا تو بعض عرب دوستوں کی شادیوں میں بھی شرکت کی تو میں نے دیکھا کہ نوشاہ بہت گہری مہندی دونوں ہاتھوں میں لگائے تھے اس سے معلوم ہوا کہ عربوں میں بھی شادی کے موقع پر مہندی ضرور لگائی جاتی ہے لیکن قاسم ابن حسنؑ کو (حنا) مہندی لگانا بھی ممکن نہ ہوا اس لیے کہ اُن کے ہاتھوں میں تو خون کی مہندی لگی تھی لہٰذا اہل ہندوستان نے اپنے ملک کی رسم کے مطابق

اس ناشاد دولھا کے عقد کی یاد میں مہندی اُٹھانے کی یادگار قائم کی اور ہے بھی یہی کہ ...... ہر ملک کی رسمیں الگ الگ ہوتی ہیں لیکن میں نے کربلائے معلّٰی عراق میں یہ خود دیکھا کہ، محرم سے عاشور تک روزانہ مہندی کے جلوس نکلتے ہیں جس طرح ہندوستان میں مختلف ناموں کی انجمنیں علم تابوت اُٹھاتی ہیں اسی طرح عراق میں ماتمی دستے جن کو عربی میں ''مرکب'' کہتے ہیں ماتم پڑھتے ہوئے نکلتے ہیں اور جس طرح ہندوستان میں کاغذ کی مہندیاں بنائی جاتی ہیں بالکل اسی طرح عراق میں جستہ وغیرہ کی مہندیاں بنی ہوتی ہیں جو طول وعرض میں یہاں کی مہندیوں سے پنج گنی زیادہ ہوتی ہیں جن میں بڑے بڑے بجلی کے بلب آویزاں ہوتے ہیں یوں تو سب ہی ماتمی دستے ۷/محرم سے کربلا میں مہندیاں اُٹھانا شروع کردیتے ہیں اور شب عاشور رات بھر یہ سلسلہ جاری رہتا ہے لیکن دستہ عباسیہ عراق کی مہندی کا جلوس بڑے تزک واحتشام سے اُٹھتا تھا میں بھی اس دستے کے ماتم میں بڑی دیر تک شریک رہا تھا اس کے علاوہ عقد جناب قاسمؑ پر حجلہ عروسی جو خیمہ گاہ سے متصل بنا ہوا ہے گواہ ہے اور میں نے کربلائے معلّٰی میں بعض اہل علم کی زبان سے سنا ہے کہ جس شخص کے یہاں اولاد نہ ہوتی ہو اور وہ حجلہ قاسمؑ میں دو۲ شمعیں روشن کرکے دعا کرے تو خداوند عالم اس کو اولاد عطا کرتا ہے۔

(چودہ ستارے صفحہ نمبر ۳۴۳ تا ۳۴۷)

لکھنؤ میں مہندی کا جلوس

(اسٹاف رپورٹر ''قومی آواز'' لکھنؤ (۱۹۷۶ء)

لکھنؤ ۳۰/اپریل۔ ایام عزا کی ولولہ انگیز سرگرمیوں کے آخری چار دنوں کے پہلے دن کل، مہندی کے تین قدیم جلوسوں نے عزاداروں کی ساری توجہ اپنی طرف کھینچ لی۔ شان وشوکت کی قدیم روایات کے برعکس اس دفعہ ہاتھیوں کی شرکت سے مہندی کے جلوس یکساں خالی رہے جب کہ لکھنؤ میں شاہی کے خاتمے کے بعد بھی حسب

علمائے عظام کے گھروں سے مہندی اور سیج برآمد ہوتی ہے

عشرۂ محرم میں ایک دن اس تقریب کے لئے مخصوص ہوتا ہے، حجلۂ عروسی (سیج) بنائی جاتی ہے یا مہندی کی شبیہ برآمد ہوتی ہے، اس میں ایران، عراق، شام، مصر، لبنان، پاکستان، ہندوستان، بنگلہ دیش، کشمیر بلکہ یورپ تک جہاں بھی شیعہ ہیں وہ کسی نہ کسی طرح سے شادی کا ذکر کرتے ہیں اور امام مسمومؑ کے لخت جگر کی حسرت آمیز شادی پر گریہ و بکا کرتے ہوئے یہ ثابت کر کے دکھاتے ہیں کہ خود کو عرب کہنے والے کس قدر گرے ہوئے لوگ تھے کہ انہوں نے ساری اسلامی اور عربی روایتوں کو توڑا ہے، محرم الحرام میں جنگ کر کے اُنہوں نے روایت عرب کو توڑا ہے کہ جسے اسلام نے بھی باقی رکھا تھا کہ امیر کائناتؑ کی جب صفین کے مقام پر جنگ ہوئی تو وہاں عین جنگ کے دن محرم کا چاند نظر آ گیا تھا تو دونوں لشکروں نے ہتھیار اتار کر رکھ لئے تھے اور پورا مہینہ وہاں قیام رکھا اور جنگ نہیں کی اور جب صفر کا چاند نظر آیا تو پھر جنگ ہوئی مگر کربلا میں یہ قانون بھی توڑا گیا۔

اور یہ رسم حجلۂ عروسی ان تمام علاقوں میں صدیوں سے رائج ہے کہ جہاں جہاں عرب سے تعلق رکھنے والے قبائل پہنچے ہیں...... آج ہم جو سیج پاک برآمد کرتے ہیں یہ اس حجلۂ عروسی (خیمۂ عروسی) کی شبیہ ہے کہ جو خیمۂ عروسی کے نام سے آج بھی کربلا میں موجود ہے۔

میرے ایک دوست اپنے ہی حوالے سے فرما رہے تھے کہ ہم نے آیت اللہ محمد شیرازی سے حجلۂ عروسی کے بارے میں سوال کیا تو اُنہوں نے فرمایا کہ وہ تو ہمارے گھر سے بھی برآمد ہوتا ہے "از خانہ ما بیرون می آید......" اسی طرح ایران میں تو بڑے بڑے علمائے عظام کے گھروں سے سیج (حجلۂ عروسی) کی شبیہ برآمد ہوتی ہے۔

خود کربلا معلیٰ (عراق) میں تو خیمۂ عروسی آج بھی موجود ہے اور اسی کی ساری منتیں

امام زمانہ نے عالم خواب میں واقعہ عروسی کو بیان کرنے کا حکم دیا

467

مطلب و مقصد پر ان چیزوں سے دلائل لاتے ہیں، یعنی ذاکرین کا اس واقعہ کو علمائے اعلام کی مجالس میں بر سر منبر پڑھنا اور ان کا انہیں نہ روکنا...... اس کو اس امر کی صداقت کی دلیل بناتے ہیں دوسری بات یہ ہے کہ شعرا نے اس روایت کو قصائد اور مرثیوں میں منظوم کیا ہے اور عوام شہزادہ پاک علیہ الصلوات والسلام کی تعزیتی مجالس کو عروسی کی تفصیل کے ساتھ قائم کرتے ہیں (یہ بھی ایک دلیل صداقت ہے)

کثیر علماء عظام نے دیکھا ہے کہ وہ عالم خواب میں امام مظلوم علیہ الصلوات والسلام کی بارگاہ قدس میں مشرف بہ زیارت ہوئے اور اس واقعہ کی تصدیق چاہی اور سرکار علیہ الصلوات والسلام نے اس کی خبر دی

(تو یہ بھی اس واقعہ کی صداقت پر ایک نا قابل تردید دلیل ہے)

صاحب اسرار الشہادہ علامہ دربندی نے ایسے رویائے صادقہ کا ذکر کیا ہے کہ جن میں واقعہ مذکور کی معصومین علیہم الصلوات والسلام کی طرف سے تصدیق و تائید ہوئی ہے

پاک و ہند کے بعض علمائے عظام کو بھی اسی طرح عالم خواب میں خود معصومین علیہ الصلوات والسلام نے اس واقعۂ عروسی کو بیان کرنے کی تاکید فرمائی جیسا کہ جناب مولوی ہدایت حسینؒ نجفی اور سید الواعظین سید آغا حسینؒ شاہ صاحب کے نام قابل ذکر ہیں

ایسی لاتعداد تائیدات و احکامات خ ... وصول ہوئی ہیں

کچھ لوگوں نے یہ کہا ہے کہ یہ خیمہ ع ... ت کی دلیل نہیں ہے


میں انہیں عرض کروں گا کہ شاہانِ ص ... رہ سے کئے ہیں

اور شاہانِ صفوی بھی عرب کی روایت ... م عرب روایات


سے کماحقہٗ واقف تھے اس لئے انہو ... وایا تھا

کیونکہ ہمارے یہاں کے عربی دان ... دیکھتے ہیں اور

عرب روایات کو بالکل جانتے تک نہی ... ح کے اعتراض



کیا کربلاء میں مہندی موجود تھی؟



مقام ہے۔ جہاں شریکۃ الحسین نے اپنی جان کو خطرے میں ڈال کر اپنے بیمار بھتیجے زین العابدینؑ کو بچانے کی کامیاب کوشش فرمائی ہے۔

معلوم ہوتا ہے کہ ابھی ان ظالموں کے ترکش ظلم و جور میں کچھ تیر باقی تھے۔ چنانچہ سب کچھ لوٹنے کے بعد خیام کو آگ لگادی: ﴿فخرجن حواسرات مسلّبات. حافیات. باکیات یسبین فی اسر الذلة﴾ بی بیاں اس حال میں باہر نکلیں کہ سر ننگے، لوٹی ہوئی، پاؤں ننگے، روتی ہوئی اور ذلت وخواری کی قید میں گرفتار تھیں۔[1] اور اس طرح ان لوگوں نے اپنی اسلام بلکہ انسان دشمنی کے جذبہ کو عریاں کردیا۔ لعنة اللّٰه علیهم اجمعین۔

امام حسینؑ کے پس ماندگان میں صرف ایک بیمار علی بن الحسینؑ، پردہ نشین خواتین اور کچھ چھوٹے بچے رہ گئے تھے۔ جو رات بھر خیموں کے جلنے کے بعد اسی کھلے ہوئے صحراء میں مقیم رہے۔[2]

ظالم جو کچھ مال و اسباب لوٹ کر لے گئے تھے اس میں کچھ زعفران، کچھ مہندی اور چند اونٹ بھی شامل تھے۔ نتیجہ یہ نکلا کہ جس نے بھی زعفران استعمال کیا اس کا بدن جل گیا، مہندی راکھ کی مانند ہوگئی اور اونٹ جس نے بھی نحر کئے دیکھا ان کا گوشت حنظل سے بھی زیادہ کڑوا ہے۔[3]

امر ششم:۔ دفن شہداء کربلاء کی تحقیق

اس بات پر قریباً سب مؤرخین کا اتفاق ہے کہ عمر بن سعد نے عصر عاشوراء کو جناب سید الشہداء کا سر مبارک خولی بن یزید اصبحی اور حمید بن مسلم کی تحویل میں، اور دوسرے شہداء کربلا کے سر ہائے مبارکہ شمر بن ذی الجوشن، قیس بن اشعث اور عمرو بن الحجاج زبیدی کی سرکردگی میں ابن زیاد کی طرف کوفہ روانہ کردیئے۔ اور خود پسر سعد گیارہ محرم کے زوال تک کربلا میں رہا۔ اس اثنا میں اپنے مقتولین کی نجس لاشوں کو اکٹھا کیا، ان پر نماز جنازہ پڑھی اور ان کی تجہیز و تکفین کا انتظام کیا۔ اور اس کام سے فارغ ہوکر جناب سید الشہداء اور ان کے اصحاب واعزہ کی مقدس لاشوں کو بلا سر اور بلا کفن و دفن کربلا کے لق ودق صحراء میں چھوڑ کر زوال آفتاب کے بعد اپنے لاؤ ولشکر اور اسارائے آل محمدؐ کے ساتھ کوفہ روانہ ہوگیا۔

اس کے روانہ ہو جانے کے بعد بنی اسد نے جو کربلا کے قریب ''غاضریہ'' نامی بستی میں فروکش تھے آئے

---

[1] عاشر بحار، ص ۲۰۶۔ نفس المہموم، ص ۱۹۹۔ تاریخ طبری، ج ۶، ص ۲۶۰۔

[2] شہید انسانیت، ص ۵۴۳۔

[3] خصائص کبریٰ، ج ۲، ص ۱۹۲۔ تاریخ ابن عساکر، ج ۴، ص ۳۳۹۔ مقتل الحسین خوارزمی، ج ۲، ص ۹۰ وغیرہ۔

مہندی پر اصل کا اطلاق ہوتا ہے

باب ہشتم:


شبیہات کا احترام

شبیہات مقدسہ، ذوالجناح، علم، تعزیہ گہوارہ، مہندی، تابوت یہ تمام شبیہات مقدسہ، شدت گریہ اور مصائب شہداء کی یادگار اور اسباب ماتم ہیں، ہر ایک پر یہ حقیقت واضح ہونی چاہیے کہ نقل پر اصل کے احکامات صادر ہوتے ہیں۔


☆...... بیت المعمور کی شبیہہ کعبہ ہے اور کعبہ کی شبیہہ مساجد ہیں جس طرح کعبہ میں نجس حالت میں داخلہ حرام ہے اسی طرح مساجد میں نجس کا داخلہ حرام ہے۔ پس امام بارگاہ حرم ائمہؑ کی شبیہہ ہے لہٰذا حرم کے احکامات جاری ہوں گے۔

☆......حجاج کرام مکہ میں رمی الجمرات کرتے ہیں کہ وہاں شیطان ہیں۔ وہاں تین ستون بنائے گئے ہیں ان کو پتھر کنکریاں مارنا گویا شیطان کو ہی پتھر و کنکریاں مارنا ہے لہٰذا تابوت تعزیہ، ذوالجناح گہوارہ، علم، مہندی تبرکات مقدسہ ہیں ان پر اصل کا اطلاق ہوتا ہے۔ صاحب ایمان کا وظیفہ ایمانی یہ ہے کہ وہ یقین رکھے کہ ذوالجناح میرے سردار مظلوم کربلا کی سواری ہے یہ وہی رہوار ہے جس سے مخدرات عصمت نے لپٹ کر ماتم کیا ہے۔

یہ علمُ تاجدار وفاء کا علم ہے اس پر لگا ہوا عکس دست مقدس ہم پر حضرت ابوالفضل العباس علیہ السلام کا دست شفقت ہے۔ لہٰذا پورے احترام اخلاص سے ان تبرکات مقدسہ سے فیض یاب ہوں اور پرسہ دیں۔ اپنی جائز حاجات طلب کریں کسی مومن پر ظلم کی درخواست نہ کریں۔ اپنی حاجات طلب کریں انشاء اللہ لا متناھی صوری ومعنوی فیض حاصل ہوں گے۔



قاسم کی مہندی شعائر اللہ ہے



میں منسلک کر دینا حکمت کا عین تقاضہ تھا جو اُس وقت اضطرار میں ممکن ہو سکتا تھا۔

7 محرم کی شب اور جناب قاسم بن حسنؑ کی یادگار یا رسم مہندی

یادگار ماتم کرنے اور یاد منانے کے کچھ لوازمات ہوتے ہیں مثلاً ذوالجناح جو عاشورہ کے دن بنایا جاتا ہے وہ امام حسین علیہ السلام کا گھوڑا مرتجز یا دلدل تو نہیں ہوتا اس کی شبیہہ بنائی جاتی ہے اور اس کا احترام حسین علیہ السلام کی نسبت سے ہوتا ہے اور راہِ خُدا میں قربانی اور پیاس کی یادگار کے لوازمات مثل صفا و مروہ کے اور مثل ھدی و قلادہ کے من شعائر اللہ ہوتے ہیں جن کی تعظیم کا حکم ہے اور شعائر اللہ کی تعظیم دلوں کے لئے تقویٰ کا باعث ہے۔

وَمَنْ يُّعَظِّمْ شَعَآئِرَ اللّٰهِ فَاِنَّهَا مِنْ تَقْوَى الْقُلُوْبِ۔ (پارہ 17، سورہ الحج، آیت ۳۲)

اور جو اللہ کی (راہ میں قربانیوں کی) یادگار و نشانیوں کی تعظیم کرے گا تو بہ تحقیق یہ فعل دلوں کی پرہیزگاری کا باعث ہوگا۔

یہی حال تابوت، ضریح و روضہ اور علم اور حضرت علی اصغر علیہ السلام کے جھولے کا ہے کہ یہ سب لوازمات یادگار قائم کرنے کا ذریعہ ہیں اور ذبیح راہِ خُدا کی نسبت سے قابلِ تعظیم ہیں۔

عرب میں مہندی کا رواج تھا یا نہیں اور محرم کی ساتویں شب کو اس کا اہتمام کیا گیا تھا یا نہیں ان سب باتوں سے قطع نظر سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اس کالوازمہ کا اہتمام اَب جو کیا جاتا ہے اس کی نسبت کس سے ہے؟

اگر اللہ کی راہ میں ذبح ہونے والے سے ہے تو اس کی یادگار کے لوازمات من شعائر اللہ اور لائق تعظیم ہیں اور مستحسن ہیں معیوب نہیں ہو سکتے۔ مقصرین کے اذہان کی غلاظت شعائر اللہ کا کچھ نہیں بگاڑ سکتی مقصرین کی منافقت اور بغض کی نشانی ظاہر کر سکتی ہے۔

جناب قاسمؑ کربلا کے دُولہا کے متعلق کئی تعبیرات بیان ہوتی ہیں

1۔ یہ کہ امام حسن علیہ السلام نے امام حُسین علیہ السلام سے اِس خواہش کا اظہار فرمایا تھا کہ جناب قاسمؑ کو اپنی دامادی کا شرف بخشیں جس کا موقع آنے سے پہلے سانحہ کربلا آ گیا اور امام حسین علیہ السلام نے ساتویں شب محرم اس پر عملدرآمد فرمایا۔

2۔ ساتویں شب کو خیام میں پانی موجود تھا۔ غسل وغیرہ کے لئے پانی کی قطعی بندش سات تاریخ یعنی سات محرم کے دن

داماد اور دولہا کا غم اور بیٹی کے بیوہ ہونے کا غم

ہوئی ہے اور آٹھویں شب میں جناب علمدارِ حسینؑ حضرت عباسؑ معہ تین اشخاص کے فرات سے پانی لیکر آئے اور آٹھویں کی صبح سے قحط آب اور پیاس کا دور شروع ہوا، اور آٹھ ونو دس محرم کے تین دن پیاس کے مشہور ہیں۔

3۔ یہ ساتویں شب محرم میں جناب قاسمؑ بن حسن علیہ السلام کی شادی دخترِ حسین فاطمہؑ کبریٰ سے بحالت اضطرار اور حکمتِ امام کی آئینہ دار ہے جو سنت نہیں کہ شہادت حسین علیہ السلام کے بعد پھر کسی محرم میں یا ساتویں شب میں اس کی نقل کرنے کا جواز حاصل ہو سکے۔ جیسا کہ کراچی کے 2 بلتستانی مقصرین ملاؤں نے اس پر عمل کر کے یعنی ایک نے اپنے بیٹے اور دوسرے نے اپنی بیٹی کا نکاح سات محرم کو کر کے اور محرم میں خوشی کا اظہار کر کے یزیدیت کا اظہار وارتکاب کیا ہے جب کہ امام باڑوں (امام کے گھروں) میں امام حسینؑ کا ماتم و مجلس اور رونے و نوحہ کرنے کے ایام و انتظامات تھے اور اللہ ظالموں کی نسل قطع کرنے والا ہے۔

یہ مقصرین وہی ہیں جو اپنی خرد ماغی کی وجہ سے اس امام حسینؑ کی حکمتِ عظیم کے منکر ہیں۔

4۔ 1970ء کے محرم میں میں نے خیامِ حسین علیہ السلام کی زیارت کی تو ایک خیمہ سب خیام سے کچھ مزین سا پا کر پوچھا کہ یہ خیمہ کس کا ہے ؟ ایک شخص نے کہا کربلا کے دولہا جناب قاسمؑ کا حجرہ عروسی ہے یہ میرا راقم الحروف کا چشم دید واقعہ 1970ء کا ہے جب مجتہد اعلم محسن الحکیم زندہ تھے اور علیل تھے۔

داماد اور دولہا کا غم اور بیٹی کے بیوہ ہونے کا غم

5۔ امام حسین علیہ السلام کے واقعات میں غم و آلام کا ایک ایسا سمندر موجود ہے کہ جس میں ہر قسم کے مغموم انسان کے لئے صبر و شکر کی مثال موجود ہے اگر جناب قاسمؑ کی شادی ان واقعات میں نہ ہوتو (1)۔ داماد کے اور (2)۔ نوعروس کے اور (3)۔ بیٹی کے بیوہ ہونے کے غم کے لئے اور کوئی مثال و نمونہ عمل برائے صبر و شکر موجود نہیں۔

مقصود بیان

مقصود بیان یہ ہے کہ منافقین اور مقصرین کی بکواسوں کی پرواہ کیے بغیر مومنین جس جس عنوانِ مستحسن سے امام حسین علیہ السلام اور اُن کے جاں نثاروں کی یادگار مناتے ہیں ضرور مناتے رہیں انشاء اللہ وہ ماجور ہوں گے انما

الاعمال بالنیات اعمال کا انحصار نیتوں پر ہوتا ہے۔

اگر مقصرین کی بکواسوں اور تفسیر بالرائے پر عمل کیا جائے تو مجلس ونوحہ و ماتم وعلم و ذوالجناح و تابوت و شبیہات و امام باڑے سب ختم ہو جائیں گے یہ وہ لوگ ہیں جن لوگوں کے دلوں نے امام حسین علیہ السلام کی محبت وعظمت کو قبول ہی نہیں کیا اور بعض ان کے لباس سے متاثر ہو کر ان کے ہمنوا ہو گئے ہیں اور اگر وہ علماء کے لباس میں نظر آئیں تو انھیں علمائے یہود کی طرح کالحمار سمجھنا چاہیے دراصل وہ عزاداری امام مظلوم کے دشمن ہیں اور ان کے دلوں کی مشابہت منافقین کے دلوں سے ہے اس لئے ان کے ہم قول ہیں۔

كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّثْلَ قَوْلِهِمْ ؕ تَشَابَهَتْ قُلُوْبُهُمْ ؕ

(پارہ 1، سورہ البقرہ، آیت ۱۱۸)


اسی طرح کی باتیں وہ (بنی اُمیہ) کر چکے ہیں جو ان سے پہلے (ہو گزرے) ہیں ان سب کے دل ایک دوسرے سے مشابہت (یکسانگی) رکھتے ہیں۔

بق۔

مقصرین بنی اُمیہ کی طرح حسین علیہ السلام کے ذکر اور یادگار کے دشمن ہیں اور منافقین بھی بنی اُمیہ کی طرح دھوکہ دیتے ہیں اپنے لباس اور ظاہری عمل سے۔

9 محرم کی شب اور امام حُسین علیہ السلام کی تین شرائط بغرض دفع جنگ دین اسلام امن وسلامتی کا دین ہے جنگ و ... کا دین نہیں ہے اس میں ہر ممکن کوشش کی جاتی ہے کہ جنگ واقع نہ ہو اور امن وسلامتی قائم رہ کر اگر اللہ کے احکام پر عمل ... ہے تو جنگ نہ کی جائے البتہ اگر کوئی راستہ ماسوا جنگ کے باقی نہ رہے تو جنگ بغرض دفعِ شر کی جاتی ہے اور پھر مقابلہ ... سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح ثابت قدم رہنا ضروری ہے اور پیٹھ پھیر کر بھاگنا حرام ہے اور جہنم کی اس پر وعید ہے ... اسلام بدنام اور رسوا نہ ہو شجاعت صفتِ احسن ہے اور بزدلی صفتِ رذیلہ ہے اور انجام قتل یا زندگی دونوں صورتوں میں ... ہو سکتا ہے جس کی حکمت کو سمجھنا آسان نہیں ہے۔

آیت اللہ تقی بہجت کے نزدیک شہزادہ قاسم کی شادی



جو لوگ شہزادہ قاسم کی مہندی کے خلاف زبان درازی کرتے ہیں کہ یہ کربلاء میں نہیں تھی، اگر کربلاء میں نہ بھی ہو تب بھی قاسم کی مہندی کے جلوس نکالنا جائز ہے صرف جائز ہی نہیں بلکہ قاسم کی مہندی شعائر اللہ ہے ، کیونکہ مہندی دیکھ کر مولا حسین کے مصائب یاد آتے ہیں شہزادہ قاسم کے مصائب یاد آتے ہیں ، اور مزید اسی کتاب میں اسی امر کے متعلق آغا محمد تقی بہجت سے سوال کیا گیا ----

ملاحظہ فرمائیں ---!

امام حسینؑ کی خاک کا حکم ہے۔

جواب: گمان یہ ہے کہ رسول اکرمؐ اور دیگر آئمہؑ کی قبروں کی خاک کا بھی یہی حکم ہے جو مولا حسین ع کی قبر کی خاک کا حکم ہے۔ اگرچہ زیادہ احتیاط اس میں ہے کہ پانی میں ملا کر پی جائے تا کہ خاک پانی میں حل کر ختم ہو جائے۔

سوال: کیا خواتین حیض کی حالت میں زیارت عاشورہ پڑھ سکتی ہیں؟

جواب: ہاں پڑھ سکتی ہیں مگر نماز زیارت نہیں پڑھ سکتیں۔

سوال: امام حسینؑ کی عزاداری کے مراسم جنہیں شعائر حسینی کہا جاتا ہے۔ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ یہ شعائر آئمہؑ کے زمانے میں نہیں تھے۔ اس لیے یہ جائز نہیں ہیں آپ کی نظر میں کیا حکم ہے؟

جواب: جو چیز بھی مولا حسینؑ کے مصائب کو یاد کرنے کا سبب بنتی ہے۔ وہ شعائر الٰہی میں سے ہے اور جب تک ان شعائر کے ساتھ بذات خود حرام فعل انجام نہ پائے تو خدا تعالیٰ اور اس کے رسولؐ کے نزدیک پسندیدہ فعل ہے اور یہ چیز روایات اور اہل حق کی سیرت کے ساتھ ثابت ہے اور اگر جاہلوں اور دشمنوں کے نزدیک ثابت نہیں تو فرق نہیں پڑتا۔

یہی دلیل باقی معصومینؑ کے مصائب اور مراسم عزاداری کے لیے بھی جاری ہو گی۔ جس طرح ان حضرات کے ایام ولادت پر جشن کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ ایام شہادت میں مصائب کو ذکر کرنا اور عزاداری برپا کرنا بھی اسی طرح ہے۔ ان دونوں میں کوئی فرق نہیں ہے۔

سوال: اگر مراسم عزاداری اور مصائب امام حسینؑ میں سینہ زنی اور زیادہ گریہ کرنے کی وجہ سے ضرر کا باعث بنے تو آپ کی نظر میں کیا حکم ہے؟

جواب: اگر سینہ زنی اور گریہ بیماری کا باعث نہ بنے تو جائز ہے۔ اسی طرح دشمنوں سے بچنے کے لیے واجب تقیہ کی مخالفت نہ ہو تو بھی جائز ہے۔ بلکہ یہ عمل مستحب ہے۔ کیونکہ ان مراسم عزاداری میں سینہ زنی اور گریہ درحقیقت ان لوگوں کے عمل

جواب: ایسے کام کہ جن کہ انجام دینے سے مسجد کی بے حرمتی ہو حرام ہے بلکہ گناہ بھی ہو گا۔

سوال: اہل بیتؑ کے لیے مجلس عزا برپا کرنا زیادہ بہتر ہے یا شہادت کے واقعہ کی شبیہ بنانا؟

جواب: ممکن ہے مجلس عزا برپا کرنا معین ہے یعنی یہی بہتر ہے۔

سوال: ایسے واقعات کی شبیہ بنانا اور تفریبہ بنیاد کرنا جن کی سند معتبر نہیں ہے۔ جیسے کہ حضرت قاسم کی شادی کا واقعہ کا کیا حکم ہے؟

جواب: اگر معلوم ہو کہ بعض تاریخوں اور روایات میں واقعہ نقل ہے تو کوئی حرج نہیں ہے۔

سوال: تلوار اور چھری، چاقو وغیرہ سے ماتم کرنے کا کیا حکم ہے؟

جواب: اگر خود کو یا دوسروں کو نقصان نہ ہو تو کوئی حرج نہیں۔


سوال: تلوار اور چاقو، چھری وغیرہ سے عاشور کے دن یا اس کے علاوہ دنوں میں امام حسین علیہ السلام اور آپ کی اولاد و اصحاب کے ساتھ محبت کا اظہار کرتے ہوئے ماتم کرنے کا کیا حکم ہے؟

جواب: بسمہ تعالیٰ۔ اگر ضرر و نقصان کا باعث نہ بنے تو کربلا کے مظلوموں کی مصیبت کے اظہار میں ہمدردی کرتے ہوئے ایسا ماتم جائز ہے۔ ہاں یہ شرط ہے کہ ایسے ماتم اور عزاداری کے لیے کوئی قبیح یا حرام عنوان پیدا نہ ہو ورنہ جائز نہ ہو گا۔

سوال: کچھ شیعہ حضرات اہل بیتؑ کی عزاداری میں اور خاص طور پر سید الشہداؑ کی عزاداری میں سینہ زنی کرتے ہیں اور منہ کو نوچ لیتے ہیں۔ جس سے جسم پر نیل پڑ جاتے ہیں اور خون جاری ہو جاتا ہے۔ اس کا شرعی حکم کیا ہے؟

جواب: ایسا کرنا اگر عزاداری کے ساتھ مناسب ہو اور انسان بیمار بھی نہ ہو تو کوئی حرج نہیں ہے؟

سوال: ایسے اجتماع میں شرکت کرنا جس کے بارے میں گمان ہو کہ وہ ریاکاری کر رہے



(آیۃ

اگر ... کاسبب نہ بنے پھر بھی یہ

عمل

... کتے ہیں؟

(آیۃ

عزا ... خیال رکھا جائے کہ اس طرح

نہ ہو ... میں مشکل میں گرفتار

ہو جا ... استعمال ہوتی ہیں ان کو

مسجد

- ان چیزوں کی تعزیہ اور شبیہ خوانی (جیسے ٦ محرم کو قاصد آتا ہے) کہ جن کی کوئی معتبر سند نہیں ملتی جیسے جناب قاسم ابن حسن علیہما السلام کی شادی تو اس کا کیا حکم ہے؟

(آیۃ اللہ تقی بہجت قدس سرہ):

اگر اس چیز کا علم ہو کہ بعض تاریخوں میں اور روایات میں یہ بات نقل ہوئی ہے تو کوئی اشکال نہیں۔

عقدِ قاسم کا ذکر معتبر

کتب میں موجود ہے

کئے ۔۔ آپ ۔۔۔ ۔۔ ربلاکی عظیم قربانیوں کی عظمت سے انکار نہیں ہے لیکن بنی ہاشم کی قربانی کے مقابل میں کوئی قر۔۔۔ نہیں آسکتی۔

ایک دولھا ہے جو یتیم نہیں، ایک یتیم ہے جو دولھا نہیں، مگر قاسمؑ یتیم بھی ہے اور دولھا بھی ہے دونوں پہلو جمع ہوگئے۔ جب امام حسنؑ کا انتقال ہوا ہے، شہید ہوئے ہیں تو قاسمؑ کی عمر تین سال کی تھی، بچّہ رو رہا تھا، بلایا اپنے پاس، کہا بیٹا نہ رو۔ نہ رو۔ کہا بابا میں یتیم ہو رہا ہوں کیسے نہ روؤں۔ کہا نہیں، آج سے حسینؑ کو اپنا باپ سمجھنا، آؤ بیٹا گھبراؤ نہیں میرے پاس آؤ۔ دیکھو تم کو یہ ڈر لگ رہا ہوگا کہ کوئی سخت وقت تم پر پڑے گا تو کیا ہوگا؟ دیکھو میں ایک تعویذ تمھارے بازو پر باندھے دیتا ہوں تم پر جب کوئی سخت وقت پڑے تو اسے کھول کر دیکھ لینا مشکل تمھاری حل ہو جائے گی۔ بچّے کے بازو پر تعویذ بندھ گیا۔ حسنؑ دُنیا سے رخصت ہوگئے۔ حسینؑ کربلا کے میدان میں آگئے اور کربلا میں عاشور کا دن آگیا اور ایک کے بعد ایک شہید کی لاش آتی رہی اور گنجِ شہیداں تعمیر ہوتا رہا۔ اُدھر روایت بتاتی ہے کہ

حقیقت دین


(سائنس اورغلبہ اسلام)

از

مولانا سید کلب صادق صاحب قبلہ

چچا، باباکی تحریر۔ حسینؑ نے وہ تحریر لی، آنکھوں سے لگائی وہ تحریر، سر پر رکھی اس کے بعد پڑھا تو

2



ابوالفضل العباس علیہ السلام
سوانح حیات حضرتِ عباسؑ دلاور
العبدُ الصالح
زُبدۃ العلماء
مولانا سیّد آغا مہدی لکھنوی
ترتیب وپیشکش
سید ارتضیٰ عباس نقوی

علامہ سید مہدی لکھنوی جو کہ علمائے لکھنؤ میں سے مشہور ترین عالم دین گزرے ہیں واضح طور پر اپنی کتاب العبد الصالح میں شہزادہ قاسم کے عقد کا ذکر کرتے ہیں، اور صرف اتنا ہی نہیں بلکہ مہدی لکھنوی صاحب نے شہزادہ قاسم کی شادی (عقد) کو ثابت کرنے کے لیے الگ سے کتاب تحریر کی ہے جس کا نام عبائر الانوار رکھا ہے، ہم یہاں اس کتاب کا مختصر حصہ آپ کے سامنے پیش کر رہے ہیں ملاحظہ فرمائیں

امام کا عباسؑ کی شجاعت وقوت پر کہ اُن بہادروں کی امداد کے لئے جو دشمن میں گھرے ہوئے تھے، اپنے ایک اکیلے عباسؑ کو بھیج دیا، پھر عباسؑ کی شجاعت وجرات اور فنِ جنگ میں مہارت دیکھیے کہ فتح مند لشکر کے ہاتھوں سے حلقہ میں گھرے ہوئے زخمی بہادروں کو نکالتے ہیں اور اُنہیں محفوظ طریقے سے اپنے ساتھ لے کر روانہ ہوتے ہیں لیکن کسی طرح یہ ثابت نہیں ہوتا کہ اس حملہ میں آپ کو کوئی زخم لگا ہو اور کسی طرح کا بھی گزند پہنچا ہو۔

عقدِ قاسمؑ میں شرکت

صبحِ عاشور سے وقتِ شہادت تک جن مقامات پر آپ کا ذکر آتا ہے اُن میں رخصت شہزادہ قاسم میں روات تزویجِ قاسمؑ کا یہ جز بڑا نمایاں ہے۔ پھر عونؑ و عباسؑ کو طلب کیا۔ دو ممتاز بھائیوں کی معیت جس کا ذکر کئی کئی حوالوں سے سوانح عون میں ہو چکا ہے، مشعر ہے کہ فرزندِ رسولؐ الثقلین نے شاید ایجاب وقبول کا عہدہ دیا ہو اور دونوں بھائیوں نے ہی عقد پڑھ کر نکاح خوانی کا فرض ادا کیا ہو اور وصیتِ امام حسنؑ یوں پوری ہوئی، رجال میں حضرت عباسؑ کے لئے از جملہ فقہاء ہونا اور زیارتوں میں ''ربانی'' کی لفظ اس انتخاب میں صحیح انتخاب کا پتہ دیتا ہے، خاندان میں یہ سنت قرار پا چکی ہے کہ چچا عقد پڑھتا ہے، حضور ختمی مرتبت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا خطبہ نکاح ابو طالبؑ نے پڑھا، پیغمبرؐ کی یہ سیرت وہاں دلیلِ ایمان تھی اور یہاں دلیل فضل وشرف ہے، خدمات شرعیہ میں تقدیم اورع واعلم ہر محل پر عقلی ہے، سرکار حسینی سے بھائیوں کی عزت افزائی اور منصب میں اُن کے اہل ہونے کی اطلاع وہ پیغام ہے جس کو شریعت کے دلدادہ کبھی فراموش نہ کریں گے۔

آخری نصیحت میں کوششِ بلیغ

میدانِ جنگ اور ریگزارِ عرب کی تپتی ہوئی زمین پر ہندوستان کی یاد

عام انسان ایک دشمن کے مقابلہ میں گھبرا جاتے ہیں، کمزور دل کے اصحاب خون کی

قُلْ ما انتم امثلکم الّذی کانوا صادقین

جمعیت خدام عزا لکھنؤ کا بارھواں قلمی جہاد

بسلسلۂ سوانح حیات شہدائے کربلا رضوان اللہ علیہم اجمعین

عبائر الانوار

اثبات عروسی حضرت قاسم بن حسن سلام اللہ علیہ آناء اللیل و اطراف النہار

مؤلفہ

لسان الملۃ والدین زبدۃ العلماء مولانا السید آغا مہدی صاحب قبلہ لکھنوی

مؤلف "شاہزادہ علی اصغر"، "تذکرۃ الحیوان" وغیرہ

در مطبع سرفراز قومی پریس لکھنؤ طبع شد

ملنے کا پتہ مولوی سید ہادی سکریٹری جمعیت خدام عزا چوک مسجد تحسین علیخاں لکھنؤ

محصول ڈاک ۲/

فہرست مضامین کتاب ہذا

اجال نیست و کتاب الاربعین بالجملہ شیخ مذکور از فاضل عالم شیخ محمد بن جابر نجفی روایت دارد واو بواسطہ شیخ محمود ابن حسام الدین جزائری از شیخ بہاؤالدین عاملی علیہ الرحمہ روایت داشتہ و علامہ سید ہاشم بحرانی مولف غایۃ المرام از شیخ فخر الدین مذکور روایت دارد و ایضاً در رسالہ مزبورہ آوردہ کہ شیخ فخر الدین مذکور از سید جلیل القدر میر شرف الدین کہ شاگرد مرزا محمد استرآبادی بود روایت دارد و شیخ فخر الدین را پسرے بود صفی الدین کہ فاضل و عالم و صاحب تالیف و تصانیف و از مشائخ اجازہ است وے از پدر خود شیخ فخر الدین روایت دارد و مولف گوید کہ کتاب المراثی والخطب کہ در ذیل تصانیف شیخ مزبور مذکور شد بغایت اشتہار دارد و کتاب مذکور مشتمل بر مجالس تذکرہ مصائب حضرات اہل البیت علیہم الصلوٰۃ والسلام و قصائد و مراثی حضرت امام حسینؑ از منظومات شعرائے عرب است و معروف و مشہور بہ بیاض فخری است لکن نسخہائے آن در ترتیب زیادت و نقصان و امثال آن با یکدیگر مطابقت ندارد و صاحب تذکرۃ العلماء آوردہ کہ بر پشت بعض نسخ مجمع البحرین مکتوب یافتہ شد کہ وفاتش در سنہ یکہزار و ہشتاد و ہفت ہجری واقع شد و تاریخ آن درین آیہ کریمہ یافتہ اند و یطوف علیہم ولدان مخلدون و تاریخ دیگر و بخلفہ بعدہ صفی الدین است و ایضاً آوردہ کہ تاریخ تصنیف کتاب مجمع البحرین کہ در آخرش مکتوب ست سنہ یکہزار و ہفتاد و نہ ہجری است **اقول** علامہ طریحی کی اثبات جلالت قدر میں جو جو عبارتیں ہمنے علماء کی پیش کی ہیں اُن میں یہ وہ عبارت ہے جو پہلی عبارتوں کے مطالب کو لیے ہوے مثل اور ارباب رجال کے ان کی شان میں وہی فقرات پیش کرچکی ہے جو ان کی جلالت قدر و علو مرتبت کے اثبات میں کافی و وافی ہیں اور انکے نزدیک بھی یہ جناب مشاہیر علماے محدثین و متبحرین و کملاء دہر میں تھے اور انکی کتاب اس قابل تھی کہ خصوصیت کے ساتھ اُسکے ذکر پر مجبور ہوے اور فرمایا کہ کتاب المراثی والخطب کہ در ذیل تصانیف شیخ مزبور مذکور شد بغایت اشتہار دارد" اور یہ ایک طے شدہ بات ہے کہ منتخب اپنے رنگ کی پہلی کتاب ہے اور کتب مقاتل میں سب سے زیادہ مشہور و معتبر سمجھی جاتی ہے آٹھوین بزرگوار جنھوں نے علامہ طریحی کی مدح کی ہے وہ جناب مولانا السید حسن صدر دام بقاؤہ ہیں اپنی کتاب عیون الرجال مطبوعہ تصویر عالم لکھنؤ صفحہ ۱۳۴ مین تحریر فرماتے ہین الشیخ الزاھد العابد الفاضل المتبحر الجلیل الشیخ فخر الدین الطریحی صاحب مجمع البحرین ۱ **قول** اس عبارت میں بھی صاحب عیون الرجال نے طریحی رحمہ اللہ کو ایک متبحر اور جلیل عالم فرمایا ہے اور ان تمام عبارتوں سے جو یہاں تک ناظرین کے سامنے پیش کی گئیں یہ کہنا چاہیے کہ ہر ہر فقرہ سے صاحب منتخب کی جلالت ٹپکتی ہے اور یہ معلوم ہوتا ہے کہ

جنکے قلم سے ہمنے بحمد اللہ روایت عقد قاسم کو ثابت کردیا اب تیسرے بزرگوار ملا حسین واعظ کی دو عبارتیں پیش کیجاتی ہین جسکے ہر ہر فقرہ کو بغور پڑھنے کے بعد یہ فیصلہ کیا جاسکتا ہے کہ ان کی شان مین مغفل اور عامی کہنا کہانتک درست ہے یہ مانی ہوئی بات ہے کہ کوئی دعوی بغیر دلیل کے عند العقلا قبول نہین ہوسکتا کوئی وجہ نہین کہ ہم صاحب روضۃ الشہدا کی اُن تحریرون کو جو عقد ثابت کرنے والے ہین داستان یا بے سر و پا حکایت کہین اور اصلیت پر پردہ ڈال دین یہ اصحاب بصیرت کا شیوہ نہین ہے من کان فی ھذہ اعمی فھو فی الاخرۃ اعمی واضل سبیلا پہلی عبارت صاحب روضۃ الشہدا کی ملاحظہ ہو کتاب مذکور مطبوعہ نولکشور احوال امام حسنؑ صفحہ ۱۰۷ مین پس امام حسینؑ را آواز داد و ہمہ فرزندان و برادران را طلبید و بتقوی و طاعت وصیت فرمود و نقلے ہست کہ ام کلثوم را گفت اے خواہر ناموس ما رسن یادگار ما در بزرگوار من فرزندم قاسم را حاضر گردان ام کلثوم بفرمود تا قاسم را آوردند امام حسنؑ اورا در بر گرفت و روبروے وے نہادہ بہاے ہاے بگریست بعد ازان دست قاسم بگرفت و بدست امام حسینؑ داد و گفت اے برادر فلانہ دختر ترا نامزد پسر خود قاسم کردم چون وقت آید بوے سپاری واز وے نظر پدری و شفقت باز نداری دوسری عبارت صفحہ ۳۰۵ مین ملاحظہ ہو راوی گوید کہ چون قاسم بن الحسنؑ چہرہ برادر خود را کہ گل بوستان ناز بود بخار آن حادثہ جان گداز خراشیدہ دید آہ از نہاد او برآمدہ پیش عم بزرگوار خود آمد گریبان و دل بر آتش حسرت بریان و گفت اے شاہزادۂ دو جہان مراد یگر قوت مفارقت اقارب نماندہ و زمانہ ادسر یر عمر در و بجسم بر خاک اندوہ و مصیبت نشاندہ دستوری دہ تاکینہ برادر باز جویم و سوال اہل ضلال را بہ تیغ زبان و زبان تیغ و سنان جواب گویم امام حسینؑ گفت ای جان عم تو مرا از برادر یادگارے و درین صحرا انیس دل افگارے من ترا چگونہ اجازت دہم و داغ فراق تو بر سینۂ پر غم نہم مادر قاسم نیز از خیمہ بیرون دوید و دامن قاسم بر دست پیچیدہ فریاد برکشید

بیت اے بدلم گرفتہ جا لطف کن از نظر مرو ۔ مرہم سینہ چون توئی مرہم دیدہ ہم تو شو القصہ قاسم اجازت حرب نیافت و برادران امام حسینؑ تہیہ محاربہ می کردند قاسم بخیمہ در آمد سر بزانوے اندوہ نہادہ ناگاہ یادش آمد کہ پدر تعویذے بر بازوے وے بستہ بود فرمودہ کہ در مجلسیکہ اندوہ بسیار و ملال بیشمار بر تو غلبہ کند این تعویذ را باز کن و برخوان و بدانچہ در انجا نوشتہ است کار کن قاسم با خود گفت کہ تا من بودہ ام مرا حالتے چنین نیفتادہ و بدینسان ملالتے دست ندادہ بیا تا تعویذ را از بازو باز کردہ بکشادہ دید کہ امام حسنؑ بخط مبارک خود نوشتہ است اے قاسم وصیت می کنم ترا کہ چون برادرم و عمت حسینؑ را بینی در کربلا بدست شامیان بردغا و کوفیان بے وفا گرفتار شدہ زینہار کہ سر خود در قدم وے اندازی و جان خود را براے وے روان دربازی

روضۃ الشہداء کی اغلاط عقد قاسم بن حسن بجل تحریر

داز جملہ مناظرات شہید ثالث آنکہ در دار السلطنۃ قزوین شخصے صاحب ثروت وفات یافت و
دولت وافر بگذاشت و وارث او منحصر بدختر کبیرہ بود شخصے دیگر برائے طمع در آن مال آن دختر را برائے
پسر صغیر خود بعقد انقطاع در آورد وچون مدتے درگذشت دختر بجہۃ کبر وصغر صبر نتوانست
نمود مبلغے جزیل بذل می نمود کہ مدت انقطاع او را بذل نمایند واو از دیگرے ازدواج کند شہید
ثالث گفت کہ بذل ولی مدت انقطاع را جائز نیست بلکہ لازم است کہ صبر نماید تا زوج او بلوغ
برسد آن دختر مبلغ چہار صد تومان برائے بذل ہمی نمود کہ فتوی دہد بر جواز بذل ولی اجل متعہ را
مرحوم حاجی ملا عبد الوہاب فتوی بر جواز داد وعلمائے قزوین او را متابعت نمودند مگر حاجی
ملا صالح کہ متابعت برادرش ہمی نمود بدفعات مجالس مناظرہ آراستند وعلما را خواستند وبا شہید
در مقام مکالمہ ومجادلہ ومقاولہ ومناظرہ ومشاجرہ ومباحثہ آمدند وعلماء آن دیار قوت مقاومہ
ومغالبہ بر شہید نداشتند کار بطول انجامید تا اینکہ بعلمائے امصار استفسار نمودند ہمہ با حاجی
ملا عبد الوہاب موافقت کردند واز مرحوم حجۃ الاسلام حاجی سید محمد باقر رضی اللہ عنہ در اصفہان
در ... با آنحضرت التماس کرد که اذن دهد در ... حضرت اجازه نداد ...
دیگر ... عرض کرد ... تو ...
... شهربانو ... که زن محمد ... بکر ... اول ... حضرت امام
زین العابدین ... از دنیا رفت و آن ... با یک دختر دیگر که زن عبدالله ... بود
دو دختر ... چون حضرت ... شهربانو ... فاطمه که عروس قاسم بود ... ملقب
... بود ... ذوالجناح ... و هر وقت ...

آستان قدس
کتابخانه مرکزی آستان قدس رضوی
۱۳۸۵/۷/۲۲
نام کتاب
مؤلف متن
محشی
شارح
مترجم
تاریخ تحریر
نوع خط
تعداد سطر ۲۱
جزء کتب
زبان
عدد اوراق ۱۸۹
طول ۲۹ عرض ۱۷/۵ شماره عمومی ۲۷۰۶۶
وقفی
خریداری
تاریخ وقف خریداری
ملاحظات
۱۳۷۱ ش

ترجمہ ، قاسمؑ نے امام حسینؑ کو اپنے باباؑ کا وہ خط دکھایا، جب امام حسینؑ نے اسے دیکھا تو فرمایا: ہمارےؑ پاس بھی (آپؑ کے باباؑ کی) ایک وصیت ہے کہ اپنی بیٹی کا عقد آپ سے کر دیں، پس زینبؑ، ام کلثومؑ، جناب قاسمؑ کی والدہ اور باقی خواتین نے گریہ و زاری شروع کر دی کہ یہ کیسی شادی ہے؟ وہ گریہ کرتے ہوئے فرما رہی کہ یہ خوشی کا کون سا وقت ہے؟

مظلوموں کے امامؑ فرما رہے تھے کہ ہمیںؑ اپنے بھائی کی وصیت پر عمل کرنا ہی ہوگا، اس کے بعد انہوں نے فاطمہؑ کا نکاح قاسمؑ سے مہرِ شہادت کے بدلے میں کر دیا، لبوں پر موتیوں (آنسوؤں) کے سوا کچھ نہ رہا اور دل سے غمگین آوازیں بلند ہونے لگیں کیونکہ دشمن سامنے آ چکا تھا، قاسمؑ نے دلہن کا ہاتھ چھوڑا اور فرمایا: دشمن انتظار کر رہے ہیں ۔۔۔۔الخ

دلہن نے فرمایا کہ یہ دلہن اس مکار (دنیا) کے لائق نہیں تھی، بلکہ یہ بے کس قاسمؑ کے لیے تھی ۔۔۔۔الخ ۔۔۔۔


دلہن نے اپنی آستین سے آنسو پونچھے اور اپنی تنہائی پر اس دِریتیم (قاسمؑ) کے لیے گریہ کیا، وہ اپنے شوہر کے گرد پروانے کی طرح گھوم رہی تھیں ۔۔۔

15

وفضّها ونظر الى كتابتها واذا فيها يا ولدي يا قاسم اوصيك انك اذا
رايت عمك الحسين في كربلاء قد احاطت به الاعداء فلا تترك البراز
والجهاد لاعداء الله واعداء رسول الله ولا تبخل عليه بروحك وكلما
نهاك عن البراز عاوده ليأذن لك في البراز لتحظى في السعادة الابدية
فقام القاسم من ساعته واتى الى الحسين وعرض ما كتب الحسن الى عمه الحسين
فلما قرأ الحسين العوذة بكى بكاء شديدا ونادى بالويل والثبور و
تنفس الصعداء يا ابن اخي هذه الوصية لك من ابيك وعندي وصية اخرى
منه لك ولا بد من انفاذها فمسك الحسين على يد القاسم وادخله الخيمة
وطلب عونا وعباسا وقال لام القاسم اليس للقاسم ثياب جدد
فقالت لا فقال لاخته زينب ايتيني بصندوق الحسن فاتته به ففتحه واخرج منه
قباء الحسن عليه السلام والبسه القاسم ولف على راسه عمامة الحسن ومسك بيد
ابنته التي كانت مسماة للقاسم فعقد له عليها وافرد له خيمة واخذ
بيد البنت ووضعها بيد القاسم فخرج عنهما فعاد القاسم ينظر الى ابنة
عمه ويبكي اذا سمع الاعداء يقولون هل من مبارز فرمى بيد زوجته
واراد الخروج من الخيمة فجذبت ذيله ومانعته من الخروج وهي تقول له
ما يخطر ببالك وما الذي تريد تفعله قال لها اريد ملاقاة الاعداء فانهم
يطلبون البراز واريد ملاقاتهم فلزمته ابنة عمه فقال خلي ذيلي اما ترين ان
اباك الحسين قد بقي وحيدا فريدا يبكي ويستنصر فلا ينتصر فيستعين
فلا يستعان وقد قتل اعوانه وانصاره فلم تخل ذيله قال يا ابنة العم خلي



یہاں کتاب بشارت الباکین میں وہی صندوق والی روایت نقل ہوئی ہے جو آپ پہلے ملاحظہ فرما چکے ہیں دوبارہ ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں---



اس کتاب (نجات الباکین) میں عقدِ قاسمؑ کی وہی روایت ہے جو پہلے گزر چکی ہے ----

خون فرو بارید و گفت ای جان عم این وصیت پدرت است بتو
و میخواهی که بدین وصیت کار کنی مرا هم دربارهٔ تو وصیت دیگر
فرموده است من داعیهٔ آن دارم که آنرا بجای آرم بیا تا هر دو بدین
خیمه درآئیم و بدان وصیت قیام نمائیم پس دست قاسم گرفته
بخیمه درآمد و برادران خود عون علی و عباس علی را طلبید و مادر
قاسم را گفت که جامهٔ نو در قاسم پوشی و خواهر خود زینب را گفت
که عیبهٔ جامهٔ برادرم حسن علیه السلام را بیاور فی الحال بیاوردند
و سر عیبه را بگشادند و دراعهٔ امام حسن علیه السلام را و یک جامهٔ
قیمتی خود در قاسم پوشانیدند و عمامهٔ زیبا بدست مبارک خود در
سر وی بست و دست دختر که نامزد قاسم بود گرفته و گفت
ای قاسم این امانت بود که پدرت بمن گفته بود و وصیت
کرده تا امروز نزدیک من بود اکنون بستان آنگاه دختر را با وی

عقد بست و دست او را بدست قاسم داد قاسم دست عروس
گرفته در روی او نظر میکرد که ناگاه از لشکر عمر نحس آواز برآمد که آیا هیچ
مبارزی دیگر مانده است که بمیدان آید یا نه قاسم دست عروس را
رها کرد و خواست که از خیمه بمیدان رود عروس دامنش بگرفت
و گفت ای قاسم چه خیال داری قاسم گفت ای نور دیده من عزم میدان
دارم دامنم بگذار که عروسی و دامادی ما بقیامت افتاد عروس
گفت ای نور دیده میفرمائی که عروسی و دامادی ما بقیامت افتاد
پس من فردا در قیامت ترا کجا جویم و بچه نشان یابم قاسم گفت
مرا نزدیک جد و پدرت طلب نمای و بدین آستین دریده بشناس
پس دست فراز کرد و سر آستین بدرید غریو از اهل بیت برآمد
اما چون امام حسین دید که قاسم بمیدان میرود گفت ای جان عم بپای
خود بگورستان میروی و بدینگونه نتوان رفت پس دست برد و کمر

بمیانش



تاریخ عمان البحار از کتاب ابن شد که گفت | عمانی از دُرِ پربود هر دُر عمانی من

بسم الله الرحمن الرحیم

الحمد لله قلوبنا ... الذی نور بولاء الحسین ... وصلی الله علی سبط محمد سید الکونین ... المصطفی عبد الله ...

موج ستایش که از صدف دریای نطقه عبودیت شکرف خرد شایسته ساحل دریابار اقدس شهریاریست که گوهر
وجود ممکنات را از عمان بیابان عدم بنسیم لطف قدرت در عرصه شهود و بروز رسانیده و لطمه نیایش که جا موج لجه
طبع وَالْبَحْرُ يَمُدُّهُ مِنْ بَعْدِهِ سَبْعَةُ أَبْحُرٍ مَا نَفِدَتْ كَلِمَاتُ رَبِّه الخ برازنده بارگاه کردگار مجدیست وجلالت مداریست که
خزف بی بهای معدوم را در یم اراده بپرورش موج حکمت از گوهر ابهار شته بها را ابها گشاینده دریای بیابان امکان
دردامای سپهرهای ... ونمایش چون قطره ایست بدریا وصحرا ذره بیکرانه در سدای گرانه ناپیدای عظمتش مثل حلقه ... الصحرا
وادن خاشاک آتشکده بخاری خاک در آبستن دریای جلالش موقوف حَتَّى إِذَا جَاءَ أَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّورُ ودر
دانش ضمایر خواطر جواهر ذخایر علم ازل بحر ذاخرش موج خیز إِنِّي أَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُونَ وَاللَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ازل
الآزالی که کنت کنزا مخفیا در قدم ذات بلا ثباتش شاهد بست صادق وَاللَّهُ مِنْ وَرَائِهِمْ ... الآباد فاحببت
ان اعرف در کشش نظم نظم سر وجودات فخلقت الخلق لکی اعرف برهانش گواهی است دال إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ حَكِيمٌ
عقیده بهیه اش که آدم ابوالبشر را مفتخر وسرافراز وَعَلَّمَ آدَمَ الْأَسْمَاءَ كُلَّهَا نموده است تعالی شانه وجل ...
رضیه اش که در مضیف تقرب ... ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَى الْمَلَائِكَةِ چهره گشود تعظم اسمائه وعم نواله در شکر انعام عام با
نمایش الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ در تصدیق آیات ذات اکیات بلا ریب ... الم ذَلِكَ الْكِتَابُ لَا رَيْبَ فِيهِ هُدًى لِلْمُتَّقِينَ
هُدًى لِلْمُتَّقِينَ دردمندان دیار معرفتش را درد یا مَنْ اسْمُهُ دَوَاءٌ دوا ومریضان دار الشفای محبتش را ذکر وذکره شفا
شفای برکات ... تهی دستی ... اطاعت وَطَاعَتُهُ غِنَاءٌ غنا وآرزومندان ذات الصدر مطالب ...

وہ (قاسمؑ حسینؑ کے) داماد تھے، مگر انہوں نے اپنی دلگیر دلہن سے ہاتھ کھینچ لیا اور پیاسے لبوں کے ساتھ اس (مقتل) کی طرف روانہ ہوئے

زطره شال عزا سری که طلعت او همچو مهتابی بود سری که زلف بر خسار او سحابی بود
سری که دور فلک بوده دوره بصرش هزار مرتبه گردیده عرش دور سرش بهشت
از گل رخسار او گلستانی زلعل دلکش او خلد شکرستانی شده زخون گلو لاله اش گلناری
فشانده آینه روش خط زنگاری سری که حضرت زهرا و آدم بی پدر پیش نشسته همچو پدر مردگان
بحال پریش ز بس تحفت زداغ عروس دل افگار که چشم او شده چون جسم عابدین بیمار مدام
با مجلس دو چشم فتانش که میگریست سوی عمه های گریانش از انکه همره خود ما در پریشان
داشت بعید نیست که از درد لب به دندان داشت ابن زیاد از دیدن آن سر مهتاب وگوه
دلش چون دریای سیماب گردید و گفت ای پسر سعد این سکه از کدام صاحبقران و این خاتم از
کدامین سلیمان این اسمعیل از کدام خلیل و این سید کدامین جلیل اند و هذا از کدام چمن و این
مبتلا از کدام ممتحن اند و کشیده از کدام ایوب و این یوسف از چه یعقوب ست ابن سعد گفت
ای امیر این الماس پاره از معدن شهید الماس و این خسرو فرزند خسرو ناس این ثمر از شجر امامت
و این غنچه از گلستان خلافت است و هذا از چمن بینش و ایمعلول از علت آفرینش این شهزاده
از پادشاه ملک ولایت ... خضر از شاهراه هدایت این پیام ونشان شهره ایام و اینده یتیم را
قاسم ناکام نام است چون فرصتی نماند برای عموی او این تشنه لب خرید بجان آن بلای
او داماد بود و دست کشید از عروس خود دلگیر و تشنه کام روان شد بسوی او گردش گفتن
بگردن و اذن جهاد داد تا جان نثار نماید بکوی او آه از دمی که مادر پرسش زار در پاش اوفتاده
و بوسید روی او کرده زسرمه چشم سیاهش چه بحث خویش مشک تتار سوده بهر تار موی
او از نشاه شراب عطای تو یا امیر پر کرده ام ز باده محنت سبوی او از کشتنش پسر
و هم کشته گشتنش هرگز تمام می نشود گفتگوی او الحاصل از برای تو آورده ام سرش تا روی
من شود بهرت چون گلوی او ابن زیاد در این سخنان او بسیار خوش آمده اشاره بسر دیگر کرد که این
شیر صولت از کدامین شیر اوژن و این پیل زور از کدامین پیل افگن اینجو انمرد از کدام مردانه
و این با فر و برز از کدام فرزانه این دارا از کدام دادار و این ناکام از کدام کامگار این برومند
از کدام خداوند و این عدو بند از کدام ظفرمند این چابکسوار از کدام چالاک و این متر نیخ
شکوه از کدام افلاک این جهانگیر از کدام جهانستان و این فلک قدر از کدام عرش آشیان است
ابن سعد گفت ای امیر این مسمار از باب علم و این مظلوم از شهر حلم این جوان محجوب از ما صدق لافتی
و این ناتوان محجوب از قائل لو کشف الغطا این بکمان ابرو از صاحب ذوالفقار و این جنس نفیس نقد

18

بسم الله الرحمن الرحيم وبه نستعين

الحمد لله رب العالمين والصلوة والسلام على محمد وآله الطاهرين فيقول الفقير المحتاج الى ربه الغني محمد صالح بن محمد البرغاني القزويني ... انه لما فرغت من تأليف غنيمة المعاد ومسالك الراشدين تفكرت في الاعمال الصالحات وما فيه حيازة الثواب ... انفع لي ليوم قبري ... ان اؤلف كتابا في مقتل سيد المظلوم والامام المعصوم ... العزاء ... سيد الشهداء ابي عبد الله الحسين عليه السلام المقتول بسيوف اهل الضلالة والشقاوة ... الى يوم الجزاء وسميته بكتاب معدن البكاء في مصيبة خامس آل العبا ورتبته على مقدمة واربعة عشر مجلسا وخاتمة اما المقدمة ففيها فصول الفصل الاول في الخطب وغيرها من الكلمات الموجعة بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله الذي جعل محبته في قلوب اوليائه حتى خلعوا اثواب ... وقرعوا ابواب اللقاء ... [illegible]

معدن البكاء للمولى صالح البرغاني
وهو يحتوي على أحوال الحسن والحسين وأحوال
نبينا الأعظم وغزواته وفاطمة وامير المؤمنين
والأمام السجاد وموسى بن جعفر وعلي
بن موسى الرضا صلوات الله عليهم اجمعين

جعفر بن محمد بن عقيل

علي بن عقيل

عون بن عبد الله بن جعفر بن أبي طالب

عبد الله بن جعفر

خروج قاسم بن الحسن

نرهو كشيعتنا في الخلق اكرم شيعه ومبغضنا يوم القيمة يخسر وفي البحار قالوا ثم خرج من بعدها اخوه عبد الرحمن
بن عقيل وهو يقول ابي عقيل فاعرفوا مكاني من هاشم وهاشم اخواني كهول صدق سادة الاقران
هذا حسين شامخ البنيان وسيد الشيب مع الشبان فقتل سبعة عشر فارسا ثم قتله عثمان بن خالد الجهني قال
ابو الفرج وعبد الله بن عقيل بن ابي طالب امه ام ولد قتله عثمان بن خالد بن اشيم الجهني و
بشر بن حوط القابضي فيما ذكر سليمان ابي راشد عن حميد بن مسلم وعبد الله الاكبر بن عقيل امه ام ولد
قتله فيما ذكره المدائني عثمان بن خالد الجهني ورجل من همدان ومحمد بن ابي سعيد بن عقيل بن ابي طالب امه ام ولد
قتله لقيط بن ياسر الجهني رماه بسهم فيما رويناه عن المدائني عن ابي مخنف عن سليمان بن ابي راشد عن حميد
بن مسلم وذكر محمد بن علي بن ابي حمزه انه قتل معه جعفر بن محمد بن عقيل وذكر ايضا ان علي بن عقيل امه ام ولد قتل
يومئذ ومنها ثم قالوا وخرج من بعده محمد بن عبد الله بن جعفر بن ابي طالب وهو يقول نشكو الى الله من
العدوان قال قوم في الردى عميان قد تركوا معالم القران ومحكم التنزيل والتبيان واظهروا
الكفر مع الطغيان ثم قاتل حتى قتل عشره انفس ثم قتله عامر بن نهشل التميمي ثم خرج من بعده عون
بن عبد الله بن جعفر وهو يقول ان تنكروني فانا ابن جعفر شهيد صدق في الجنان ازهر يطير
فيها بجناح اخضر كفى بهذا شرفا في المحشر ثم قاتل حتى قتل من القوم ثلثه فوارس وثمانية عشر راجلا
ثم قتله عبد الله بن بطة الطائي وفي البحار عن ابي الفرج وعبد الله بن عبد الله بن جعفر بن ابي طالب ذكر
يحيى بن الحسن فيما اخبرني احمد بن سعيد عنه انه قتل مع الحسين ع بالطف ولما قتل جميع اصحاب الحسين ع
ووقعت النوبه على اولاده قال في المنتخب قال ابو مخنف نظر الحسين ع يمينا وشمالا فلم ير ناصرا
ولا معينا ثم نادى وا غربتاه وا قلة ناصراه اما من معين يعيننا اما من ناصر ينصرنا اما من خائف من عذاب الله
فيذب عنا فخرج اليه من الخيمة غلامان كانهما قمران احدهما [illegible] القاسم ابنا الحسن بن علي بن
ابي طالب ع وهما يقولان لبيك يا سيدنا ها نحن بين يديك [illegible] صلى الله عليك فقال لهما
يعز علي عمكما ان يقول لكما اخرجا وخاصما عن حرم جدكما [illegible] وفي البحار وهو غلام
صغير لم يبلغ الحلم فلما نظر الحسين ع قد برز اعتنقه وجعلا يبكيان حتى غشي عليهما ثم استاذن الحسين في المبارزه
فابى الحسين ع ان ياذن له فلم يزل الغلام يقبل يديه ورجليه وفي المنتخب يا عم لله جازه لامضي الى هؤلاء الكفره
فقال له الحسين ع يا ابن اللاخ انت من اخي علامه واريد ان تبقى لي لاتسلى بك ولم يعطه الاجازه للبراز
فجلس مهموما مغموما باكي العينين حزين القلب واجاز الحسين ع اخوته للبراز ولم يجزه فجلس القاسم متا
لما ووضع راسه على رجليه وذكر ان اباه قد ربط له عوذه في كتفه الايمن وقال له اذا اصابك الم وهم فعليك
بحل العوذه وقراتها وتفهم معناها واعمل بكل ما تراه مكتوبا فيها فقال القاسم لنفسه مضى سنين علي

ولم يبق مثل هذا الالم فحل العوذة وفضها ونظر الى كتبتها واذا فيها يا ولدي يا قاسم اوصيك انك اذا رأيت عمك
الحسين ع في كربلا وقد احاطت به الاعداء فلا تترك البراز والجهاد لاعداء الله واعداء رسوله ولا تبخل عليه بروحك
وكلما نهاك عن البراز عاوده ليأذن لك في البراز لتحظى في السعادة الابدية فقام القاسم من ساعته واتى الى
الحسين ع وعرض ما كتب الحسن ع على عمه الحسين ع فلما قرأ الحسين ع العوذة بكى بكاء شديدا و
نادى بالويل والثبور وتنفس الصعداء وقال يا ابن الاخ هذه الوصية لك من ابيك وعندي وصية اخرى
لك ولا بد من انفاذها فمسك الحسين ع على يد القاسم وادخله الخيمة وطلب عونا وعباسا وقال لام القاسم
ثياب جدد فاتت لا فقال لاخته زينب ائتيني بالصندوق فاتته به ووضع بين يديه ففتحه واخرج منه
قبا الحسن ع والبسه للقاسم ولف على راسه عمامة الحسن ومسك بيد ابنته التي كانت مسماة للقاسم
فعقد له عليها وافرد له خيمة واخذ بيد البنت ووضعها بيد القاسم وخرج عنهما فعاد القاسم ينظر الى ابنة عمه
ويبكي الى ان سمع الاعداء يقولون هل من مبارز فرمى بيد زوجته واراد الخروج من الخيمة فجذبت ذيله و
مانعته عن الخروج وهي تقول له ما يخطر ببالك وما الذي تريد تفعله قال لها اريد ملاقات الاعداء فانهم
يطلبون واني اريد ملاقاتهم فلزمته ابنة عمه فقال لها خلي ذيلي فان عرسنا اخرناه الى الاخرة فصاحت
وانت من قلب حزين ودموعها جارية على خدها وهي تقول يا قاسم انت تقول عرسنا اخرناه
الى الاخرة وفي القيمة باي شيء اعرفك وفي اي مكان اراك فمسك القاسم يده وضربها على ردنه
وقطعها وقال يا ابنة العم اعرفيني بهذه الردن المقطوعة قال فانفجع اهل البيت ع بالبكاء لفعل القاسم
وبكوا بكاء شديدا ونادوا بالويل والثبور قال من روى فلما راى الحسين ع ان القاسم يريد البراز قال
لها ولدي اتمشي برجلك الى الموت قال وكيف يا عم وانت بين الاعداء وحيدا غريبا فريدا لم تجد محاميا
ولا صديقا روحي لروحك الفدا ونفسي لنفسك الوقا ثم ان الحسين ع شق ازياق القاسم وقطع عمامته
نصفين ثم ادلاها على وجهه ثم البسه ثيابه بصورة الكفن وشد سيفه بوسط القاسم وارسله الى المعركة ثم ان
القاسم قدم الى عمر بن سعد لعنه الله وقال يا عمر بن سعد ما تخاف الله اما تراقب الله يا اعمى القلب اما تراعي رسول الله
فقال عمر بن سعد لعنه الله اما كفاكم التجبر اما تطيعون يزيد لعنه فقال القاسم لا جزاك الله خيرا تدعي الاسلام وآل
رسول الله ع عطاشى ظماء قد اسودت الدنيا باعينهم فوقف هنيئة فما راى احدا يتقدم اليه فرجع الى الخيمة
فسمع صوت ابنة عمه تبكي فقال لها ها انا جئتك فنهضت قائمة على قدميها وقالت مرحبا بالعزيز
الحمد لله الذي اراني وجهك قبل الموت فنزل القاسم الخيمة وقال يا بنت العم ما لي اصطبار ان اجلس
معك والكفار يطلبون البراز فودعها وخرج وركب جواده وجاء في حومة الميدان ثم طلب المبارزة فجاء اليه
رجل يعد بالف فارس فقتله القاسم وكان له اربعة اولاد مقتولين فضرب القاسم فرسه بسوط وعاد يقتل

وصية الحسن للقاسم

اس روایت کا پہلے بھی ذکر کیا گیا ہے، مختصر یہ کہ شہزادہ قاسم میدان میں جانے کی اجازت طلب کرنے تشریف لائے تو امام حسین نے اجازت نہ دی تو شہزادہ قاسم ص نے اپنے بازو پر بندھی تعویز کی صورت میں امام حسن کے وصیت کھولی اور امام حسین کے سامنے پیش کی، پس امام حسین نے فرمایا، قاسم یہ وصیت تو تمہارے لیے تمہارے بابا کی طرف سے ہے، لیکن میرے پاس بھی تمہارے لیے ایک وصیت ہے جس کا پورا ہونا لازمی ہے، یہ فرما کر امام حسین نے قاسم کا ہاتھ تھاما، انہیں خیمے کے اندر لے گئے، پھر قاسم ص کی والدہ سے فرمایا کہ قاسم کے نئے کپڑے لائیں، انہوں نے فرمایا کہ نئے کپڑے نہیں ہیں، تو امام حسین نے اپنی بہن (شریکۃ الحسین) سے فرمایا: مجھے وہ صندوق لا کر دویں، پس سیدہ صندوق لے آئیں، امام نے اسے اپنے سامنے رکھ کر کھولا اور اس میں سے امام حسن ص کا قبا اور قاسم کا لباس نکالا، پھر امام حسن کا عمامہ قاسم کے سر پر باندھا، اور اپنی اس بیٹی کا ہاتھ پکڑا جس کا رشتہ انہوں نے قاسم کے لیے طے کر رکھا تھا، امام نے ان دونوں کا نکاح پڑھایا، ان کے لیے ایک الگ خیمہ مخصوص کیا، اور اپنی بیٹی کا ہاتھ قاسم کے ہاتھ میں دے کر خود وہاں سے باہر آ گئے، اب قاسم کا دل بھر آیا، انہوں نے اپنی چچا زاد کی طرف دیکھا اور دونوں رونے لگے ، یہاں تک کہ انہیں دشمنوں کی آوازیں سنائی دیں جو للکار رہے تھے: کیا کوئی مقابلہ کرنے والا ہے ؟

یہ سن کر قاسم نے اپنی دلہن کا ہاتھ چھوڑا اور خیمے سے باہر نکلنے کا ارادہ کیا، تب دلہن نے ان کا دامن پکڑ لیا اور انہیں باہر جانے سے روکنے لگیں، وہ کہہ رہی تھیں: آپ کے ذہن میں کیا چل رہا ہے ؟ اور آپ یہ کیا کرنا چاہتے ہیں؟" قاسم نے ان سے کہا، میں دشمنوں کا مقابلہ کرنا چاہتا ہوں، وہ پکار رہے ہیں اور میں ان کے سامنے جانا چاہتا ہوں، تب دلہن

نے اصرار کرتے ہوئے ان سے لپٹ کر کہا قاسم نے جواب دیا: میرا دامن چھوڑ دو، کیونکہ ہم نے اپنی شادی کی اس تقریب کو آخرت پر ٹال دیا ہے -----!

یہ سن کر وہ دل سے تڑپ اٹھیں، ان کے رخساروں پر آنسو بہنے لگے اور انہوں نے روتے ہوئے کہا، اے قاسم! آپ کہتے ہیں کہ ہم نے اپنی شادی کو آخرت پر ٹال دیا ہے، لیکن قیامت کے دن میرے پاس ایسی کیا نشانی ہوگی جس سے میں آپ کو پہچان سکوں؟ اور میں آپ کو کس جگہ تلاش کروں گی؟ پس قاسم نے ان کا ہاتھ پکڑا، اسے اپنے کان کے پاس لے گئے اور اپنی آستین کا ایک ٹکڑا پھاڑ کر انہیں دیتے ہوئے کہا: اے چچا زاد! مجھے اس پھٹی ہوئی آستین سے پہچان لینا راوی کہتا ہے کہ قاسم کے اس عمل پر اہل بیت پر رنج و غم کا پہاڑ ٹوٹ پڑا اور سب زار و قطار رونے لگے اور واویلا مچ گیا، کیونکہ انہوں نے ایک ایسے نوجوان دولہا کو دیکھا جسے امام حسین میدانِ جنگ میں بھیج رہے تھے، امام حسین نے ان سے فرمایا: اے میرے بیٹے! کیا تم اپنے پیروں سے چل کر موت کی طرف جا رہے ہو؟ انہوں نے عرض کی:چچا جان! میں یہ کیسے نہ کروں جبکہ آپ دشمنوں کے درمیان اکیلے، غریب اور تنہا ہیں، اور آپ کا کوئی مددگار اور دوست نہیں بچا میری جان آپ پر فدا ہو اور میرا نفس آپ کی ڈھال بنے ---

پھر امام حسین نے قاسم کے گریبان کو چاک کیا، ان کے عمامے کے دو ٹکڑے کیے اور اسے نقاب کی طرح ان کے چہرے پر لٹکا دیا پھر انہیں کفن نما کپڑے پہنائے اور ان کی کمر پر تلوار باندھی اور معرکے کی طرف روانہ کیا ----

اب اس کتاب (معدن البکا) اور اس کے مولف کے متعلق ملاحظہ فرمائیں ----!

الآقا محمّد ، و أخي الحاج مولى محمّد تقي البرغاني القزويني ، المعروف بالشهيد الثالث كبير في أربعة عشر مجلساً وخاتمة ، وينقل عنه الحاج مولى محمّدباقر في « الدمعةالساكبة» و هو مع سائر كتبه في المقتل مثل « منبع البكاء » و « مفتاح البكاء » و « كنز البكاء » و « مجمع المصائب » كلّها موجودة في خزانة كتبه بكربلا ، و توفّي المؤلّف بالحائر ١٢٨٣ و دفن في الرواق الحسيني من طرف الرأس ، كما كتب بعض ولده على ظهر « مفتاح البكاء » له . أوّله : [الحمدلله رب] .

ترجمہ، معدن البکاء شہدائے کربلا کے مقتل کے بارے میں ہے، اس کتاب کے مولف الحاج مولیٰ محمد صالح بن الآقا محمد ہیں، اور الحاج مولی محمد تقی البرغانی القزوینی (جو شہید ثالث کے نام سے مشہور ہیں) کے بڑے بھائی کی تصنیف ہے، اس مقتل میں چودہ مجالس اور ایک خاتمہ ہے، الحاج مولی محمد باقر نے اپنی کتاب "الدمعۃ الساکبۃ" میں اس سے روایات نقل کی ہیں، یہ کتاب مصنف کی دیگر کتابوں کی طرح ہے جیسے: "منبع البکاء"، "مفتاح البکاء"، "کنز البکاء" اور "مجمع المصائب" یہ تمام کتب کربلا میں ان کے کتب خانے میں موجود تھیں، مصنف کا انتقال حائر (کربلا) میں ۱۲۸۳ھ میں ہوا اور وہ حرمِ حسینی کے رواق میں سر کی جانب دفن ہوئے ---

مزید مولف اور ان کی کتاب معدن البکاء کے متعلق ملاحظہ فرمائیں --

في خمس مجلّدات فقد الثاني منها في حياة المصنف وطبعت البواقي طبعا في تبريز مرّتان ، والرابع والخامس طبعا بطهران ١٣٣٣ . وفي

المؤلّف كتبها و...

فتح الله الزنجاني ...

(٤٧٠١ : ...

يوجد بپاكستان ...

في فهرسها .

(٤٧٠٢ : ... بن

ابن أبي صالح القار...

(٤٧٠٣ : ... ١)

ذكره في ديوانه ال... كما

في فهرسها .

(٤٧٠٤ : ... غاني


صرح في أوّله : أ... في

تفسير القرآن » و ... ألف

« معدن الأنوار» ... كنزاً

وخاتمة . أوّله : ... ١٢٧

رأيت هذا المجلّد ... راب



الشهيدي القزويني بطهران .

(٤٧٠٥ : **معدن الانوار**) في نسب النبيّ وآله الأطهار ، للسيّد حسون البراقي، مؤلّف « تاريخ الكوفة » ، يوجد بخط المؤلّف عند ابن اخته الشيخ جعفر الحكيم النجفي في الشنافية ، في ٨٤٧ ص فرغ منه في ١٣٠٧ .

(٤٧٠٦ : **معدن البكاء**) في مقتل سيّد الشهداء ، للحاج مولى محمّد صالح بن

علمائے اثنا عشری کے حالات پر مبنی ایک بے مثال تحریر

قصص العلماء

میرزا محمد تنکابنی

AL-KISA PUBLISHERS

پڑتی ہیں اور دواؤں اور حکیموں کا محتاج ہونا پڑتا ہے اور بڑے پیچیدہ امراض

رہا جماع تو اس کی لذت قبل انزال تک ہے اس کے بعد انسان

اور علامہ محمد صالح برغانی فرمایا کرتے تھے کہ عضو تناسل کو عورت کے مقام

ہے جب تک آپ سلطان کے منصب دار ہیں اور ادھر معزول ہوئے اُدھر

لیکن علماء جو ہیں وہ ہمیشہ مقربان بارگاہ الٰہی سے ہیں اور ان کو

ہیں۔ لہٰذا اگر آپ کسی جگہ اپنے دوستوں کے ساتھ بیٹھے ہوں اور آپ سے

دوسروں کو وہ معلوم نہ تھا تو اسوقت جو لطف آپ کو آئے گا وہ اس سے کہیں

فضولیات اور بکواس میں شمار ہوتا ہے اور جب ہم خدمت سلطان میں پہنچے تو

یقیناً جو ہمیشہ حاضر باش ہو وہ کھانے پینے اور لذت خواب سے بیگانہ ہوتا ہے

کیا آپ کو نہیں معلوم کہ سوتے ہوئے جو احتلام واقع ہوتا ہے چونکہ وہ حواس

ہے۔

اور رہا شان و شوکت و سطوت کا معاملہ تو تمہیں ... ساز و سا

و پریشان حال اور درماندہ لوگوں سے جب تم جیسے عالی شان والے ... قات کر

ممکن تعظیم و توقیر و تکریم بجالاتے ہو اور ہماری ہر بات کو بڑی توجہ ... تے ہو تو یہ خدا کی عطا کی ہوئی سطوت ہے اور تمام لذائذ سے بالاتر ہے۔

حاجی ملاّ محمد صالح برغانی

حاجی ملاّ محمد صالح برغانی شہید ثالث کے بھائی تھے۔ نہایت عابد، زاہد اور احادیث کا اتباع کرنے والے بلکہ اپنے وقت کے سلمان تھے۔ اصول میں باکمال اور فقہ میں اجتہاد کے اعلیٰ درجہ پر فائز تھے۔ وہ ہمیشہ کسی نہ کسی کام میں مشغول رہتے اور مطالعہ، تالیف، تصنیف و تدریس میں منہمک رہتے تھے۔ ان کی تعمیرات میں مدرسۂ عالی اور مسجد متعالی ہیں۔ اچھی باتوں پر عمل کرنے اور کرانے، اور بری باتوں سے خود باز رہنے اور باز رکھنے میں بیحد سخت گیر تھے۔ شہر قزوین پرانے زمانہ میں شراب خانہ تھا لیکن ان کے اور ان کے بھائی شہید ثالث کے امر بالمعروف کرنے کی وجہ سے اس شہر کے لوگ دوسرے شہروں کے لوگوں کی نسبت زیادہ دیندار بن گئے۔ جناب سیّد الشہداء علیہ السلام پر گریہ کرنے میں بڑا اہتمام کرتے تھے اور بہت رویا کرتے تھے اور کسی کو بھی اس کی اجازت نہ دیتے تھے کہ غیر معتبر احادیث کے ذریعہ ذکر مصائب کرے۔ مرحوم آقا سیّد محمد کے شاگردوں میں سے تھے اور اپنے والد بزرگوار آقا سیّد علی سے بھی تعلیم حاصل کی تھی اور آقا سیّد محمد اور سیّد عبداللہ سے اجازہ حاصل کیا تھا۔ آپ فرمایا کرتے تھے کہ مکّہ کے سفر کے دوران جب ہم شہر حلب پہنچے تو بادشاہ حلب نے امیر حج آفندی سے کہا کہ ایک رات دعوت طعام دی جائے تو امیر حج نے مجھ سے کہا۔ میں نے کہا: میں ان کی محفلوں کے آداب سے واقف نہیں اس لئے میں نہیں جاؤں گا۔ امیر حاج نے کہا یہ دعوت تو آپ کو قبول کرنا ہی ہوگی۔ چنانچہ اس نے کچھ حاجیوں کو جو ان کی محفلوں کے آداب سے واقف تھے میرے ساتھ روانہ کیا۔ جب بادشاہ کے پاس پہنچے تو اس نے بہت احترام کیا پھر مجھ سے سوال کیا کہ خلافت علیؑ کے بارے میں تمہاری کیا دلیل ہے؟ میں نے کہا میں مذہب سنت والجماعت رکھتا ہوں اور شافعی مذہب کا پیرو ہوں۔ بادشاہ نے کہا: مجھے معلوم ہے کہ تم شیعہ ہو اور میں نے تمہیں اسی لئے بلایا ہے کہ تمہارے دلائل معلوم کروں۔ پھر میں نے دلائل دینے شروع کیے اور میں جو دلیل دیتا بادشاہ اسے رد کر دیتا تھا۔ وہ بہت سمجھدار تھا۔ میں نے دل میں سوچا کہ اگر ظاہری طور پر میں اس کی بات مان لوں تو ضعیف الاعتقاد لوگوں کے لئے اور عام شیعوں کے لئے اعتقاد کی کمزوری کا سبب ہو جائے گا پس میں دل ہی دل میں ائمہ

اطہار علیہم السلام سے متوسّل ہوا فوراً گویا مجھے الہام ہوگیا اور اللہ کی رحمتیں مجھ پر نازل ہوگئیں اور میں نے ایسی دلیل پیش کردی کہ بادشاہ کچھ نہ کہہ سکا اور سکوت اختیار کرلیا اگلے دن صبح کو اس نے ایک مصری گدھا بمعہ حاشیہ دار شال ماھوت اور مٹھائی مجھے بھیجا اور جو بھی میرے ساتھ گئے تھے ان کو بھی ماھوت اور شیرینی بھیجی میں نے اس دراز گوش کو حلب میں ہی چالیس تومان میں فروخت کردیا۔

اور آپ کی تالیفات بہت ہیں شرح ارشاد میں ان کی کتاب غنیمۃ المعاد ہے جو چودہ جلدوں میں ہے۔ اور ارشاد کی شرح میں ایک اور کتاب، 'کتاب مسلک' دو جلدوں میں ہے کتاب تفسیر گویا سات جلدوں میں ہے۔ کتاب معدن البکاء مصائب میں فارسی زبان میں ہے اور مختصر ہے کتاب 'مخزن البکاء' بھی مصائب میں فارسی میں ہے مگر بسیط کتاب ہے۔ کتاب 'منبع البکا' مصائب میں ہے لیکن عربی میں ہے لیکن اس میں مصائب کے متعلق احادیث کی بہت چھان پھٹک کی گئی ہے اور اس میں صرف معتبر روایات کو بیان کیا گیا ہے اور آخر کتاب میں بہت سے واقعات مصائب اور عربی قصیدے مرثیوں کے انداز میں لکھے ہیں یہ کتاب اور کتاب غنیمۃ المعاد کی آخری جلد میرے پاس ہے اور کتاب 'مخزن البکاء' روایات کے اعتبار سے کتاب 'معدن البکاء' سے پست درجہ کی ہے بلکہ 'معدن البکاء' مصائب کے اعتبار سے تمام کتابوں سے بہتر ہے جیسے کہ آخوند ملاّ حسن یزدی کی 'مہیج الاحزان' مصائب کی کتابوں میں بہترین اور بہت معتبر ہے اور ایسے ہی 'بحار' جو سب سے اعلیٰ ہے اور اسی طرح شیخ طریحی کی 'منتخب'، سیّد بن طاؤس کی 'لہوف' اور ابن نما کی 'مثیر الاحزان' جو نہایت قابل اعتبار ہیں۔ اسی طرح 'ارشاد شیخ مفید' اور 'امالی صدوق'۔ چونکہ متاخرین کی اصطلاح میں مصائب میں صحیح احادیث نادر ہی مل سکتی ہیں لہٰذا غیر صحیح احادیث میں بڑی احتیاط برتنی چاہیئے۔ آخوند ملاّ مہدی نراقی کی 'کتاب محرق القلوب' اچھی نہیں ہے اور بڑی حیرت ہوتی ہے کہ ان جیسا عالم و فاضل انسان اور ایسی روایات بیان کرے۔ اور ملاّ آقائی دربندی کی کتاب ردّی اور بھرتی کے مواد سے پر ہے انہوں نے ایسی بہت سی روایات ذکر کی ہیں جو بالکل جھوٹی معلوم ہوتی ہیں چنانچہ معدن البکاء مصائب کے حالات کی تحقیق و تدقیق کے اعتبار سے ایسی کتاب ہے کہ جس پر کسی اور کتاب کو سبقت حاصل نہیں۔

مرحوم حاجی ملاّ محمد صالح بہت شوخ تھے اور کچھ عرصے میں بھی ان کے درس میں شریک ہوا لیکن کوئی تحقیقی بات نہیں سنی گئی۔ آپ کی مزاحیہ باتوں میں سے ایک یہ ہے۔ آپ کا ایک لطیفہ یہ ہے کہ کہتے تھے کہ میرے دیہاتوں میں سے ایک دیہات میں ایک ناظر تھا تو جب ہم سب چیزوں کا حساب کیا کرتے تھے تو کہتا تھا دس پر ایک، میں کہتا تھا دس دس ہے اور ایک ایک ہے یہ دس ایک کیسے ہو جاتا ہے۔ کہتا تھا قاعدۂ حساب یہی ہے آخر کار اس نے ایک بھی نہ دیا۔ اور جیسا کہ مشہور تھا کہ ختم ادعیہ اجازہ کی محتاج ہوتی ہے اور مجھے بارہ اماؑم کے ختم کی دعوت دینے والے خواجہ نصیر تھے لہٰذا میں نے ان ہی سے اجازہ لے لیا ہے بشرطیکہ صرف شرعی کاموں کے لئے پڑھوں۔ ملاّ محمد صالح نے بیان کیا کہ جب میں اصفہان گیا تو میں مطول پڑھ رہا تھا۔ لوگوں نے بتایا کہ آقا سیّد محمد باقر رشتی یہاں نئے آئے ہیں اور مطول کا درس دیتے ہیں میں بھی ان کے درس میں پہنچ گیا لیکن مجھے ان کا طریقۂ درس پسند نہ آیا۔

اور ان کے لطائف میں سے ایک یہ ہے کہ ایک سال ہم نے مشہد مقدس کی زیارت کی۔ ہمارے ساتھ میرزا شکور شاعر بھی تھا۔ راہ میں لوگوں نے کہا کہ اس نے زنا کیا ہے۔ میں نے اسے بلایا اور اس پر اعتراض کیا کہ زیارت کو جا رہا ہے اور زنا کرتا ہے تو جواب میں کہنے لگا کہ یہ بھلا کونسے اعتراض کی بات ہے زیارت کو نامۂ عمل میں داہنی طرف لکھیں گے اور زنا کو بائیں جانب تو ان میں آپس میں کیا ربط ہے؟

حاجی مذکور نے کربلائے معلّیٰ میں گھر خریدا ہوا تھا آخر عمر میں کربلا میں اقامت گزیں تھے اور کربلا میں ہی وفات ہوئی ایک دن زیارت حضرت سیّد الشہداء علیہ السلام سے مشرّف ہوئے۔ زیارت و نماز کے بعد مرقد مطہر کے سرہانے کھڑے دعا مانگ رہے تھے کہ اچانک گر پڑے۔ ان کو لوگ کندھوں پر ڈال کر گھر لے کر آئے لیکن فوراً ہی وفات پا گئے۔ اللہ ان پر اپنی رحمت نازل کرے اور معصومینؑ کے ساتھ ان کو محشور کرے۔

مرحوم حاجی ملاّ عبدالوہاب قزوینی کی وفات بھی عجیب انداز کی تھی۔ وہ نجف کی زیارت کو گئے وہاں بیمار ہو گئے وقت احتضار کہنے لگے کہ مجھے تابوت میں رکھ کر مزار مبارک امیر المومنینؑ میں چھوڑ دو۔ چنانچہ تابوت میں رکھ کر ان کو حرم امیر المومنینؑ میں چھوڑ دیا اور وہیں انہوں نے وفات پائی۔ علماء کو ترویج دینے میں بڑی جدوجہد کرتے تھے اور نیکیاں پھیلاتے تھے۔ بے حد عبادت گزار تھے اور چالیس مجتہدین نے اجازہ حاصل کیا ہوا تھا لیکن مجھ ناچیز کی


آپ نے ابھی کتاب **معدن البکاء** اور اس کے مولف کے متعلق ملاحظہ کیا ---

اس کتاب کے مولف شہد ثالث کے بڑے بھائی ہیں، اور آپ نے ملاحظہ کیا کہ میرزا محمد تنکابنی نے " قصص العلماء" میں معدن البکاء کے مولف ملا محمد صالح برغانی کے متعلق لکھا ہے کہ ---

" وہ اپنے وقت کے سلمان تھے" اور "اصول میں باکمال اور فقہ میں اجتہاد کے اعلی درجہ پر فائز تھے، وہ ایسے عالم تھے کہ وہ کسی کو بھی غیر معتبر روایات سے ذِکر مصائب کرنے کی اجازت نہ دیتے تھے، مزید تنکابنی صاحب ان کی کتاب "معدن البکاء" کے متعلق لکھتے ہیں کہ، معدن البکاء مصائب کے اعتبار سے تمام کتابوں سے بہتر اور معتبر ہے ---

مومنین کرام آپ نے کتاب معدن البکا اور اس کے مولف کی تعریف ملاحظہ کی، اس قدر بلند پائے کا عالم دین جو اپنے دور کا سلمان اور اصول و فقہ کا بادشاہ تھا جو برداشت نہ کرتا تھا کہ کوئی مصائب میں ضعیف روایت پڑھے، اسی عالم دین نے اپنی کتاب مخزن البکا جو آپ پہلے ملاحظہ کر چکے ہیں اور اپنی دوسری کتاب " معدن البکاء" میں شہزادہ قاسم کی شادی کا تفصیل سے ذکر کیا ہے، کتاب معدن البکاء شیعہ مقاتل کی تمام معتبر کتابوں سے زیادہ معتبر ہے اور تمام مصائب کی کتابوں سے بہتر ہے ، اور آپ اس معتبر ترین کتاب میں شہزادہ قاسم کی شادی ملاحظہ فرما چکے ہیں، اس سے زیادہ ہم کیا پیش کریں ؟ کون سی دلیل لائیں ؟ جو لوگ کہتے ہیں کہ عقد قاسم مستند کتب سے ثابت نہیں وہ جھوٹے ہیں اور حق آپ کے سامنے آشکار ہو چکا ہے ---

محرق القلوب کے مصنف مولی مہدی النراقی الکاشانی کہتے ہیں ، قاسم کا غم وہی نیا دولہا جان سکتا ہے جو اپنی دلہن سے خوشی حاصل کیے بغیر رخصت ہو رہا ہو اور ناچار اپنی جان کا نذرانہ پیش کرنے جا رہا ہو اور دلہن کا غم اس وقت وہی نئی دلہن ہی جان سکتی ہے جس نے ابھی اپنے شوہر سے کوئی خوشی نہ دیکھی ہو اور اس عالمِ غربت میں تنہاہ رہ گئی ہو، باوجود اس کے کہ دونوں طرف کمال کی محبت تھی، وہ نو دولہا کو آخری وداع کر رہی تھی




ای جان مادر غریبه انم تو طفل بیکس وتنها در میان این همه دشمنان دنی و
کوفیان بیوفا و شامیان بیحیا چه خواهی کرد آیا هنوز میوه تو بر پا باشد
ونخل قامت تو بر پا باشد آیا از جور روزگار شهید شده باشی و در خون
چه مرغ بسمل غلطیده باشی اما قاسم چون این حکایتها از مادر شنید فغان
از دل برکشید و صدا بگریه بلند کرد مادر و عروس از آمدن او خبر یافته از خیمه
بیرون دویدند و در دست و پای او افتادند و آغاز نوحه و زاری و ناله
و بیقراری نمودند پس قاسم ساعتی در نزد ایشان ایستاده و گاهی مادر
و عروس نظر بقاسم میکردند و او را مصمم جان باختن میدیدند خون
از دیده می باریدند و گاهی قاسم نظر بعروس میکرد و آه و حسرت او از سینه
چون ابر بهاران میبارید و گاهی نظر بمادر غمدیده می نمود و اضطراب
و حیرت آن پیره زن بیچاره را نظاره میکرد از سوز دل سینه اش لبریز از
غم قاسم را نو داماد می داند که از عروس خود بهره نبرده باشد و بیقرار
با او وداع مفارقت ابدی نماید و بناچار بسر باختن خود رود و غم عروس را
در آن زمان نو عروسی داند که از داماد تمتعی نیافته و بکام دل در محل غربت
با درد و محنت مانده و با وجود کمال علاقه طرفین آن نو داماد را وداع باز
پسین نماید غم مادر قاسم را در آن هنگام بیچاره مادری باید که فرزند
نو داماد خورشید رخساری با حسرت دنو عروس ناکامی ماه طلعتی
داشته


علماء و مورخین نے ان (قاسم) کے واقعے کی کیفیت کو مختلف طریقوں سے نقل کیا ہے بعض نے ان کی شادی کے حکایات کا ذکر کیا ہے اور بعض اس کی نفی کی ہے اور بعض نے اس میں تامل کیا ہے چونکہ اس فقیر (مصنف) نے یہ حکایت بعض کتب میں ملاحظہ کی ہے اس لیے اسے بیان کر رہا ہوں ---

(مصنف کہتے ہیں کہ عقد قاسم والی روایت کی کوئی ایک سند نہیں بلکہ اسناد ہیں کئی طریق سے علماء نے اسے نقل کیا ہے ---

اس کے بعد مصنف عقد قاسم اور شہادت قاسم کا ذکر کرتے ہیں جو پہلے آپ ملاحظہ کر چکے ہیں)


بکار تو آید و ما آنرا خریده ایم به نزد انبیا بر تا قیمت کنند آن بنده آن دررا
به نزد حضرت آدم صفی الله علیه السلام برد و گوید ای پدر آدمیان این دررا قیمت کن
آدم گوید من قیمت آنرا نمیدانم آنرا به نزد نوح بر تا او قیمت کند چون آنرا
به نزد نوح آورد نوح گوید من از قیمت آن وقوف ندارم آنرا به نزد حضرت
ابراهیم خلیل بر تا او قیمت کند چون به نزد ابراهیم علیه السلام آورد گوید من
قیمت آنرا ندانم و قیمت نمودن او را باسمعیل حواله کند و همچنین هر یک
از پیغمبران قیمت آنرا بدیگری حواله کنند تا آخر به نزد حضرت ختمی مآب
محمد مصطفی صلی الله علیه و آله فرستند آن حضرت فرماید که باید این دررا
علی بن ابی طالب علیه السلام قیمت کند چون آنرا به نزد امیر المومنین برند فرماید
که این دررا فرزندم حسین خود قیمت کند چون آن بنده آن دررا بخدمت
حضرت امام حسین علیه السلام برد آن حضرت مانند برادر مهربان آن
بنده را در بر گیرد و او را نوازش نماید پس گیسوان معنبر خود را پریشان
ساخته و بکف دست نهد و بپای عرش الهی آید و گوید خداوندا قیمت
این در آنست که صاحبش را باید با پدر و مادر او بمن بخشی و ایشان را
با من هم نشین کنی و در بهشت در جوار من جای دهی خطاب عزت
در رسد که یا حسین من این بنده را با پدر و مادرش بتو بخشیدم و او را
در بهشت از رفیقان و مصاحبان و همسایگان تو گردانیدم خوشحال گریه
کنندگان بر حسین و مخفی نماند که از جملهٔ قضایای کربلا که باعث اندوه
دلها و سوزش جانهاست قضیهٔ شهادت قاسم بن حسن است و علمای
ما رضوان الله علیهم کیفیت و قضیهٔ او را بطرق مختلفه نقل کرده اند بعضی
حکایات دامادی او را ذکر نموده اند و بعضی دیگر او را نقل نموده اند و در صحت
آن تامل دارند و چونکه فقیر این حکایت را در بعضی کتب ملاحظه نموده ام
و اعتبار

عقدِ قاسم کا مُحققانہ جائزہ


بسم اللہ الرحمن الرحیم
من قتل مظلوما فقد جعلنا لولیہ سلطانا فلا یسرف فی القتل انہ کان منصورا
جو مظلومیت کے عالم میں قتل ہو جائے ہم نے اسکے وارث کو تسلط دے دیا پس وہ قتل کرنے میں حد سے نہیں بڑھے گا یقیناً وہ منصور ہے (بنی اسرائیل 33)
مجالس المنتظرین
علیٰ
روضۃ المظلومین
جلد دوئم
اردو ترجمہ
مؤلف
شہزادۂ فصیح البیان
السید محمد جعفر الزمان نقوی
مترجم
سید انیس مہدی

یامولوہاب الخبیر العلیم
یا مولا کریم عجل اللہ فرجک وصلوات اللہ علیک

دلائل و براہین

عقد شہزادہ امیر قاسمؑ

علیہ الصلوات والسلام

احباب گرامی!

اس دور میں اس مسئلہ عروسی پر بہت لے دے ہو رہی ہے، اس میں زیادہ تر وہ لوگ سرگرم ہیں جنہوں نے تحقیق کی بجائے اسے انا کا مسئلہ بنایا ہوا ہے، ہمارا ان لوگوں سے کوئی تعلق نہیں ہے اور نہ ہی ان کا ذکر کرنا مناسب ہے، بلکہ ہم تو ان اہل علم کو دعوت فکر دینا چاہیں گے جو سفر تحقیق میں مصروف ہیں اور جویندہ منزل احقاق ہیں

میری مجالس کی کتب میں شہزادہ امیر قاسم علیہ الصلوات والسلام کے عقد کے بارے میں چند احباب نے پڑھا تو انہوں نے یہ سوال کیا کہ اس روایت کو آپ نے قبول کیا ہے تو اس کی کیا وجوہات ہیں؟ کیونکہ اس روایت پر ہمارے پاکستان کے چند لوگوں کو اعتراض ہے، وہ اسے درست تسلیم کرنے کو تیار نہیں ہیں، اس لئے آپ اس کے بارے میں قدرے تفصیل سے بات کریں

دوستو! اصول یہ ہے کہ کسی بھی روایت کو اگر عالمانہ انداز میں زیر بحث لایا جاتا ہے اور اس کی توثیق وتضعیف کی جاتی ہے تو اسے کچھ پیمانوں پر پرکھا جاتا ہے

اس لئے یہاں میں ان پیمانوں کا ذکر کر کے اپنی بات کو شروع کروں گا

دوستو! ہر روایت کی عموماً حیثیات خمسہ [پانچ حالتوں] میں سے ایک حالت ضرور ہوتی ہے، دیکھئے

(1) حیثیت نافیہ...... یعنی کسی روایت کی ہر کتاب میں نفی موجود ہو اور کسی کتاب میں اثبات موجود ہی نہ ہو

(2) بعض کتابوں میں اس کی نفی موجود ہو اور بعض میں ذکر تک نہ ہو

(3) حیثیت مخلوطہ...... یعنی اس روایت کی بعض کتب میں توثیق موجود ہو اور بعض میں تضعیف...... یعنی کچھ کتابیں اسے درست مان رہی ہوں اور بعض غلط بتا رہی ہوں اور بعض میں اس کا ذکر موجود نہ ہو

(4) حیثیت اثباتیہ...... یعنی اس کا اثبات ہی اثبات ہو نفی کسی بھی کتاب میں نہ ہو اور بعض کتابوں میں ان کا ذکر نہ ہو

(5) حیثیت غیر متذکرہ...... یعنی کسی بھی کتاب میں اس کا ذکر موجود نہ ہو

اس کے علاوہ کوئی دوسری صورت عموماً نہیں ہوتی

اب ہم ان حوالوں سے اس روایت کو دیکھتے ہیں تو پتہ چلتا ہے کہ اس روایت کی متقدمین میں سے کسی نے نفی نہیں کی ہے، ہاں متاخرین نے ایسا کیا ہے۔ دوسری طرف ہم دیکھ رہے ہیں کہ مقتل و روضہ کی جدید و قدیم لاتعداد کتابوں میں اس کا اثبات موجود ہے

لاکھوں مقامات پر ایام عزا میں اس عقد کی یاد میں شبیہات بنائی جاتی ہیں، لاکھوں کروڑوں نثر نگاروں اور شاعروں نے اس پر خامہ فرسائی کی ہے، پوری دنیا میں حجلہءِ عروسی کی شبیہ بنائی جاتی ہے، ایران، عراق، شام، مصر، لبنان، پاکستان، ہندوستان، افغانستان بلکہ جہاں جہاں بھی شیعہ قوم آباد ہے وہاں شہزادہ امیر قاسم علیہ الصلوات والسلام سے منسوب شبیہ، سیج، مہندی یا اس طرح کی کوئی دوسری شبیہ بنائی جاتی ہے

اب جہاں صورت حال یہ ہو کہ نفی میں مواد موجود ہی نہ ہو اور اثبات میں لاتعداد روایات موجود ہوں تو پھر اسے درست ماننے میں کوئی امر مانع نہیں رہتا

اعتراض

بعض احباب نے یہ بات کہی ہے کہ بعض متقدمین مثلاً شیخ مفید علیہ رحمہ اور شیخ صدوق علیہ رحمہ جیسے کچھ اور اساتذہ نے اس کا ذکر نہیں کیا، اور بعد والوں نے اسے نقل کیا ہے تو جناب شیخ فخر الدین طریحی کے حوالے

اگر کوئی عالم ایک روایت اپنی کتاب میں نہ لائے تو کیا وہ روایت ضعیف ہوتی ہے؟

ے کیا ہے اوراس کا اصل مآ خذ ان کے سوا کوئی نہیں ہے، اس لئے اسے درست نہیں مانا جا سکتا اور یہ روایت ساقط الاعتبار ہے

دوستو! پہلی بات تو یہ ہے کہ کسی بڑے عالم کا کسی روایت کو نہ لکھنا اس کی تضعیف کیلئے کافی نہیں ہوتا، یا کسی عالم کا کسی روایت کو اپنی کتاب میں نقل نہ کرنا اس کی طرف سے اس روایت کو غلط ماننا تصور نہیں کیا جا سکتا کیونکہ ہم دیکھتے ہیں کہ بعض روایات ہیں جنہیں جناب شیخ صدوق علیہ الرحمہ نے نقل کیا ہے مگر اسے شیخ مفید علیہ الرحمہ نے نقل نہیں کیا اور اسی طرح ان دونوں نے کسی روایت کو نقل کیا ہے اور اسی کو جناب سید علی بن طاؤس علیہ الرحمہ نے نقل نہیں کیا، تو کیا اس سے ہم یہ استدلال کر سکتے ہیں کہ جس نے وہ روایت نقل نہیں کی ہے وہ اس روایت کو غلط مانتے تھے؟ کیا ہم ان کی رائے کو منفی میں شمار کر سکتے ہیں؟ اگر ہم یہ فرض کر لیں تو ہزاروں روایات اس مفروضہ کی بھینٹ چڑھ جائیں گی اور دین کا ایک بہت بڑا مواد ساقط الاعتبار ہو جائے گا

دوسری بات یہ ہے کہ جس طرح کسی عالم کا کسی روایت کو نقل نہ کرنا اس کی طرف سے اس کی نفی تصور نہیں ہوتا ہے، اسی طرح جس روایت کو کوئی عالم نقل کرتا ہے تو اس کے نقل کرنے کو اس کی تائید مانا جاتا ہے کیونکہ اگر انہیں اس روایت پر اعتماد نہ ہوتا یا اسے درست نہ مانتے تو وہ اس کو بیان کرتے ہوئے کسی نہ کسی پہلو سے اس کی تردید ضرور کرتے ۔ اس کلیہ کے تحت ہمیں تسلیم کرنا پڑے گا کہ جن جن فاضل علمائے اعلام رضوان اللہ علیہم نے اس روایت کو نقل کیا ہے وہ اسے درست تصور کرتے تھے اور ان کی رائے اس روایت کے اثبات میں مانی جائے گی، اس طرح ہزاروں علمائے اعلام کا اس روایت پر اعتماد ثابت ہوتا ہے، تو پھر اسے درست ماننے میں کیا امر مانع ہے

یہ جو کہا جاتا ہے کہ اس روایت کو سب نے صرف صاحب مجمع البحرین شیخ فخر الدین طریحی کے حوالے سے لکھا ہے کسی اور کتاب سے نہیں لکھا، وہ اس روایت کے بیان کرنے میں واحد ہیں

اس کا جواب یہ ہے کہ یہ مفروضہ ناقص ہے، کیونکہ عام طور پر ہم دیکھتے ہیں کہ ہر روایت پہلی مرتبہ جو فاضل عالم نقل کرتا ہے بعد میں اس روایت پر اعتماد کرنے والے اسی کتاب کے حوالے سے نقل در نقل کرتے چلے

کیاامام حسین نے حسن مثنیٰ سے فرمایا تھا کہ جس فاطمہ سے چاہو عقد کرلو؟

جاتے ہیں، جیسا کہ جناب علی بن محمد سمری سلام اللہ علیہ کے نام جو شہنشاہ زمانہ عجل اللہ فرجہ الشریف کی توقیع مبارک ہے، اسے بعد کے سارے علماء کرام نے شیخ طوسی علیہ الرحمہ کے حوالے سے نقل کیا ہے اور اس کا آخری مآخذ وہی ہیں، تو کیا ہم اسے بھی رد کردیں؟ کہ اس کا مآخذ ایک ہی کتاب ہے، اور وہ اس روایت میں واحد ہیں

دوستو! یہ حقیقت ہے کہ ہر روایت جو نقل ہوتی ہے پہلے تو اسے کوئی ایک ہی شخص لکھتا ہے مگر ہماری زیر بحث روایت تو کچھ اور لوگوں نے بھی اپنے حوالے سے لکھی ہے

اعتراض

اس روایت پر اعتراض کرنے والوں نے صرف یہی لفظ یاد کر رکھا ہے کہ یہ روایت کسی معتبر کتاب میں نہیں ہے، یعنی جناب شیخ مفید و جناب شیخ صدوق نے اسے نقل نہیں کیا ہے

اب ہمیں بھی یہ حق ہے کہ ہم ان معترضین سے پوچھ سکیں کہ جن کتابوں کو وہ معتبر کہہ رہے ہیں کیا ان کی ساری روایات سوفی صد درست ہیں؟ کیا وہ انہیں سوفی صد درست مانتے ہیں؟

اس بات سے ہر عالم و صاحب مطالعہ آشنا ہے کہ متقدمین لوگوں نے جو کتب لکھی ہیں وہ تجمیعاً لکھی ہیں، تحقیقاً نہیں لکھیں، انہوں نے ہم پر یہ احسان کیا ہے کہ روایات کو جمع کیا ہے اور تحقیق کو آنے والی نسلوں کیلئے چھوڑا ہے، اس لئے ان کی کتابوں میں آج ہم بہت سا ایسا مواد بھی دیکھتے ہیں جو تحقیق کی کسوٹی پر ساقط الاعتبار قرار پا چکا ہے، لیکن ان روایات کو جن لوگوں نے اپنی کتابوں میں بلا تضعیف دوبارہ نقل کیا ہے گویا انہوں نے ان کی تائید کی ہے اور آپ دیکھ سکتے ہیں کہ ان روایاتِ ناقصہ کو دوبارہ کسی نے نقل نہیں کیا اور وہ اپنے مآخذ اول ہی میں دفن رہی ہیں اور بعد والوں نے اسے نقل کیا ہے تو ساتھ ہی تضعیف کی نشان دہی بھی کی ہے

جیسا کہ جناب حسن مثنیٰ علیہ الصلوات والسلام کے بارے میں ہے کہ امام مظلوم علیہ الصلوات والسلام نے انہیں فرمایا کہ ہماری دختران میں سے ایک دختر کو عقد کیلئے منتخب فرمائیں، ایک تو ان کی زوجہ گرامی کا نام لکھا ہے اور دوسرا نام جناب معصومہ سین پاک صلوٰۃ اللہ علیہا کا لکھا گیا ہے، کہ فرمایا ان دونوں میں سے جس کے ساتھ چاہو عقد کرلو اور وہ شرم سے خاموش رہے، پھر آپ نے ان کا عقد بڑی شہزادی صلوٰۃ اللہ علیہا سے فرمایا

یہ واقعہ کچھ معتبر کتابوں میں لکھا ہوا ہے آپ ان معتبر کتابوں کے نام بھی دیکھ لیں

انساب الاشراف 226/1...... تاریخ دمشق از ابن عساکر 66/1...... تہذیب التہذیب 263/2...... تہذیب القال فی تشیع 309/2...... کتاب رجال نجاشی 304/2...... کشف الغمہ 299/2...... الارشاد مفید 196

جبکہ حقیقت یہ ہے کہ معصومہ سین پاک صلواۃ اللہ علیہا کی دنیا میں آمد جناب حسن مثنیٰ علیہ الصلوات والسلام کے عقد کے بعد ہوئی تھی اور کربلا میں جناب حسن مثنیٰ علیہ الصلوات والسلام کے جو فرزند شہید ہوئے تھے معصومہ سین پاک صلواۃ اللہ علیہا سے وہ ایک سال چھوٹے تھے

اسی طرح علامہ مجلسی کی کتاب تذکرۃ الآئمہ میں شہزادہ امیر قاسم علیہ الصلوات والسلام کی عمر نو سال لکھی ہوئی ہے حالانکہ واقعہء کربلا جب رونما ہوا تو اس وقت ان کے بابا پاک علیہ الصلوات والسلام کی شہادت کو گیارہ سال بیت چکے تھے، ایسی لاتعداد روایات میں معتبر کتابوں میں سے دکھا سکتا ہوں جو ساقط الاعتبار ہیں اور حقیقت سے بعید ہیں اب اس پر خود غور کریں کہ جب معتبر کتابوں میں منقولہ مواد بھی سارا درست نہیں ہے تو پھر ان کا کسی روایت کو نہ لکھنا کسی روایت کی تضعیف کیسے ثابت کر سکتا ہے؟ جبکہ ان کا وہ منقولہ مواد بھی کسی واقعہ کی توثیق کا ضامن نہیں ہے

اس حقیقت سے کوئی انکار نہیں کر سکتا کہ کچھ خاص لوگوں کا ان کتابوں کے بارے میں ڈبل سٹینڈرڈ ہے یعنی ان میں سے جو چاہیں درست کہہ دیں اور جو چاہیں رد کر دیں، یعنی من پسند اور اپنے مخصوص عقائد کی تائید میں جو مواد ملے اسے بلا تحقیق و بلا نقد و تبصرہ درست کہہ دیا جاتا ہے کہ دیکھو یہ فلاں معتبر کتاب میں موجود ہے اور اپنے مخصوص عقائد کے خلاف جو مواد انہی کتابوں میں موجود ہو اسے عقلی دلیلوں سے رد کر دیا جاتا ہے، بلکہ فرمانِ معصوم علیہ الصلوات والسلام کو بھی رد کر دیا جاتا ہے اپنے عقائد یا مقاصد کے خلاف جو فرامین معصومین علیہم الصلوات والسلام ہوں انہیں رد کرتے وقت نہ کتاب کے معتبر پن [اعتبار] کا خیال رکھا جاتا ہے، نہ رواتِ حدیث کا، اور نہ ہی اس کتاب کے فاضل مؤلف و مصنف کا احترام مانع ہوتا ہے

اس طرح ایک ہی کتاب دن میں دس مرتبہ معتبر بنتی ہے اور پچاس مرتبہ ساقط الاعتبار ہو جاتی ہے

کسی بھی روایت میں عقد قاسم یا مہندی کی نفی موجود نہیں

عالمانہ رویہ

دوستو! کسی بھی چیز کے بارے میں عالمانہ رویہ یہ ہوتا ہے کہ کسی پر اپنی رائے کو مسلط نہ کیا جائے کیونکہ یہ علمی جارحیت ہے اور علمی جارحیت جہالت ہوتی ہے

عالمانہ رویہ یہ ہے کہ جو لوگ سیج پاک برآمد کرتے ہیں انہیں جبراً نہ روکا جائے کیونکہ جب ان سیج برآمد کرنے والوں کو جبراً روکا جائے گا تو سیج برآمد کرنے والوں کو بھی جبر کا حق حاصل ہو جائے گا اور وہ بھی مخالفین سے جبراً سیج برآمد کروانے پر اتر آئیں گے، اس طرح سوائے فساد فی الارض کے کچھ بھی حاصل نہ ہوگا اور عقل کی بجائے جذبات سے کام لیا جائے گا تو دونوں طرف سے نقصان ایک ہی قوم کا ہوگا جیسا کہ اس دور میں غیر عالمانہ رویہ اختیار کیا جا رہا ہے اور سیج پاک کو جبراً رکوایا جا رہا ہے، جبراً سیج پاک برآمد نہ کروانے کی کوشش کی جا رہی ہے، اسی طرح یہ جبری سلسلہ جاری رہا تو اس کے ردعمل کو کون روک سکتا ہے؟

سیج پاک ویسے بھی شیعہ کے شعائر میں بہ منزلت معروف ہے، قدیم تصویر خوانوں کی تصویروں میں، شبیہ خوانوں کی شبیہوں میں، قدیم روضہ خانوں کی کتب روضہ میں واقعہءِ عروسی کا ذکر بھی موجود ہے اور سیج پاک کی شبیہ بھی موجود ہے، کچھ عرفاء کو بذریعہ کشف بھی اس کی تائید و تاکید ہوئی ہے تو پھر اس پر اعتراض کیسا؟ یہ بھی ہے کہ علما اور عوام کو امر بالمعروف کا حکم ہے، اس لئے اس کی مخالفت کرنا نہی عن المعروف کے برابر ہے، اس لئے اس کے خلاف کچھ کہنا مناسب ہی نہیں ہے ورنہ کفارہ تو انہیں مخالفین ہی کو بھگتنا پڑے گا

جیسا کہ آپ نے دیکھا ہے کہ اس روایت کو سینکڑوں کتب نے نقل کیا ہے اور متقدمین میں سے کسی نے اس کی نفی نہیں کی اور متاخرین نے نفی کیلئے کوئی علمی کلیہ استعمال نہیں کیا بلکہ صرف کیوں اور کیسے ہی تک بات کی ہے اور اپنے جذبات پر قیاس کیا ہے نہ کہ کوئی علمی طریقہ استعمال کیا ہے اس کی نفی میں کوئی روایت موجود ہی نہیں ہے

مرحلہءِ ثانی

دوستو! جب کسی روایت کی چھان پھٹک ہوتی ہے تو اسے کچھ مراحل سے گزارنے کے بعد اس کی توثیق یا تضعیف دلائل کے ساتھ ہوتی ہے یعنی اسے درست یا نادرست مانا جاتا ہے، جس میں سے سب سے اول اس

عقدِ قاسم والی روایت عرب کے علاقائی روایات سے متصادم نہیں

کے حیثیات خمسہ دیکھی جاتی ہیں، اس کے بعد اسے کچھ حوالوں سے دیکھا جاتا ہے مثلاً

(1) کیا یہ روایت علاقائی روایات وقوانین سے متصادم تو نہیں؟

(2) کیا اس روایت میں اخلاقیاتی حوالے سے کوئی قباحت تو موجود نہیں ہے؟

(3) کیا یہ روایت شرعی و مذہبی مسلمات کے منافی تو نہیں ہے؟

(4) کیا یہ روایت مراتب ومناصب وسٹیٹس اور شان کے خلاف تو نہیں ہے؟

(5) کیا روایت خلافِ معروف عام تو نہیں ہے؟

دوستو! اب ہم اس حوالے سے بھی بات کرتے چلیں

علاقائی روایتی حوالہ

پھر یہ بھی دیکھا جاتا ہے کہ منقولہ روایت جس علاقے سے تعلق رکھتی ہے اس علاقے کی روایات سے تو متصادم نہیں ہے؟ کیونکہ روایت کو اس کے علاقائی حوالے سے دیکھنا ہوتا ہے نہ کہ اپنے علاقے کی روایات کی کسوٹی پر پرکھا جاتا ہے

جیسا کہ ہم صوبہ سرحد کے پٹھان قبائل میں دیکھتے ہیں کہ اگر کوئی کسی کو قتل کر دے اور قاتل ومقتول کے قبائل کے مابین فوری جنگ کا خطرہ پیدا ہو جائے تو کوئی بڑا سردار جو غیر جانب دار ہو وہ آ کر ان قبائل کو بلاتا ہے اور ان کے سامنے ان کے درمیان میں ایک پتھر اٹھا کر رکھ دیتا ہے، جو اس بات کی علامت ہوتا ہے کہ اس کا فیصلہ امن سے ہونا ہے، تم نے لڑنا نہیں ہے اور وہ نہیں لڑتے، اور اگر قاتل کا قبیلہ معافی کا خواہش مند ہو تو وہ برادری کے چار آٹھ بزرگ لے کر جاتا ہے اور مخالفین کے دروازے پر جا کر ایک دنبہ ذبح کر دیتا ہے اور خود باہر کھڑا ہو جاتا ہے، جب اہل خانہ کو پتہ چلتا ہے کہ ان کے دروازہ پر دنبہ ذبح ہو چکا ہے تو مقتول کا وارث پھر اپنی طرف سے ایک دنبہ ذبح کر کے اسے تیار کرواتا ہے اور آنے والوں کیلئے بیٹھنے اور کھانے کا انتظام کرتا ہے، اس کے بعد انہیں کھانا کھلایا جاتا ہے، پھر ان سے آنے کی وجہ پوچھی جاتی ہے، جبکہ وہ جانتا ہے کہ کیوں آئے ہیں مگر وہ دستور کے مطابق پوچھتا ہے اور آنے والے بزرگ سردار یا ملک صاحبان

قاتلین کا مدعا پیش کرتے ہیں، اس پر اس قتل کی دیت مقرر ہوتی ہے جو مقتول کا وارث مقرر کرتا ہے، جب اس کی مطلوبہ رقم اس کے حوالے کی جاتی ہے تو وہ اس میں سے دو دو چار چار ہزار ان قبائل کے سرداروں کو دستار [پگ] کے طور پر واپس کرتا ہے اور پھر ان کی دعائے خیر یعنی صلح ہو جاتی ہے

اب جب ہم اس روایت پہ بات کریں گے تو اسے انڈیا یا یورپ یا عرب کے تناظر میں نہیں دیکھیں گے، بلکہ اسے صوبہ سرحد کے تناظر میں دیکھیں گے اور پھر اس کی توثیق یا تضعیف کریں گے

اسی طرح واقعہ ءعقد کو جب ہم زیر بحث لائیں گے تو اسے عرب روایات کے تناظر ہی میں دیکھیں گے نہ کہ پاکستان کے تناظر میں اگر آپ عرب روایات کو دیکھیں تو پتہ چلتا ہے کہ عین جنگ کے موقعہ پر دولہا بنانا ان کی قبائلی روایت بھی تھی جو لوگ روایات عرب پر مبنی کتب اور کمپیوٹر مواد دیکھ چکے ہیں، جو لوگ ٹریڈیشنل انتھروپالوجی [روایتی بشریات] اور سوشل اتھنالوجی [عمرانی نسلیات] کی سٹڈی کر چکے ہیں اور عربک ٹریڈیشنز کا مطالعہ کر چکے ہیں وہ ایسا کوئی اعتراض دماغ میں نہیں پال سکتے، کیونکہ عرب روایات میں تو ایسے موقعوں پر خصوصی طور پر دولہا بنایا جاتا تھا، کیونکہ عرب معاشرہ کی یہ ایک روایت تھی کہ دولہا صلح کی علامت اور آخری کوشش ہوتا تھا، یعنی جب دو قبائل میں دشمنی حد سے زیادہ تجاوز کر جاتی یا نا قابل صلح ہو جاتی تھی اور ایک قبیلہ لڑتے لڑتے انتہائی کمزور ہو جاتا تھا تو دوسرا قبیلہ اس پر فیصلہ کن حملہ کرتا تھا

اس نازک موقعہ پر کمزور قبیلہ صلح کو اپنی بقا کیلئے لازم سمجھتا تھا، تو وہاں وہ صلح کے دو راستے اختیار کرتا تھا، اس کا پہلا راستہ یہ ہوتا تھا کہ وہ عین حملہ یا گھیراؤ کے وقت اپنی کسی مستور کو میدان میں یا مخالفین کے ہاں بھیج دیتا اور وہ جا کر کہتی تھی کہ میں ان کی عزت تمہارے پاس چل کر آئی ہوں اور آپ سے صلح کی بھیک مانگتی ہوں

مخالف کے اس عمل سے غالب دشمن فوراً صلح کر لیتا تھا، بلکہ اس عورت کی بہت عزت افزائی کی جاتی تھی، اس کو برقعے اور کچھ تحائف دیئے جاتے تھے، اور اس قبیلے کا سردار اس کے سر پہ چادر ڈال کر اسے بہن کا درجہ بھی دیتا تھا، اگر مخالفین کی ایک عورت کے بجائے عورتوں کا کوئی وفد آتا تھا تو اس وفد کی ساری عورتوں کو اسی طرح نوازا جاتا تھا اور انہیں چادریں دے کر بہنوں کا درجہ دیا جاتا تھا، ہاں اگر کوئی غیور اس بات پر راضی

نہ ہوتا کہ وہ اپنی عورتوں کو دشمن کے پاس بھیجے تو وہ اپنے کسی نوجوان کی شادی کا اہتمام کر کے اسے دولہا بنا کر میدان میں یا دشمن کے پاس بھیج دیتا تھا، اور وہ دولہا ان سے جا کر معافی اور صلح کی بات کرتا تھا اور کہتا تھا کہ میں ان کا دولہا تمہارے پاس چل کر آیا ہوں، ان کی بیٹی کا سہاگ تمہارے پاس چل کر آیا ہوں، اور گذارش کرتا ہوں کہ آپ ہماری خوشی کو غم میں نہ بدلیں، ہاں اگر مارنا ہے تو مجھے مار کر سردار کی بیٹی کو بیوہ کر کے اپنی دشمنی کی بھڑاس نکال لیں، مگر باقی قبیلہ والوں کو کچھ نہ کہیں اور ان سے صلح کر لیں

کیونکہ قدیم عرب قبائل روایت پرست تھے اور عار اور شرمندگی کی بدنامی سے بہت ڈرتے تھے اور ان کے ہاں یہ روایت بھی تھی کہ بیٹی چاہے دشمن کی ہے وہ قبیلے کی اپنی بیٹی ہے، اور وہ کہتے تھے کہ بہو بیٹیاں مشترکہ ہوتی ہیں چاہے جس قوم یا قبیلہ کی بھی ہوں، اس لئے وہ صلح کی پیشکش کرنے والے سردار کی بیٹی کو بیوہ کرنا پسند نہیں کرتے تھے، کیونکہ اس طرح پورے قبائل میں ان کی ناک کٹ جاتی تھی

ایسے موقعہ پر دولہا کی گذارش پر مخالف قبیلہ کو معاف کر دیا جاتا تھا، اور بعض وسیع الظرف لوگ تو اس کی شادی کے اخراجات تک خود ادا کرتے تھے

آج بھی یہ رسم و رواج و روایت ان قبائل میں کسی نہ کسی رنگ میں موجود ہے کہ جو پاکستان میں عرب سے آئے ہیں، جیسا کہ بلوچستان کے بلوچ قبائل میں آج بھی یہ رسم موجود ہے کہ جب برادری کا کوئی بھائی روٹھا ہوا ہو اور کسی طرح بھی راضی نہ ہو رہا ہو اور وہ شادی غمی میں شریک نہ ہو رہا ہو تو اس وقت سہرہ باندھ کر دولہا کو اس کے پاس بھیج دیا جاتا ہے اور وہ فوراً اس کے ساتھ شادی میں آ جاتا ہے کہ اب تو دولہا چل کر آ گیا ہے اس کو خالی لوٹانا اس کی اپنی توہین شمار ہوتی ہے

میں نے عریبک ٹریڈیشن کے حوالے سے ایک مرتبہ یہ بات اپنے محترم بزرگ مبلغ اعظم الثانی جناب علامہ قاضی سعید الرحمٰن صاحب سے کی، تو انہوں نے فرمایا کہ یہ بات تاریخ العرب میں اب بھی موجود ہے اس کے بعد انہوں نے اسی تفصیل کے ساتھ تاریخ عرب سے اس روایت کو بیان کیا تھا...... مجھے اس کتاب کے مصنف کا نام یاد نہیں رہا کیونکہ بہت پہلے ان سے بات ہوئی تھی، میرے کہنے کا مقصد یہ ہے کہ عرب میں دولہا

قاسم اتمامِ حجت کے لیے دولھا بنائے گئے

صلح کی آخری کوشش کا نام تھا

اب اس حقیقت کو بھی دیکھ لیں کہ امام مظلوم علیہ الصلوات والسلام نے امت ملعونہ پر اتمام حجت کیلئے وہاں اپنی پاک دختر صلواۃ اللہ علیہا کا عقد فرمایا اور دولہا کو میدان میں صلح کا نمائندہ یا پیام بر بنا کر روانہ فرمایا، وہاں یہ شادی کوئی عام شادی نہیں تھی بلکہ صلح کی ایک تقریب تھی، جناب شہزادہ امیر قاسم علیہ الصلوات والسلام کو اتمامِ حجت کیلئے دولہا بنایا گیا تھا میں یہ سمجھتا ہوں کہ امام حسن علیہ الصلوات والسلام کو بھی معلوم تھا کہ واقعہءِ کربلا ہونا ہے اور اس میں اتمام حجت کرنا بھی لازم ہوگا، تاکہ کل روز قیامت کوئی یہ نہ کہہ سکے کہ امام مظلوم علیہ الصلوات والسلام نے روایات عرب کے مطابق صلح کی پیشکش نہیں کی تھی، اس لئے امام حسن علیہ الصلوات والسلام نے آخری وقت یہی وصیت فرمائی تھی کہ کربلا میں میرے اس بیٹے کو دولہا بنایا جائے جو میرے سرہانے بیٹھا ہے اور اس وقت شہزادہ علی قاسم علیہ الصلوات والسلام کی عمر مبارک تین یا چار سال کی تھی

اور انہیں اس واقعہ کا انجام بھی معلوم تھا، اس لئے انہوں نے اس کام کیلئے اپنے بیٹے کو منتخب فرمایا کہ ہم بھی بنی امیہ کی طرف سے کی جانے والی صلح کی پیشکش مان چکے ہیں، اب ان کی باری ہے، وہ بھی ہماری صلح کی پیشکش کو دو حوالوں سے دیکھیں گے کہ ایک تو ہمارے احسان کے حوالے سے، دوسرا روایاتِ عرب کے حوالے سے، اس طرح ایک تو اتمام حجت کا عمل کامل ہو جائے گا اور امن کا شہزادہ صلح کا پیغمبر شہید ہوگا تو ساری دنیا آل امیہ پر اس حوالہ سے لعنت کرے گی

یہ بات سارا عرب اور امت ملعونہ بھی جانتی تھی کہ بنی ہاشم کے دو سردار ہیں، ایک امام حسن علیہ الصلوات والسلام اور دوسرے امام حسین علیہ الصلوات والسلام اور اس لئے سردار موجودہ کی پاک دختر صلواۃ اللہ علیہا کو دولہن بنایا گیا اور بڑے سردار یعنی امیر کائنات علیہ الصلوات والسلام کی دستار کے وارث کے بیٹے کو دولہا بنایا گیا، اور اس میں یتیمی کو بھی اتمام حجت کا اہم جزو بنایا گیا

اخلاقیاتی حوالہ

دوستو! اگر ہم اخلاقی حوالے سے دیکھیں تو اس روایت میں کوئی غیر اخلاقیت نہیں پائی جاتی، ہاں جن لوگوں

کیا قاسم نابالغ تھے؟

نے بات کی ہے تو انہوں نے شہزادہ پاک کے سن مبارک کے حوالے سے کی ہے، اور ان فاضل مہربانوں نے فرمایا ہے کہ شہزادہ امیر قاسم علیہ الصلوات والسلام کمسن بچے تھے اور کسی کمسن بچے کی شادی کرنا کسی بھی امام کی شان کے منافی ہے

اس کا جواب یہ ہے کہ انہوں نے علامہ مجلسی کے "لم یبلغ الحلم" کے جملے سے یہ سب کچھ اخذ کیا ہے کہ وہ کمسن تھے، جبکہ عربی میں حلم دس سال سے زیادہ اور پندرہ سال سے کم عمر کے نوجوان کو کہا جاتا ہے، جیسا کہ صاحب ریاض القدس نے اس پر بحث بھی کی ہے اور ہماری تحقیق یہ ہے کہ بوقت شہادت شہزادہ قاسم علیہ الصلوات والسلام کی عمر 14 سال 5 ماہ سے بھی زیادہ تھی، اور عرب کے گرم موسم میں اس عمر کا لڑکا بالغ ہو جاتا تھا، اس لئے عرب میں ان سے بھی کم عمر کے بچوں کی شادی کرنا عام تھا

فقہ اور تاریخ دونوں سے ہمارے موقف کی تائید ہوتی ہے کیونکہ فقہ کہتی ہے کہ لڑکی 9 سال کی عمر میں اور لڑکا 13 سال کی عمر میں بالغ مانا جائے [کم از کم عرب کے گرم موسم میں یہ کلیہ درست مانا جاتا ہے]

اور بعض فقہاء عظام نے تو یہ بھی لکھا ہے کہ لڑکی 9 سال میں بالغ ہوتی ہے اور لڑکا 11 سال میں بالغ ہوتا ہے

برادرانِ اہل سنت کی فقہ میں تو عرب کی لڑکی سات سال میں بالغ مانی جاتی ہے اور اسی سے ام المومنین عائشہ کی شادی پر دلیل لائی جاتی ہے جو سات سال کی عمر میں ہوئی تھی

ایک قابل توجہ امر یہ بھی ہے کہ جہاں دشمن زیادہ ہوں وہاں بقائے نسل کو بہت زیادہ اہمیت حاصل ہوتی ہے، اور ہم ظہور اسلام سے قبل کی عرب جنگوں میں دیکھتے ہیں تو پتہ چلتا ہے کہ نوجوانوں کو عموماً جنگ میں نہیں جھونکا جاتا تھا، یعنی جب تک کوئی صاحب اولاد نہ ہوتا، جنگ میں نہیں جاتا تھا، اور ظہور اسلام کے بعد کی جنگوں میں بھی جن کے نام بڑے بہادروں میں آتے ہیں وہ معمر لوگ تھے، جیسا کہ عمرو بن عبدود نے امیر کائنات علیہ الصلوات والسلام سے عرض کی تھی کہ آپ میرے دوست جناب عمران علیہ الصلوات والسلام کے لخت جگر ہیں، اس لئے میں آپ سے عرض کرتا ہوں کہ واپس چلے جائیں، اسی طرح دیگر جنگوں میں ہوتا تھا، اور ظہور اسلام کے بعد پہلی مرتبہ ولید ملعون کے بعد خالد بغیر اولاد کے جنگ میں شریک ہوا تھا یعنی اس دور میں بقائے نسل کا خصوصی خیال رکھا

جاتا تھا اوراس خیال سے بلوغ کے فوراً بعد شادی کرنے کا رواج عام تھا، اس لئے نوعمری میں شادی کرنا کوئی غیر اخلاقی فعل نہیں مانا جاسکتا

اگر ہم فرض کرلیں کہ 15/14 سال کی عمر میں شادی کرنا کم عمری کی شادی ہے اور یہ اخلاقی طور پر جائزنہیں ہےتو پھر ہمیں ان روایات کو بھی دیکھنا پڑے گا کہ جنہیں تاریخ سے مس رکھنے والے لوگ جانتے ہیں کہ خود ملکہ عالمین سیدۃ النساء العالمین علیہ الصلوات والسلام کی شادی خانہ آبادی نو سال کے ظاہری سن میں ہوئی، امام محمد تقی علیہ الصلوات والسلام کی جب مامون الرشید کی بیٹی ام الفضل سے شادی ہوئی تھی تو ان کی عمر صرف گیارہ سال کی تھی، شہزادہ امیر قاسم علیہ الصلوات والسلام جتنے بھی کمسن مانے جائیں پھر بھی عقد کی وقت ان کی عمر گیارہ سال سے تو زیادہ ہی تھی جب اس عمر میں ان کے اپنے ہی گھر کی ایک مثال موجود ہے اور شادی کرنے والے خود امام تھے تو پھر ان کے جد اطہر علیہ الصلوات والسلام کا اپنے 15/14 سال کے یتیم بھتیجے کی شادی کرنا ان کی شان کے منافی کیسے ہوسکتا ہے؟ اوران کا یہ فعل کس طرح غیر اخلاقی تصور کیا جاسکتا ہے؟

دوستو! حقیقت یہ ہے کہ ہمارے بعض کم بین لوگ واقعہءِ کربلا میں شہزادہ کو ایک انتہائی کمسن اور نفیس و نازک بچہ ثابت کرتے ہوئے نظر آتے ہیں، جبکہ حقیقتاً ایسا نہیں تھا، بلکہ ارزق شامی ملعون کے بیٹے سے جنگ میں ان کی جسمانی پختگی کا اندازہ ہوجاتا ہے کہ جب آپ نے اس کے تنومند جوان بیٹے کو بالوں سے پکڑ کر ایک ہاتھ میں اٹھالیا اور پھر اسے اس انداز میں زمین پر دے مارا کہ اس کی کوئی ہڈی سلامت نہ رہی، تو یہ کام کوئی کمسن بچہ نہیں کرسکتا، جیسا کہ تاریخ ومقاتل کے یہ الفاظ گواہ ہیں...... ☆فرفعه و ضربه علی الارض بحیث لم یبق له عظم الا ان کسر...... (ریاض القدس 48/2)

ایک ہاتھ سے کسی جوان کو اٹھالینا اور پھر اسے اوپر اچھال کر زمین پر اس طرح مارنا کہ اس کی ہڈی پسلی ایک ہوجائے، یہ کسی کمسن یا نازک ونفیس بچے کے بس کا روگ نہیں ہے

ان لوگوں نے لفظ ''حلم'' سے تو قیاس کیا ہے مگر انہوں نے اس عبارت کو نہیں دیکھا

☆فلم یزل الغلام یقبل یدیه و رجلیه......

یعنی شہزادہ پاک علیہ الصلوات والسلام کے بارے میں لفظ غلام کا استعمال ہوا ہے جو کہ ایک کامل جوان کیلئے استعمال ہوتا ہے، جیسا کہ شہزادہ علیؑ اکبر علیہ الصلوات والسلام کے بارے میں ☆فقد برز الیهم الغلام کا جملہ استعمال ہوا ہے اور اسی سے کچھ فاضل علماء نے انہیں بیس سال سے زیادہ عمر کا ثابت کرنے کی کوشش بھی کی ہے

کیا اس لفظ سے شہزادہ امیر قاسم علیہ الصلوات والسلام کی جوانی پر استدلال نہیں کیا جا سکتا؟

جو لوگ تاریخِ مقتل کا گہرائی سے مطالعہ کرتے ہیں وہ جانتے ہیں کہ شہزادہ امیر قاسم علیہ الصلوات والسلام کے بارے میں لفظ غلام کئی مرتبہ بولا گیا ہے جوان کے بھرپور جوان ہونے کی دلیل ہے

کچھ فاضل علمائے متقدمین نے ان کا سن مبارک سولہ سال بھی لکھا ہے، طبری نے سن مبارک دس سال لکھا ہے، ابو مخنف نے 14 سال لکھا ہے، صرف علامہ مجلسی نے لکھا ہے کہ وہ بالغ نہ تھے، چونکہ ہم بتا چکے ہیں کہ امام محمد تقی علیہ الصلوات والسلام کی شادی گیارہ سال میں ہوئی تھی اس لئے انہیں لاکھ کمسن ثابت کیا جائے ان سے کمسن ثابت نہ ہوں گے، جب ایک واقعہ ان کے خاندان کا موجود ہے تو پھر اس اعتراض کی کوئی حیثیت نہیں رہ جاتی

ایک قابل توجہ امر یہ بھی ہے کہ اس گھر اطہر کے شہزادے عام لوگوں کی نسبت جلدی جوان ہوتے تھے کیونکہ ان کی نشو ونما یا بڑھوتری کی رفتار عوام الناس سے کہیں زیادہ ہوتی تھی، جیسا کہ گیارہ سال کے سن میں جناب ابوالفضل العباس علیہ الصلوات والسلام نے صفین میں جو جنگ کی تھی، اس میں جب آپ کو بابا پاک علیہ الصلوات والسلام کا لباسِ جنگ پہنایا گیا تھا تو وہ ان کی قامت پر پورا اترا تھا...... اس لئے ساڑھے چودہ سال کے تنومند شہزادہ کو ایک انتہائی کمسن بچہ بنا کر پیش کرنا اور پھر اسی سے واقعہءِ عقد کی نفی پر دلیل لانا غیر عالمانہ رویہ ہے

شرعی و مذہبی حوالہ

دوستو! اگلے مرحلہ میں روایت کی توثیق وتضعیف کیلئے اسے شرعی پیمانے پر تولا جاتا ہے کہ کیا اس روایت میں کوئی "غیر شرعیت" تو نہیں ہے؟

الحمد اللہ آج تک اس پر کسی نے کوئی شرعی اعتراض وارد نہیں کیا، ہاں جن لوگوں نے شرعی حوالہ سے بات کی ہے تو انہوں نے مولا امام حسن علیہ الصلوات والسلام کی وصیت پر شریعت کے حوالہ سے اعتراض کیا ہے، میں ان کا نام

نہیں لوں گا، انہوں نے اپنی کتاب میں وصیت والی روایت پر اس انداز سے تنقید کی ہے جس سے صاف محسوس ہوتا ہے کہ انہیں عزاداری کے خلاف ہائر کیا گیا ہے

انہوں نے لکھا ہے کہ شرعی وصیت کا کلام الٰہی میں ایک مخصوص طریقہ مذکور ہے کہ دو گواہوں کے سامنے وصیت کی جائے اور یہ کیسی وصیت ہے کہ جس کا کسی کو علم تک نہ تھا، صرف امام مظلوم علیہ الصلوات والسلام ہی کو بغیر گواہوں کے وصیت کر دی گئی جو شرعی وصیت کے قوانین پر پوری نہیں اترتی

اس کا جواب یہ ہے کہ انہوں نے چونکہ ویسے بھی مراسم عزاداری کو ختم کرنے کا بیڑا اٹھایا ہوا ہے، اس لئے ان سے تو ہماری بات ہی نہیں ہے، ہاں جو لوگ حقیقت پسند ہیں ان سے گذارش کروں گا کہ جو قوانین عام لوگوں کیلئے ہوتے ہیں اس میں استثناء ضرور ہوتا ہے، جیسا کہ عام عدالت میں دو گواہوں کا ہونا ضروری ہے مگر شہنشاہ انبیاء صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کچھ اصحاب کرام کو گواہی کا مکمل نساب قرار دیا تھا

اسی طرح ہم دیکھتے ہیں کہ اگر کسی کیس میں ایک طرف ایک ہزار گواہ ہوں اور دوسری طرف جناب ابوذر غفاری گواہ ہوں تو قاضی شرعی کو ان ہزار لوگوں کے مقابلے میں ان کی گواہی قبول کرنا پڑے گی کیونکہ ان کی گواہی کو رد کرنا انہیں نعوذ باللہ جھوٹا ثابت کرنے کے مترادف ہے اور انہیں جھوٹا ثابت کرنا شہنشاہ انبیاء صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث پاک کی تکذیب کے مترادف ہے، کیونکہ انہوں نے ان کی سچائی کے بارے میں فرمایا تھا کہ ان جیسا سچا زیر آسمان کوئی ہے ہی نہیں اس لئے ہزاروں لوگوں کو جھٹلانا لازم ہے اور انہیں سچا ماننا واجب ہے اور رد کرنا کفر ہے

یہ تو عوام کی بات تھی اب ہمارے سامنے شہنشاہ کربلا علیہ الصلوات والسلام کی ذات ہے تو ان کے سامنے اگر کروڑوں فرشتے بھی گواہی دیں تو ہمیں فرشتوں کی عصمت پر شک کر لینا چاہیے مگر شہنشاہ کربلا علیہ الصلوات والسلام کی عصمت پر شک نہیں کیا جا سکتا کیونکہ وہ ایسے معصوم ہیں کہ جو سہو اور نسیان تک سے اجل و ارفع و اعلیٰ ہیں، اب اگر یہ فرماتے ہیں کہ ہمیں بھائی نے وصیت فرمائی تھی تو پھر کسی گواہ کی ضرورت ہی نہیں ہے جیسا کہ ہماری کتب غیبت میں جناب کامل بن ادریس کے سامنے شہنشاہ زمانہ عجل اللہ فرجہ الشریف نے اپنے بابا پاک علیہ الصلوات والسلام کی ایک

طویل وصیت بیان فرمائی ہے اور اس پر آج تک کسی بڑے سے بڑے عالم نے بھی یہ اعتراض نہیں کیا کہ یہ کیسی وصیت ہے کہ جو قوانین شرع کے معیار پر پوری نہیں اترتی جب ان پر کسی نے کوئی اعتراض نہیں کیا ہے تو پھر امام مظلوم علیہ الصلوات والسلام پر کیسے یہ اعتراض لاگو ہو سکتا ہے؟

دوسری بات یہ ہے کہ شہنشاہ کربلا علیہ الصلوات والسلام نے جس وصیت کا ذکر فرمایا ہے ممکن ہے اس کے گواہ موجود ہوں اور ناقلِ روایت کو معلوم نہ ہوں......سوچا جائے تو کسی صورت میں وصیت پر اعتراض جائز نہیں ہے

دوستو! حقیقت یہ ہے کہ وصیت پر اعتراض تو سراسر جاہلیت وکفر ہے کہ جب امام علیہ الصلوات والسلام نے فرمادیا تو کسی کو پوچھنے کا بھی حق نہیں ہے کہ آپ نے کس حوالے سے فرمایا ہے، کیونکہ یہ رویہ تو فدک کے کیس جیسا ہے کہ وہاں بھی شریعت کے نام پر ڈاکہ ڈالا گیا تھا کہ گواہ پیش کریں، گواہ پیش ہوئے تو کہا نساب پورا نہیں ہے، جب نساب پورا ہو گیا تو کہا بیٹوں کی گواہی والدہ کے حق میں قابل قبول نہیں ہے

یہ صرف ڈاکہ ڈالنے کے بہانے تھے

حفظ مراتب کا حوالہ

اگلے مرحلے میں یہ دیکھا جاتا ہے کہ روایت جس شخصیت کے بارے میں ہے کیا اس کے خلافِ شان تو نہیں ہے؟ ان کی عظمت اور سٹیٹس کے خلاف تو نہیں ہے؟

اس حوالے سے آج تک اس پر کسی نے کوئی اعتراض لاگو کیا ہی نہیں کیونکہ دختر کی شادی بھتیجے سے کرنا کسی کے خلافِ شان نہیں ہوتا جبکہ بھتیجا بھی سعادت مند، نیک اور جانثار ہو اور اس کے دوسرے بھائی پہلے بھی اس شرف سے مشرف ہوں تو پھر شان وعظمت کے خلاف تصور کرنا بھی درست نہیں ہے

معروف عام کا حوالہ

پانچویں مرحلے میں یہ دیکھا جاتا ہے کہ زیر بحث روایت معروف عام کے خلاف تو نہیں ہے؟ کیونکہ شرعاً اور مذہباً امر بالمعروف کا حکم ہے، یعنی جو معروف ہو روایت کو اس کے خلاف نہیں ہونا چاہیے

اب ہم دیکھتے ہیں کہ یہ روایت انتہائی معروف ہے اور جو اسے رد کرتے ہیں وہ خلاف معروف کا ارتکاب

کرتے ہیں، کیونکہ آج دنیا کے جس گوشے میں بھی شیعہ عزاداری کرتے ہیں وہاں اس شہزادہ کی شادی وعقد کا ذکر خصوصی طور پر ہوتا ہے

اور عشرۂ محرم میں ایک دن اس تقریب کیلئے مخصوص ہوتا ہے، حجلہ عروسی [سیج] بنائی جاتی ہے یا مہندی کی شبیہ برآمد ہوتی ہے، اس میں ایران، عراق، شام، مصر، لبنان، پاکستان، ہندوستان، بنگلہ دیش، کشمیر بلکہ یورپ تک جہاں بھی شیعہ ہیں وہ کسی نہ کسی طرح سے شادی کا ذکر کرتے ہیں اور امام مسموم علیہ الصلوات والسلام کے لخت جگر علیہ الصلوات والسلام کی حسرت آمیز شادی پر گریہ وبکا کرتے ہوئے یہ ثابت کرکے دکھاتے ہیں کہ خود کو عرب کہنے والے کس قدر گرے ہوئے لوگ تھے کہ انہوں نے ساری اسلامی اور عربی روایتوں کو توڑا ہے، محرم الحرام میں جنگ کرکے انہوں نے روایت عرب کو توڑا ہے، کہ جسے اسلام نے بھی باقی رکھا تھا کہ امیر کائنات علیہ الصلوات والسلام کی جب صفین کے مقام پر جنگ ہوئی تو وہاں عین جنگ کے دن محرم کا چاند نظر آ گیا تھا تو دونوں لشکروں نے ہتھیار اتار کر رکھ لئے تھے اور پورا مہینہ وہاں قیام رکھا اور جنگ نہیں کی اور جب صفر کا چاند نظر آیا تو پھر جنگ ہوئی مگر کربلا میں یہ قانون بھی توڑا گیا

ساتھ ہی دولہا کو کسی بھی جنگ میں قتل نہیں کیا گیا تھا جبکہ وہ صلح کی پیشکش لے کر آئے، کیونکہ یہ قانون جناب داؤد علیہ السلام کے زمانہ سے رائج تھا، اس لئے اسے کسی عرب نے نہیں توڑا تھا مگر کربلا میں اسے توڑا گیا

اور یہ رسم حجلۂ عروسی ان تمام علاقوں میں صدیوں سے رائج ہے کہ جہاں جہاں عرب سے تعلق رکھنے والے قبائل پہنچے ہیں...... آج ہم جو سیج پاک برآمد کرتے ہیں یہ اس حجلۂ عروسی [خیمۂ عروسی] کی شبیہ ہے کہ جو خیمۂ عروسی کے نام سے آج بھی کربلا میں موجود ہے

میرے ایک دوست اپنے ہی حوالے سے فرما رہے تھے کہ ہم نے آیت اللہ محمد شیرازیؒ سے حجلۂ عروسی کے بارے میں سوال کیا تو انہوں نے فرمایا کہ وہ تو ہمارے گھر سے بھی برآمد ہوتا ہے "از خانہ ما بیرون میآید......" اسی طرح ایران میں تو بڑے بڑے علمائے عظام کے گھروں سے سیج [حجلۂ عروسی] کی شبیہ برآمد ہوتی ہے

خود کربلا معلّٰی [عراق] میں تو خیمہء عروسی آج بھی موجود ہے اور اس کی ساری منتیں مہندی کی ہوتی ہیں......

اور ہم آج بھی کہتے ہیں کہ جس شریف انسان کو بچی کی شادی کا مسئلہ درپیش ہو، وہ مہندی کی منت مان کر تصدیق کر لے کہ منت پوری ہوتی ہے یا نہیں ہوتی؟

اگر منت پوری ہو جائے تو پھر اسے اس روایت کی تائید ایزدی تصور کرے

اخلاقی دلیل

ہمیں یہ بھی نہیں بھولنا چاہیے کہ امام مظلوم علیہ الصلوات والسلام جہاں دیگر مناصب اعلیٰ کے مالک تھے وہاں وہ اخلاقِ انبیاء علیہم السلام کے مبلغ بھی تھے، اور جناب داؤد علیہ السلام نے ایک نابالغ یتیم بچے کی شادی صرف اس لئے کی تھی کہ ایک بیوہ ماں کی آرزو کو پورا کرنا وہ اپنا اخلاقی فرض سمجھتے تھے، اور ان کے اس فرض کی ادائیگی پر خالق نے مہر جواز اس صورت میں صادر فرمائی کہ اس بچے کی عمر چالیس سال بڑھا دی [اس کی تفصیل مجلس میں موجود ہے]

اسی طرح امام مظلوم علیہ الصلوات والسلام کا بھی اخلاقی فریضہ یہی تھا کہ وہ بھی ایک بیوہ ماں کی چودہ سال کی آرزو کی تکمیل ضرور فرمائیں، اس عقد سے جہاں ان کے دوسرے مقاصد پورے ہوئے ہیں، وہاں ان کا یہ اخلاقی فریضہ بھی ادا ہوا ہے

تائیدات

اب یہاں یہ بھی عرض کردوں کہ اس مسئلہ سے متعلق جہاں دوسری دلائل و تائیدات موجود ہیں، وہاں معصومین علیہم الصلوات والسلام کی طرف سے بھی اس ضمن میں ہر دور میں تائیداتِ منامی بھی صادر ہوتی رہی ہیں اور کوئی بھی دور ایسا نہیں رہا ہے کہ جس میں یہ تائیدات منامی نہ ملی ہوں

اس ضمن میں شاید کوئی یہ سوچے کہ عالم خواب میں معصومین علیہم الصلوات والسلام کی زیارت محلِ توقف ہے تو ان لوگوں سے عرض کروں گا کہ سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا کہ ☆من رأنی فی المنام فقد رأنی......

یعنی جس نے بھی خواب میں ہماری زیارت کی ہے گویا اس نے بیداری میں زیارت کی ہے، کیونکہ ابلیس اس

شکل میں کبھی متشکل نہیں ہوسکتا...... اور یہ حدیث متفقہ بین تشیع ہے اور اس پر امامیہ کا اتفاق ہے کہ کسی بھی معصوم علیہ الصلوات والسلام کی شکل میں کوئی غیر متشکل نہیں ہوسکتا اور ان کی زیارت عالم خواب و بیداری میں برابر ہوتی ہے، اس پر ہمارے علمائے اعلام نے اپنی کتب میں کچھ ابواب بھی قائم کئے ہیں اور رؤیائے صادقہ بھی نقل کئے ہیں اور اس پر جناب ابراہیم علیہ السلام اور جناب یوسف علیہ السلام کے خوابوں سے استدلال بھی کیا ہے

اور صاحب دارالسلام علامۃ الجلیل جناب شیخ محمود عراقی نے تو اپنی کتاب غیبت دارالسلام میں منامات کا ایک طویل باب بھی قائم کیا ہے، اس لئے جو تائیدات معصومین علیہم الصلوات والسلام واقعہءِ عروسی کے ضمن میں عالم خواب میں حاصل ہوئی ہیں انہیں بھی درست ماننا لازم ہے اور اس واقعہءِ عروسی کے ضمن میں بہت سے رؤیائے صادقہ اور تائیدات معصومین علیہم الصلوات والسلام موجود ہیں، اور بہت سی تائیدات تو نقل ہی نہیں ہوسکیں، ہاں بعض علمائے اعلام نے ان تائیدات معصومین علیہ الصلوات والسلام کو بطور دلیل کے بیان فرمایا ہے جیسا کہ صاحب نفائس الاخبار ہیں یا علامہ دربندی ہیں تو انہوں نے ان واقعات کو بطور دلیل بھی پیش کیا ہے

صاحب نفائس الاخبار لکھتے ہیں

بدان کہ بعض از علماء ابرار زیاد اصرار دار د در کتاب خود بر اینکہ از برائے قاسم علیہ الصلوات والسلام زفاف اتفاق افتادو خبر مذکور را مدرک حکم قرار دادہ و از برائے مطلب خود ادلہ اقامہ کردہ ماند' خوندان ذاکرین این قضیہ را در بالای منابر در مجالس علماء و تقریر علما را دلیل آوردہ و دیگر آنکہ شعراء آنرا در قصاید و مراثی ادراج نمودہ اندو دیگر آنکہ متداولست درمیان مردم کہ تعزیہ قاسم علیہ الصلوات والسلام برپا می کنند بہ تفصیل عروسی و دیگر خوابہا ئیکہ جمیع از علماء دیدند کہ در عالم رویاء خدمت حضرت سید الشہد اعلیہ الصلوات والسلام مشرف شدہ از وقوع این قضیہ ایشان را اخبار فرمود

(بحوالہ کتاب نفائس الاخبار صفحہ 295)

یہ جاننا چاہئے کہ علمائے ابرار میں سے زیادہ لوگ اپنی کتابوں میں عروسی شہزادہ امیر قاسم علیہ الصلوات والسلام کو متفقہ علیہ قرار دیئے جانے پر اصرار کرتے ہیں اور وہ اس روایت کو فیصلہ کن (حکم) قرار دیتے ہیں اور وہ اپنے

مطلب و مقصد پر ان چیزوں سے دلائل لاتے ہیں، یعنی ذاکرین کا اس واقعہ کو علمائے اعلام کی مجالس میں بر سر منبر پڑھنا اور ان کا انہیں نہ روکنا...... اس کو اس امر کی صداقت کی دلیل بناتے ہیں دوسری بات یہ ہے کہ شعرا نے اس روایت کو قصائد اور مرثیوں میں منظوم کیا ہے اور عوام شہزادہ پاک علیہ الصلوات والسلام کی تعزیتی مجالس کو عروسی کی تفصیل کے ساتھ قائم کرتے ہیں (یہ بھی ایک دلیل صداقت ہے)

کثیر علماء عظام نے دیکھا ہے کہ وہ عالم خواب میں امام مظلوم علیہ الصلوات والسلام کی بارگاہ قدس میں مشرف بہ زیارت ہوئے اور اس واقعہ کی تصدیق چاہی اور سرکار علیہ الصلوات والسلام نے اس کی خبر دی

(تو یہ بھی اس واقعہ کی صداقت پر ایک ناقابل تردید دلیل ہے)

صاحب اسرار الشہادہ علامہ دربندی نے ایسے رویائے صادقہ کا ذکر کیا ہے کہ جن میں واقعہ مذکور کی معصومین علیہم الصلوات والسلام کی طرف سے تصدیق و تائید ہوئی ہے

پاک و ہند کے بعض علمائے عظام کو بھی اسی طرح عالم خواب میں خود معصومین علیہ الصلوات والسلام نے اس واقعہء عروسی کو بیان کرنے کی تاکید فرمائی جیسا کہ جناب مولوی ہدایت حسینؒ نجفی اور سید الواعظین سید آغا حسینؒ شاہ صاحب کے نام قابل ذکر ہیں

ایسی لاتعداد تائیدات و احکامات خود ہمارے بزرگوں کو آئمہ ھدیٰ علیہم الصلوات والسلام کی طرف سے موصول ہوئی ہیں

کچھ لوگوں نے یہ کہا ہے کہ یہ خیمہء عروسی تو شاہانِ قاچار و صفوی نے بنوایا تھا اور یہ کوئی صداقت کی دلیل نہیں ہے

میں انہیں عرض کروں گا کہ شاہانِ صفوی و قاچار نے جو کام کیے ہیں وہ مراجع عظام کے مشورہ سے کیے ہیں اور شاہانِ صفوی بھی عرب کی روایت کو جانتے تھے اس دور کے مراجع عظام رضوان اللہ علیہم بھی قدیم عرب روایات سے کماحقہ، واقف تھے اس لئے انہوں نے اجازت دی اور شاہانِ وقت نے حجلہءِ عروسی تیار کروایا تھا

کیونکہ ہمارے یہاں کے عربی دان لوگ ساری روایات کو ہندوستان و پاکستان کے تناظر میں دیکھتے ہیں اور عرب روایات کو بالکل جانتے تک نہیں ہیں، اس لئے وہ صرف ''کیوں'' اور ''کیسے'' کی طرح کے اعتراض

کرتے چلے جاتے ہیں

دوستو! یہاں تک آپ نے دیکھ لیا کہ ان سارے مراحل میں اس روایت عقد کی توثیق ہوتی ہے اور اسے درست ماننے میں کوئی چیز مانع نہیں ہے سوائے ضد کے

اب ہم یہاں چند متفرق اعتراضات کے بھی اجمالی طور پر جواب دینا ضروری سمجھتے ہیں تا کہ اس کا کوئی گوشہ خالی نہ رہ جائے

اعتراض

کچھ مہربانوں نے یہ فرمایا ہے کہ اگر امام مظلوم علیہ الصلوات والسلام نے اپنے لخت جگر کی شادی ماہ محرم میں کی ہے تو پھر ہمیں سنت امام کے مطابق ماہ محرم میں شادیاں کرنا اور خصوصی طور پہ روزِ عاشور شادی کرنا جائز ہونا چاہیے تھا، ہمارے لئے ان ایام عزا میں شادی کرنا کیوں حرام مانا جاتا ہے؟

اس کا جواب یہ ہے کہ حرمت عمومی کی دو اقسام ہیں

() حرمت واقعی () حرمت واقعیتی یا واقعاتی

یعنی ایک چیز کا حرام ہونا کلی طور پر ہوتا ہے مگر ایک چیز ایسی بھی ہوتی ہے کہ جو اصالتاً حرام نہیں ہوتی بلکہ کسی واقعہ کی وجہ سے یا کسی دوسری وجہ سے حرام ہو جاتی ہے، جیسا کہ ہم جانتے ہیں کہ شادی کرنا اصالتاً جائز ہے لیکن ایک شخص اپنے بیٹے کی شادی کرنا چاہتا ہے اور وہ کسی سعد تاریخ کو منتخب کرتا ہے، کسی معصوم کے یوم میلاد کو یا کسی دیگر سعد تاریخ کو شادی طے ہو جاتی ہے، عین شادی کے روز اس کی والدہ یا والد فوت ہو جاتا ہے یا قتل ہو جاتا ہے تو وہ شادی ملتوی کر دیتا ہے، اور اس پر اس وقت شادی کرنا حرام ہو جاتا ہے کیونکہ والد کی وفات یا قتل کے دن شادی کرنے سے شریعت روکتی ہے، یہ حرمت واقعیتی ہے نہ کہ واقعی ہے، کیونکہ شادی کرنا واقعی حرام نہیں ہے

اسی طرح واقعہ ءِ کربلا سے قبل اس تاریخ کو شادی کرنے کی منع نہیں تھی اور شہنشاہ کربلا علیہ الصلوات والسلام نے بھی یہ شادی کی تھی تو واقعہ ہونے سے پہلے کی تھی، ہاں اگر واقعہ ءِ کربلا کے بعد کسی امام نے روز عاشور شادی کی یا

کسی شہزادہ کی شادی کی ہے تو پھر ان کی بات پر غور کیا جا سکتا ہے، مگر ہمارے آئمہ ہدیٰ علیہم الصلوات والسلام کا معمول تو یہی رہا ہے کہ ایام عزا میں ہمیشہ سوگوار رہے، حتیٰ کہ بعض آئمہ ہدیٰ علیہم الصلوات والسلام روز عاشور سر برہنہ پا برہنہ عزاداری فرماتے تھے......ان ساری باتوں سے جو بھی ثابت ہو روایت عقد کی نفی نہیں ہوتی

اعتراض

شادی کی روایات کے بارے میں ایک اعتراض یہ ہوتا ہے کہ اس میں کوئی خلافِ شان کلمات بھی ہیں

اس کے جواب میں عرض کروں گا کہ اس روایت کی بنیاد میں کوئی قباحت نہیں ہے یعنی شادی ہوئی ہے، اب اس کی تفصیلات میں کچھ دیگر مواد شامل ہو جائے تو اس سے اصل واقعہ کی نفی نہیں ہوتی، جیسا کہ ہمارے سامنے ہر شہید کی شہادت کے واقعات میں حتیٰ کہ تاریخ آئمہ علیہم الصلوات والسلام میں بھی کچھ نہ کچھ مبالغہ موجود ہے اور صاحبانِ عقل اس مبالغہ سے صرف نظر کرتے ہوئے اصل بات کو تسلیم کرتے ہیں اور جو خلافِ شان مواد ہے اس کی نفی بھی کر دی جاتی ہے نہ کہ اصل روایت یا واقعہ سے انکار کیا جاتا ہے اور اگر ایسا کیا جائے تو یہ بھی ایک جارحانہ رویہ ہے جو کسی عالم کے شایانِ شان نہیں ہے

شادی کی روایت کے اجزا کو میں اپنی مجلس میں بیان کروں گا، یہاں یہ بھی عرض کر دوں کہ ہمارے متقدمین روضہ خوان بعض چیزوں کو اعتباراً بیان کرتے تھے جیسا کہ زخموں کو سہروں کے پھول کہتے تھے، خون آلود سرخ زمین کو سیج کہتے تھے، خون کو مہندی سے تشبیہ دیتے تھے، سنگباری کو دولہا پر نثار موتی نچھاور کرنا بیان فرماتے تھے، تو اعتبارات کو کسی عالم نے کبھی بھی حرام نہیں کہا ہے، یہ ایک طرح کا کنایہ، استعارہ، تشبیہ، اعتبار ہے جو حسن کلام و بیان ہوتا ہے اور یہ محاسن کلام میں شامل ہے

اعتراض

ہمارے فاضل مہربان اعتراض کرتے ہیں کہ سیج کا بنانا درست نہیں ہے......اس پر انہوں نے غلیظ تصورات کو پیش کر کے سیج بنانے سے روکنے کی کوشش کی ہے

اس کے جواب میں عرض کروں گا کہ یہ ایک نفسیاتی حربہ ہے کہ کسی اچھی چیز کو بری شکل میں پیش کر دیا جائے

تا کہ وہ اچھائی رک جائے، جیسا کہ میرے سامنے ایک صاحب کسی سے فرما رہے تھے کہ یہ جو شیعوں میں رونے سے نجات کا تصور ہے کہیں یہ عیسائیت سے تو نہیں آیا؟ اور ان کے مقابل جو فاضل شخص بیٹھے ہوئے تھے وہ اس تصور ہی سے انکار فرما رہے تھے کہ ہمارے ہاں رونے پر نجات کا کوئی تصور موجود ہی نہیں ہے کیونکہ یہ تو عیسائیت کا نظریہ ہے۔ اس پر میں نے مداخلت کی اور کہا بھائی صاحب! میں تو یہ بھی سوچتا ہوں کہ اللہ ایک ہے اور اس کی وحدت کا نظریہ اسلام میں کہیں یہودیت سے تو نہیں آ گیا کیونکہ اسلام سے پہلے اللہ کو ایک سمجھنے والا مذہب ان کا تھا اور یہ نظریہ ہم نے ان سے چرایا ہے

اس پر اس نے کہا کہ ایسا کچھ نہیں ہے، تو میں نے گذارش کی بھائی جو سچائی ہو وہ کسی کی ذاتی جاگیر یا پراپرٹی نہیں ہوتی، کسی مذہب کی ملکیت نہیں ہوتی، اس لئے رونے پر نجات کا تصور صرف اسلام میں نہیں بلکہ سارے مذاہب میں موجود ہے

ایسے نفسیاتی حربوں کو آپ آسانی سے دیکھ سکتے ہیں جیسا کہ ایک صاحب نے جوش ملیح آبادی کے سامنے نماز کے رکوع و سجود کی ایسی قبیح تصویر بنائی تھی کہ انہوں نے پھر پوری زندگی نماز نہ پڑھی اور کہتے تھے کہ عبادت کا یہ انداز غیر شریفانہ ہے

اسی طرح آج کوئی سیج پر اپنی غلیظ ذہنی گندگی اچھالتا ہے تو یہ گندگی اس کے منہ پر پڑے گی، ہمیں ایک اچھی چیز کو نہیں چھوڑنا چاہیے، کیونکہ اگر گندی ذہنیت سے دیکھا جائے تو ہر اچھی چیز کی ایک بدترین تصویر بنائی جا سکتی ہے، مگر یہ دشمنانہ سوچ تو ہو سکتی ہے، کوئی شیعہ یا عقیدت مند ایسی گندی باتیں سوچ ہی نہیں سکتا

انہی اشارات کے ساتھ اجازت چاہوں گا

جعفر نقوی

بنی اسرائیل کی وحی اور عقدِ قاسمؑ

﴿ ’وحی کودک‘ ﴾



وحی کودک

اسماعیل بن علی قزوینی (قرن ۱۲ه.ق) از بزرگ‌ترین خاخام‌های یهود در دوران فتحعلی شاه قاجار در ایران است. این عالم بزرگ با بررسی کتب انبیاء گذشته که نزد یهودیان موجود بوده، به حقّانیت دین اسلام و مذهب تشیّع می‌رسد و شیعه می‌شود. وی اسلام آوردن خود را چنین بیان می‌کند:

«بر ارباب بینش مخفی نماند که کمترینِ خلائق، اسماعیل قزوینی چون از ابتداء و سنّ، به مباحثه و مطالعه‌ی کتب انبیاء سلف[1] اشتغال می‌داشتم و اهتمام تمام[2] در دین داشتم، بعد از آنکه استحضار و اطّلاع کلّی بر جزئیات کتب مزبور بهم رسانیدم، آیات و اخباری که دالّ بر حقیّت دین اسلام بود به نظر می‌رسید؛ لهذا همّت گذاشتم که تفکّر و تعمّق بلیغ در این امر عظیم نموده و حقیّت دین شریف اسلام را برخود مکشوف سازم. بناءً علیه[3]، خود را مخلّا از اغراض فاسده‌ی نفسانی[4] نموده، در کتب انبیاء تامّل بلیغ نمودم و در این باب مجاهده‌ی تمام نمودم تا به توفیق ربّانی و هدایت یزدانی، حقیّت اسلام بر من کشف شد...[5]»



این عالم بزرگوار از معتمدین خاخام‌های یهود و قوم ایشان بود و مقام وی در نزد ایشان را پسر وی چنین توصیف می‌کند:

---

۱. گذشته
۲. بیشترین سعی
۳. بنابراین
٤. خالی از غرض ورزی‌های کورکورانه
۵. انباء الانبیاء، مقدمه، صص ۶-۷ (pdf)

«والد فقیر[1] از سلسله بنی اسرائیل و در میان ایشان از افاضل و اعیان[2] بود و همگی و ارباب آن طایفه[3] به فضل و تتبّع او[4] معترف و او را به صفت زهد و تقوا منصّف می‌دانستند و آن مرحوم در تمام عمر، مشغول تحصیل علوم و مطالعه‌ی کتب و متابعت رسوم انبیاء سلف[5] و علماء خلف[6] بود و در آن، تجسس و طلب به غیر از تمییز[7] میانه‌ی حقّ و باطل ادیان و وصول، به طریق حقّ و ایقان[8]، مطلبی و مقصدی نداشتند و پیوسته ظهور راه صواب[9] را از مفتّح الابواب سائل[10] و استجابت دعای خود را از آن جناب، آمل بودند[11] تا آنکه توفیق ربّانی شامل حال او و تایید سبحانی، کافل آمال آن سعادت مآل گردیده[12]، به تشریف شریف دین حنیف سرافراز و به این عطیّه‌ی عظمی[13] از امائل و اقران خود[14] ممتاز گردیده.[15]»

---

۱. پدر اینجانب
۲. از داناترین و از بزرگان
۳. بزرگان یهودیت
۴. دانش و تحقیقات او
۵. تبعیّت از آموزه‌های پیامبران پیشین
۶. علمای جانشین پیامبران
۷. جدا کردن
۸. رسیدن به راه درست و یقین به آن
۹. آشکار شدن مسیر درست و حق
۱۰. از خدا خواستار بود
۱۱. برای استجابت دعایش امیدوار بود
۱۲. تا آنکه خدا پذیرنده‌ی آرزوی آن نیک بخت شد
۱۳. هدیه‌ی بزرگ
۱۴. نزدیکان و همانندان خود
۱۵. محضر الشهود فی ردّ الیهود، مقدمه

این عالم بزرگوار پس از شیعه شدن به مناظراتی با علمای یهود و جماعت یهودیان پرداخت و بسیار مشتاق بحث و مناظره با ایشان بود و یهودیان از وی بسیار بیمناک بودند و با اینکه حقّ بر ایشان روشن شده بود، آن را نپذیرفتند. این ترس جماعت یهود را پسر مولّف چنین توصیف می‌کند:

«جماعت یهود را شنیدن این خبر کمال دهشت و باعث نهایت وحشت[1] شد. این معنی[2] را فتور[3] دین و ملت و سبب نقض و مذلّت خود دانسته، چاره جویی بر کمر بستند و در پس زانوی تفکّر و تحیّر نشستند و از اطراف و جوانب زبان تعییر[4] و ملامت گشودند و...[5]»

این عالم خبره و رهیافته به طریق حقیقت، برای اثبات حقّانیت اسلام و تشیّع، کتابی به نام «اَنباء الانبیاء» نوشت که تماماً از کتب یهودیت حقّانیت اسلام و تشیّع را ثابت می‌کند. یهودیان بسیار سعی در نابود کردن کتاب وی داشتند امّا خوشبختانه نسخی محدود از کتاب او به صورت نسخه‌ی خطّی موجود است که به آن دست یافتیم.

فردی دیگر به نام **محمّد رضا جدید الاسلام (قرن ۱۳ ه.ق)** که لقب جدید الاسلام را بعد از مسلمان شدنش برای خود برگزید، از مهمّترین یا مهمّترین عالم یهودی در ایران بود که با مسلمان و شیعه شدن خود، ضرر

---

۱. باعث بیشترین ترس شد
۲. شیعه شدن او را
۳. باعث سستی و تضعیف
۴. سرزنش و نکوهش کردن
۵. محضر الشهود فی ردّ الیهود، مقدمه

بزرگی بر یهودیان تحمیل کرد. مترجم کتابش درباره او می‌نویسد:

«فرید زمان و وحید دوران، اعلم علماء اسرائیلیان فی زمانه و عصره[1] و افضل فضلاء قومه فی دهره و اوانه[2]، المستبصر به دین اسلام[3]، علّام و فهّام[4]، میرزا محمّد رضای جدید الاسلام...[5]»

یا می‌نویسد:

«میرزا محمّد رضا جدید الاسلام از علمای یهود از جمیع بلاد با اقرار ایشان، به اعلمیّت آن بزرگوار و رجوع کلّیه‌ی یهود و علماء ایشان در هر مسئله و حکمی که بر ایشان مشتبه می‌شد یا آنکه غیر معلوم بود، به آن مرحوم رجوع می‌نمودند. به مجرّد شنیدنشان و دیدنشان اسلام آوردن و مستبصر گردیدنشان به دین و آیین پیغمبر آخر الزّمان ... بی‌انصافان از علمای ضالّ و مضلّ ایشان، کمال اهتمام را ورزیدند در انحراف آن بزرگوار و ردّ بر کتاب مستطابش و بعد از مایوس شدن از هر دو مقام در صدد ایذاء و آزار آن بزرگوار بر آمدند...[6]»

این عالم بزرگوار و رهیافته به دین اسلام کتابی مفصّل و بیچاره کننده‌ی یهودیان در اثبات حقّانیت اسلام و شیعه از معتبرترین کتب یهودیان به نام «منقول رضائی» به زبان عبری نوشت. یهودیان شدیداً بر آن آمدند تا کتب وی را نابود کنند امّا خوشبختانه این کتاب نهایتاً توسط فردی به نام علی بن حسین حسینی (قرن ۱۳-۱۴ه.ق) در دوران

۱. داناترین علمای یهود در دوران خود
۲. با فضیلت‌ترین فضیلتمندان در عصر خود
۳. دارای بصیرت در دین اسلام
٤. فردی بسیار دانا
٥. اقامة الشهود فی ردّ الیهود، مقدمه
٦. اقامة الشهود فی ردّ الیهود، صص ۲۸۹-۲۹۰

ناصرالدّین قاجار به اصرار بزرگان و علماء، به فارسی برگردانده شد و نام ترجمه‌ی آن را «اقامة الشهود فی ردّ الیهود» نهادند.

حاج بابا بن اسماعیل قزوینی (قرن ۱۳ه.ق) فرزند اسماعیل قزوینی به تبع پدر مسلمان شد و راه پدر را در طریق ابلاغ تشیّع و طریقت حقّه‌ی اسلام ادامه داد. وی همچون پدر به محاجّه با یهودیان پرداخت و مبارزات علمی وسیعی با آنان داشت. وی کتابی کامل و مهم به نام «محضر الشهود فی ردّ الیهود» نگاشت که حقّانیت تشیّع را بر اساس کتب و اخبار یهودیان به اثبات می‌رساند.

این سه بزرگوار رهیافته به حقیقت، ملّا اسماعیل قزوینی (قرن ۱۲ه.ق)، محمّد رضا جدید الاسلام (قرن ۱۳ه.ق) و حاج بابای قزوینی (قرن ۱۳ ه.ق) از مهمّترین علمای یهود بودند که به تشیّع گرویدند و هر سه از کتبی از یهودیان نقل کردند که آنها سعی در مخفی نمودن آن کتب داشتند؛ چنانچه نزد علمای یهود کتبی موجود است که آنها اعتماد تمام بر آن دارند و در آنها صریحاً به حقّانیت دین مبین اسلام اشاره شده. هر سه این بزرگواران اذعان کردند که نزد یهودیان کتابی به نام «نبوئت هَیلَد[1]» که جمع‌آوری وحی کودک است در کمال اعتبار موجود است که در آن براهینی بر حقّانیت اسلام موجود می‌باشد.

همانطور که عرض شد این کتاب در کامل‌ترین اعتبار نزد یهودیان است چرا که سه تن از بزرگترین علمای ایشان که مسلمان شدند به

۱. یا نبوّت هیلد. اقامة الشهود فی ردّ الیهود، ص ۲۹۲

متداول بودن آن اشاره کردند.

ملّا اسماعیل قزوینی می‌نویسد:

«آن کتاب در میان بنی اسرائیل متداول است[۱]»

محمّد رضا جدید الاسلام می‌نویسد:

«از جملهٔ ادلّه کافیه و حجج شافیه[۲] بر اثبات مدعای ما کیفیت وحی کودک است.[۳]»

حاجی بابا قزوینی می‌نویسد:

«هرگاه علماء یهود در آن تعقّل می‌نمودند و آن را مثل سایر کتب خود تفسیر می‌کردند، بغیر از این چاره نداشتند که ترک دین آباء و اجداد خود نموده، پیروی مذهب حقّه محمّدی نمایند و با این مزاج ایشان [که] مجبول بر عصیبت و لجاج[۴] است، مطلقاً موافقت نداشت، فلهذا به قدر وسع و طاقت سعی در اخفاء[۵] کتاب مذکور نموده، چنان کردند که نشان آن در صفحه روزگار نماند ... نسخه مذکور با آن کتاب در یک جلد بوده و به قالب رسیده و علماء بر صحّت آن شهادت دادند، زیرا که بنای امر[۶] قالب خانه[۷] بر اینست که کتابی به صحّت نپیوندند و علماء بر خوبی و

۱. انباء الانبیاء، فصل ۲ در گزارش وحی کودک، ص ۲۷ (pdf)
۲. دلائل قانع‌کننده
۳. اقامة الشهود فی ردّ الیهود، ص ۲۹۱
٤. سرشته شده بر ستیز کردن و طفره رفتن
۵. پنهان کردن
٦. اصل و اساس کار
۷. چاپ‌خانه که کتب خطّی را به چاپ سنگی اوّلیه می‌رساند. البته احتمالاً یهودیان چاپخانه مجزا و مستقلی برای خود داشتند و این جا همان جاست که کتب معتبره ایشان به چاپ می-

درستی آن شهادت ندهند و سجل[۱] ننویسند، آن را به قالب نمی‌برند.

حال به بررسی کتاب نبوئت هیلد و وحی کودک می‌پردازیم.

یکی از بزرگان علمای بنی اسرائیل به نام «پنهاس»[۲] همسری نازا به نام راحیل[۳] داشت. وی هر گاه که از محلّ تدریس خود باز می‌گشت، همسر خود را با حالی آشفته می‌دید که خواهان فرزندی بود. این عالم بنی اسرائیل از خدای تعالی درخواست کرد که خداوند به او فرزندی عطا کند و دعای او مستجاب گردید و همسر او حامله شد و بعد از شش ماه پسری زیبا از او به دنیا آمد که وی را «نَحمان[٤]» نامیدند. تاریخ ولادت او یکشنبه[۵] اوّل ماه تشرین الاوّل سال ۴۲۰ از خراب شدن بیت المقدّس در مرتبه دوم بود[٦]. این تاریخ با ۷۴ سال قبل از بعثت پیامبر اسلام و ۳۴ سال پیش از تولّد حضرت محمّد مطابقت دارد. آن مولود تا به دنیا آمد، به سجده رفت و بعد از سجده گفت که: بر بالای این پرده‌ی آسمانی که می‌بینید، نهصد و پنجاه و پنج پرده‌ی آسمان دیگر است و بالای آن پرده‌ها، چهار حیوان است و بالای آن حیوانات، چهار کرسی بلند پایه است و

رسید.
۱. تاییدیه و مهر و شناسنامه
۲. یا ربّی پنحاس به نقل کتاب اقامة الشهود فی ردّ الیهود، ص ۲۹۱
۳. نام راحیل برگرفته از کتاب اقامة الشهود فی ردّ الیهود، ص ۲۹۱
٤. اسم کامل او نحمان حَطوفاه بود که با جدّش همنام بود. کتاب اقامة الشهود فی ردّ الیهود، ص ۲۹۱
۵. یا پنجشنبه به نقل کتاب اقامة الشهود فی ردّ الیهود، ص ۲۹۱
٦. این تاریخ مبنای بسیاری از یهودیان است.

بالای آن کرسی، آتش سوزاننده‌ای است و خدمتکاران و کرسی همه از آتش هستند. پنهاس وقتی این سخنان را از فرزند خود شنید، او را از سخن گفتن منع کرد و با تندی به او خطاب کرد که خاموش باش و نحمان تا دوازده سال سخن نگفت. همسر پنهاس مدّت‌ها گریه و زاری می‌کرد که چرا فرزندش سخن نمی‌گوید و پس از مدّت‌ها اصرار به شوهرش، روزی هنگامیکه پنهاس از محلّ تدریسش بر می‌گشت، در برابر او ایستاد و بسیار ناله و اصرار کرد که دعا کن که خدایا او را گویا گرداند یا او را از ما بگیرد. پنهاس به همسرش گفت که اگر او گویا شود، سخنانی بگوید که مردم را متحیّر سازد. همسرش گفت که تو دعا کن تا او گویا شود به شرطی که سخنانش را پنهانی و خلاصه بگوید. پنهاس دهن بر دهان فرزندش گذاشت و او را قسم داد که سخن بگوید به شرط اینکه مختصر باشد یا کسی نفهمد که منظورش چیست تا زمانی که سخنان او به آشکار شود. (یعنی سخنانی که می‌گوید اتفاقات آینده باشد که مردم آن دوران مطّلع نشوند.) وقتی کودک به اذن الهی گویا شد، شروع کرد به سخن گفتن و پنج وحی به ترتیب حروف ابجد گفت که تمام آن اخبار و سخنان، خبر از اتّفاقات آینده بود و در نهایت گفت که شما مرا به دست خود دفن خواهید کرد. چون سخنانش تمام شد از دنیا رفت[1] و او را در قریه‌ی «کَفَرِ بَرعَم» در مکانی که چهل تن از علمای بنی اسرائیل دفن بودند، دفن کردند. نحمان آن پنج وحی را گفت و آن وحی را نوشتند و نزد علمای یهود نسل به نسل استنساخ می‌شد و نزد آنها نگهداری می‌شد و

۱. یا پس از مدّت کوتاهی از دنیا رفت. اقامة الشهود فی ردّ الیهود، ص ۲۹۲

اصل آن هم در مکانی از اماکن علمای بنی‌اسرائیل موجود بود. تا آنکه ملّا اسماعیل قزوینی (قرن ۱۲ه.ق) چنین می‌نویسد:

«قریب به پنجاه سال پیش از این، یکی از کتابهای بنی اسرائیل را که آن را کتاب «تاکید و مَصوَه» می‌گویند به قالب خانه بردند که آن را قالب نمایند [و] آن وحی‌ها را نیز به قالب رسانیدند و در پشت آن کتاب قرار دادند و آن کتاب در میان بنی اسرائیل متداول است.[1]»[2]

همانطور که اشاره شد به تایید ملّا اسماعیل قزوینی این کتاب همراه با کتاب دیگری از یهود به چاپخانه‌ی مخصوص یهودیان رفته بوده تا به چاپ برسد و نهایتاً به چاپ می‌رسد و نزد علمای یهود منتشر می‌شود و نسخه‌ای هم به ملّا اسماعیل قزوینی می‌دهند که وی از آن بخش وحی کودک را ذکر می‌کند. محمّد رضا جدید الاسلام هم همانطور که اشاره شد به نسخه‌ای از وحی کودک دسترسی داشته و آن را از کتب یهودیت دانسته و آن را عیناً با عبارات عبری در کتاب خود آورده است. این وحی‌ها اخباری است که از وقایع اسلام خبر داده شده و بسیاری از آن را مرحوم اسماعیل قزوینی و مرحوم جدید الاسلام با تاریخ اسلام تطبیق داده‌اند که عیناً مطالب تاریخ اسلام را بیان می‌کند. بخشی از مطالب وحی کودک قابل تاویل نبوده و به بیان این بزرگواران به دو جهت نمی‌توان آن را تاویل

۱. انباء الانبیاء، فصل ۲ در وحی کودک، ص ۲۷ (pdf)

۲. این بخش را از کتاب انباء الانبیاء که قدیمی‌ترین تایید بر وحی کودک است آوردیم و مطالب اضافه‌ای که صاحب اقامه الشهود ذکر کرده را در پاورقی آوردیم ولی اصل نوشتار ما عیناً برگرفته از نقل انباء الانبیاء است.


کرد؛ یکی اینکه اوّلاً بخشی از تاریخ است که امروز در تواریخ ما ضبط نشده و ثانیاً اموری است که هنوز به وقوع نپیوسته است. امّا به خوبی **تاریخ اسلام و وقایع کربلا و ظهور امام زمان**ؑ در آن مشهود است. چون هدف ما از آوردن وحی کودک مطلب عروسی حضرت قاسمؑ بود، به بخش وقایع کربلا در وحی کودک بسنده می‌کنیم. علاقه‌مندان می‌توانند به کتاب تازه منتشر شده نبوئت هیلد رجوع کنند امّا متاسفانه نویسنده آن کتاب بخش‌هایی از وحی کودک را حذف کرده و اصلی‌ترین نسخه از وحی کودک در کتابهای انباء الانبیاء، اقامة الشهود فی ردّ الیهود و کتاب محضر الشهود فی ردّ الیهود قابل مشاهده است.

به علّت اینکه عین عبارات وحی کودک آورده شود، عین عبارات عبری و ترجمه کامل آن به فارسی را خواهیم آورد. باید مدّ نظر قرار گیرد که به علّت تفاوت‌های عبری و فارسی تلفظ‌ها بسیار متفاوت است.

در حرف شین وحی کودک چنین مذکور است:



شیتا شیقا ومَشتیتا عیقا[1] ومَعا




١. عاقا هم تلفّظ می‌شود.

عیقا وِدَبَیقا میستَنَقا[1]

شش نفر از آرزومندان به دشواری افتند، دشواری بعد از دشواری و چسبیدگان به زحمت بیفتند.


در حرف راء وحی کودک چنین ذکر شده:




رَعصا میترِصا[2] ونائصا[3] وحالِصا[4] دَیسا

به سختی بیفتند و به عذاب افتند و کنده شوند و خُرد شوند.

در حرف قاف وحی کودک مذکور است:



قفیصا میتعرِفا[5] عَل یِدی سادِ[6] سافا



کصورفا بیت روفا[1] نیتیسا

١. مستنقا هم تلفّظ می‌شود.
٢. مترسا هم تلفّظ می‌شود.
٣. ونعصا هم تلفّظ می‌شود.
٤. وحاسادی هم تلفّظ می‌شود.
٥. متعرفا
٦. سا

به خنجر از قفا بریده بشود در کنار رودخانه در صحرا مانند امتحان کرده شده و گرفته بشود از او زفاف.

در حرف صاد وحی کودک چنین آمده:

صَبوعا	نیصپعا	نیسرفاء	وینفزعاء
ؤومیودعا	بدیعا	بشوعا	نیشتعشع

خیمه‌های رنگین که جای نشستن فرزندزادگان است، سوخته شود و آشکار شوند خویشان معروف که به ناز، پرورده شده بودند و با لب تشنه کشته شود.

حروف شین، راء، قاف و صاد وحی کودک:

۱. بتروفا

تاویل وحی کودک

حرف شین؛ در اینکه این شش نفر چه کسانی هستند نظرهای وجود دارد و گفته‌اند این شش نفر فرزندان حضرت امیرالمومنین(ع) که در کربلا شهید شدند هستند؛ یعنی: چهار فرزند حضرت ام البنین(ع)، ابوبکر بن علی(ع) و عمر بن علی(ع)[1]. البته می‌توان گفت که فرزندان امام حسین(ع) هستند چون از تاریخ عدد دقیق فرزندان امام حسین(ع) مشخص نیست و بسیاری از مورّخین حضرت علی اصغر(ع) را با حضرت عبدالله رضیع(ع)

۱. اقامة الشهود فی ردّ الیهود، ص ۳۲۶

ترجمہ، وحیِ کودک ---- (علماء کا تعارف)

اسماعیل بن علی قزوینی (12ویں صدی ہجری) ایران میں فتح علی شاہ قاجار کے دور میں یہودیوں کے عظیم ترین علماء میں سے ایک تھے، ان عظیم عالم نے ماضی کے انبیاء کی کتابوں، جو یہودیوں کے ہاں موجود تھیں، کا گہرا مطالعہ کر کے دینِ اسلام اور مذہبِ تشیع کی حقانیت کو پا لیا اور وہ شیعہ ہو گئے، وہ اپنے اسلام لانے کے واقعے کو اس طرح بیان کرتے ہیں ---!

اہلِ بصیرت پر مخفی نہ رہے کہ اس مخلوق میں سب سے کم تر، اسماعیل قزوینی، چونکہ اپنی عمر کے آغاز ہی سے انبیاءِ سلف (پچھلے انبیاء) کی کتابوں کے مطالعے اور مباحثے میں مشغول رہتا تھا اور دین کے معاملے میں کمال توجہ رکھتا تھا، چنانچہ جب میں نے مذکورہ بالا کتابوں کی جزئیات پر کامل دسترس اور اطلاع حاصل کر لی، تو میری نظر سے ایسی آیات اور اخبار (روایات) گزریں جو دینِ اسلام کی حقانیت پر دلالت کرتی تھیں، اسی لیے میں نے عزم کیا کہ اس امرِ عظیم میں عمیق فکر اور گہرا تدبر کروں تاکہ دینِ شریف اسلام کی حقانیت مجھ پر منکشف ہو جائے، پس اسی بنا پر میں نے خود کو نفسانی و فاسد اغراض سے پاک کیا، انبیاء کی کتابوں میں نہایت گہرا تامل کیا اور اس باب میں پوری کوشش کی، یہاں تک کہ توفیقِ ربانی اور ہدایتِ یزدانی سے اسلام کی حقانیت مجھ پر آشکار ہو گئی ---

کتاب احلی من العسل کے مصنف کہتے ہیں، یہ بزرگوار عالم یہودیوں اور ان کی قوم کے معتمد ترین علماء میں سے تھے، اور ان کی قوم میں ان کے مرتبے و مقام کو ان کا بیٹا اس طرح بیان کرتا ہے ----!

میرے محترم والد، بنی اسرائیل کے سلسلے سے تھے اور ان کا شمار فضلاء اور اکابرین میں ہوتا تھا، اس گروہ کے تمام لوگ ان کے فضل اور علمی جستجو کے معترف تھے اور انہیں زہد و تقویٰ کی صفت سے متصف جانتے تھے، وہ مرحوم اپنی تمام عمر علوم کے حصول کتابوں کے مطالعے اور انبیاءِ سلف و علماءِ خلف کی رسموں کی پیروی میں مشغول رہے، اور اس تلاش و جستجو میں ادیان کے درمیان حق و باطل کے تمیز اور طریقِ حق و یقین تک پہنچنے کے علاوہ ان کا کوئی مقصد اور مدعا نہ تھا، وہ ہمیشہ بارگاہِ الٰہی سے راہِ راست کے ظاہر ہونے کے سائل رہتے اور اس سے اپنی دعا کی قبولیت کی امید رکھتے

تھے یہاں تک کہ توفیقِ ربانی ان کے حال کے شاملِ حال ہوئی اور تائیدِ سبحانی نے اس سعادت مند بزرگ کی آرزوؤں کی کفالت کی، جس کے نتیجے میں وہ دینِ حنیف کے شرفِ عظیم سے سرفراز ہوئے اور اس عظیم ترین عطیے کے باعث اپنے ہم عصروں اور ہم رتبہ لوگوں میں ممتاز ہو گئے ---

یہ بزرگ عالم شیعہ ہونے کے بعد یہودی علماء اور یہودیوں کی جماعت کے ساتھ مناظروں میں مشغول ہو گئے اور وہ ان سے بحث و مناظرے کے لیے بے حد مشتاق رہتے تھے، جب کہ یہودی ان سے بہت زیادہ خوفزدہ تھے اور باوجود اس کے کہ حق ان پر روشن ہو چکا تھا، انہوں نے اسے قبول نہ کیا، یہودیوں کی اس جماعت کے خوف و ہراس کو مؤلف کا بیٹا اس طرح بیان کرتا ہے ---!

یہودیوں کی جماعت کو جب یہ خبر ملی تو وہ کمالِ دہشت اور انتہائی وحشت کا شکار ہو گئے، انہوں نے اس معاملے کو اپنے دین و ملت کی سستی اور اپنی ذلت و نقصان کا سبب سمجھا، چنانچہ وہ چارہ جوئی کے لیے کمر بستہ ہوئے، حیرت و تفکر کے گھٹنے ٹیک کر سخت پریشانی میں بیٹھ گئے اور ہر طرف سے طعن و ملامت کی زبانیں کھول دیں اور اس ماہر اور راہِ حقیقت کو پا لینے والے عالم نے اسلام اور تشیع کی حقانیت کو ثابت کرنے کے لیے "أنباء الانبیاء" نامی کتاب لکھی، جو مکمل طور پر یہودیت کی کتابوں سے اسلام اور تشیع کی حقانیت کو ثابت کرتی ہے، یہودیوں نے ان کی اس کتاب کو نابود کرنے کی بہت کوششیں کیں، لیکن خوش قسمتی سے اس کتاب کے محدود نسخے قلمی نسخوں (مخطوطات) کی صورت میں موجود ہیں جو ہمیں حاصل ہو چکے ہیں--- ایک اور شخص جن کا نام محمد رضا جدید الاسلام (جو 13ویں صدی ہجری میں گزرے) تھا، جنہوں نے مسلمان ہونے کے بعد اپنے لیے "جدید الاسلام" کا لقب چنا، وہ ایران میں یہودیوں کے اہم ترین بلکہ سب سے اہم عالم تھے، جنہوں نے اپنے مسلمان اور شیعہ ہونے سے یہودیوں کو ایک بہت بڑا علمی و مذہبی نقصان پہنچایا، ان کی کتاب کا مترجم ان کے بارے میں لکھتا ہے ---!

اپنے زمانے کے یگانہ روزگار اور وقت کے وحید، اپنے دور اور وقت میں اسرائیلیوں کے سب سے بڑے عالم اور اپنی قوم کے افضل ترین فاضل، دینِ اسلام کے بصیرت یافتہ، علاّم و فہام، میرزا محمد رضا جدید الاسلام---

یا وہ لکھتا ہے: میرزا محمد رضا جدید الاسلام تمام شہروں کے یہودیوں کے اقرار کے مطابق ان کے سب سے بڑے عالم (اعلم) تھے اور تمام یہودی اور ان

کے علماء ہر اس مسئلے اور حکم میں جس میں انہیں شک ہوتا یا جو ان کے لیے نامعلوم ہوتا، ان ہی مرحوم کی طرف رجوع کرتے تھے، جیسے ہی انہوں نے ان کے اسلام لانے اور پیغمبرِ آخر الزماں کے دین و آئین کی طرف بصیرت پانے کے بارے میں سنا اور دیکھا، تو ان کے گمراہ اور گمراہ کرنے والے بے انصاف علماء نے ان بزرگوار کو راہِ راست سے منحرف کرنے اور ان کی کتابِ مستطاب پر رد لکھنے میں کمالِ جدوجہد کی، لیکن جب وہ ان دونوں محاذوں سے مایوس ہو گئے، تو وہ ان بزرگوار کو اذیت اور آزار پہنچانے کے درپے ہو گئے...

اس راہِ حق کو پا لینے والے اور دینِ اسلام کی طرف ہدایت پانے والے بزرگ عالم نے یہودیوں کی مستند ترین کتابوں کے ذریعے اسلام اور تشیع کی حقانیت ثابت کرنے کے لیے عبرانی زبان میں ایک مفصل اور یہودیوں کو عاجز کر دینے والی کتاب لکھی، جس کا نام "منقولِ رضائی" تھا، یہودیوں نے ان کی کتابوں کو نابود کرنے کی شدید کوششیں کیں، لیکن خوش قسمتی سے ناصر الدین شاہ قاجار کے دور میں بالآخر علی بن حسین حسینی (13ویں14ویں صدی ہجری) نامی شخصیت نے اکابرین اور علماء کے اصرار پر اس کتاب کا فارسی میں ترجمہ کیا اور اس کا نام "اقامۃ الشھود فی ردّ الیہود" رکھا، حاج بابا بن اسماعیل قزوینی (13ویں صدی ہجری)، جو اسماعیل قزوینی کے فرزند تھے، اپنے والد کی پیروی میں مسلمان ہوئے اور تشیع کی تبلیغ اور اسلام کے طریقِ حق کی راہ میں اپنے والد کے نقشِ قدم پر چلتے رہے، انہوں نے بھی اپنے والد کی طرح یہودیوں سے مناظرے کیے اور ان کے خلاف ایک وسیع علمی تحریک چلائی، انہوں نے ایک جامع اور اہم کتاب تصنیف کی جس کا نام "محضر الشھود فی ردّ الیہود" ہے، جو یہودیوں کی کتابوں اور ان کی روایات کی بنیاد پر تشیع کی حقانیت کو ثابت کرتی ہے ---

حقیقت کی راہ پا لینے والی یہ تینوں بزرگ شخصیات یعنی ملا اسماعیل قزوینی (12ویں صدی ہجری)، محمد رضا جدید الاسلام (13ویں صدی ہجری) اور حاج بابا قزوینی (13ویں صدی ہجری) یہودیوں کے اہم ترین علماء میں سے تھے جو مشرف بہ تشیع ہوئے، ان تینوں نے یہودیوں کی ایسی کتابوں سے اقتباسات نقل کیے جنہیں یہودی چھپانے کی کوشش کرتے تھے، کیونکہ یہودی علماء کے پاس ایسی کتابیں موجود ہیں جن پر وہ خود کامل اعتماد رکھتے ہیں اور ان میں واضح طور پر دینِ مبینِ اسلام کی حقانیت کی طرف اشارے موجود ہیں، ان تینوں بزرگوں نے اس بات کا اعتراف کیا ہے کہ یہودیوں کے

ہاں ''نبوتِ ھیلد'' نامی ایک کتاب کمالِ اعتبار کے ساتھ موجود ہے، جو کہ ایک بچے پر نازل ہونے والی وحی کا مجموعہ ہے اور اس میں اسلام کی حقانیت کے دلائل موجود ہیں، جیسا کہ عرض کیا گیا، یہ کتاب یہودیوں کے ہاں کامل ترین اعتبار کی حامل ہے، کیونکہ ان کے تین بڑے علماء نے، جو بعد میں مسلمان ہو گئے، اس کتاب کے یہودیوں میں متداول اور رائج ہونے کا ذکر کیا ہے---

وحی کودک کے متن کا ترجمہ ملاحظہ فرمائیں---

ملا اسماعیل قزوینی لکھتے ہیں؛ وہ کتاب بنی اسرائیل کے درمیان رائج ہے ---

محمد رضا جدید الاسلام لکھتے ہیں؛

ہمارے دعوے کے اثبات پر کافی دلائل اور شافی (اطمینان بخش) حجتوں میں سے ایک 'وحیِ کودک' کی کیفیت ہے ----

حاجی بابا قزوینی لکھتے ہیں؛

اگر یہودی علماء اس (وحی کودک) میں تدبر کرتے اور اپنی دیگر کتابوں کی طرح اس کی تفسیر کرتے، تو ان کے پاس اس کے سوا کوئی چارہ نہ تھا کہ وہ اپنے آباؤ اجداد کا دین چھوڑ کر مذہبِ حقہ محمدی کی پیروی اختیار کر لیتے؛ لیکن ان کا مزاج عصبیت اور ضد پر مبنی تھا، اس لیے یہ بات ان کے مزاج سے مطلقاً مطابقت نہیں رکھتی تھی، اسی وجہ سے انہوں نے اپنی وسعت اور طاقت کے مطابق مذکورہ کتاب کو چھپانے کی کوشش کی، اور ایسا حربہ اپنایا کہ دنیا کے تختے پر اس کا نام و نشان ہی نہ رہے ----مذکورہ نسخہ اس کتاب کے ساتھ ایک ہی جلد میں تھا اور چھپ چکا تھا اور علماء نے اس کی صحت کی گواہی دی تھی؛ کیونکہ چھاپہ خانے (مطبع) کا قاعدہ یہ ہے کہ جب تک کوئی کتاب پایہ صحت کو نہ پہنچ جائے اور علماء اس کی اچھائی اور درستگی کی گواہی نہ دے دیں اور اس پر اپنی تصدیق ثبت نہ کر دیں، وہ اسے طبع نہیں کرتے ---

اب ہم کتاب ''نبوتِ ہِیلَد'' اور ''وحیِ کودک'' کا جائزہ لیتے ہیں ---

بنی اسرائیل کے عظیم علماء میں سے ایک، جن کا نام "پہناس" تھا، ان کی ایک بانجھ بیوی تھی جن کا نام راحیل تھا، وہ جب بھی اپنے مدرسے سے لوٹتے، تو اپنی بیوی کو پریشان حال پاتے جو اولاد کی خواہشمند تھیں، بنی اسرائیل کے اس عالم نے بارگاہِ الٰہی میں دعا کی کہ خدا انہیں فرزند عطا فرمائے، چنانچہ ان کی دعا مستجاب ہوئی اور ان کی زوجہ حاملہ ہو گئیں، چھ ماہ بعد ان کے ہاں ایک خوبصورت لڑکا پیدا ہوا، جس کا نام انہوں نے "نَحمان" رکھا۔ ان کی تاریخِ پیدائش، بیت المقدس کے دوسری مرتبہ مسمار ہونے کے بعد، تشرینِ اول کے مہینے کا پہلا اتوار، سال 420 تھی، یہ تاریخ اسلام کے پیغمبر محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بعثت سے 74 سال قبل اور آپؐ کی آمد سے 34 سال پہلے کے وقت کے مطابق بنتی ہے ---

وہ نو مولود بچہ جیسے ہی دنیا میں آیا، فوراً سجدے میں چلا گیا اور سجدے کے بعد کہنے لگا، آسمان کے اس پردے کے اوپر، جسے تم دیکھ رہے ہو، نو سو پچپن (955) اور آسمانی پردے ہیں، اور ان پردوں کے اوپر چار حیوان (فرشتے) ہیں، اور ان حیوانات کے اوپر چار بلند پایہ کرسیاں ہیں، اور اس کرسی کے اوپر ایک جلا دینے والی آگ ہے، اور تمام خدمت گار اور وہ کرسی سب آگ ہی سے ہیں ---

جب اس کے والد پہناس نے اپنے بیٹے سے یہ باتیں سنیں، تو انہوں نے اسے بولنے سے منع کر دیا اور سختی سے مخاطب ہو کر کہا: خاموش ہو جاؤ ! اس کے بعد نحمان نے بارہ (12) سال تک کوئی بات نہ کی ----

پہناس کی بیوی ایک طویل عرصے تک روتی رہیں کہ ان کا بچہ بات کیوں نہیں کرتا مدتوں کے اصرار کے بعد، ایک دن جب پہناس اپنے مدرسے سے لوٹے تو ان کی بیوی ان کے سامنے کھڑی ہو گئیں اور بہت گریہ و زاری اور اصرار کے ساتھ کہا، دعا کیجیے کہ خدا یا تو اسے بولنے کی طاقت عطا فرما دے یا پھر اسے ہم سے واپس لے لے ----

پہناس نے اپنی بیوی سے کہا: اگر وہ بولنے لگا تو ایسی باتیں کہے گا جو لوگوں کو حیرت زدہ کر دیں گی ----!

ان کی بیوی نے کہا، آپ دعا کیجیے کہ وہ بولنے لگے، بشرطیکہ وہ اپنی باتیں پوشیدہ اور مختصر کہے --- پس پہناس نے اپنا منہ اپنے بیٹے کے منہ پر رکھا اور اسے قسم دی کہ وہ بات کرے، بشرطیکہ وہ مختصر ہو یا جب تک اس کی باتیں پوری طرح آشکار نہ ہو جائیں، کوئی یہ نہ سمجھ سکے کہ اس کا مقصد کیا ہے۔ (یعنی وہ جو باتیں بھی کہے، وہ مستقبل کے واقعات پر مبنی ہوں جن سے اس دور کے لوگ باخبر نہ ہو سکیں) ---

جب وہ بچہ اذنِ الٰہی سے بولنے لگا، تو اس نے حروفِ ابجد کی ترتیب کے مطابق پانچ وحی فرمائیں، اور وہ تمام اخبار و اقوال مستقبل کے واقعات کی خبریں تھیں اور آخر میں اس نے کہا کہ: تم مجھے اپنے ہی ہاتھوں سے دفن کرو گے، جب اس کی باتیں ختم ہوئیں تو وہ اس دنیا سے رخصت ہو گیا، اور انہوں نے اسے "کَفَر بَرعَم" نامی گاؤں میں، ایک ایسی جگہ پر دفن کیا جہاں بنی اسرائیل کے چالیس علماء دفن تھے ---

نحمان نے وہ پانچ وحی فرمائیں اور ان وحیوں کو لکھ لیا گیا، اور وہ یہودی علماء کے ہاں نسل در نسل نقل ہوتی رہیں اور ان کے پاس محفوظ رہیں ان کا اصل نسخہ بھی بنی اسرائیل کے علماء کے مقامات میں سے کسی جگہ موجود تھا، یہاں تک کہ ملا اسماعیل قزوینی اس طرح لکھتے ہیں،

آج سے تقریباً پچاس سال پہلے، بنی اسرائیل کی کتابوں میں سے ایک کتاب کو، جسے وہ کتاب " ناکید و مصوہ" کہتے ہیں، چھاپا خانے لے جایا گیا تاکہ اسے طبع کریں، انہوں نے سب سے پہلے ان وحیوں کو بھی طبع کیا اور اس کتاب کی پشت پر شامل کر کے رکھ دیا، اور وہ کتاب بنی اسرائیل کے درمیان رائج ہے ، جیسا کہ اشارہ کیا گیا، ملا اسماعیل قزوینی کی تصدیق کے مطابق، یہ کتاب یہودیوں کی ایک اور کتاب کے ساتھ یہودیوں کے مخصوص چھاپ خانے میں چھپنے کے لیے گئی تھی اور بالآخر طبع ہو کر یہودی علماء کے درمیان شائع ہو گئی، اس کا ایک نسخہ ملا اسماعیل قزوینی کو بھی ملا، جس سے انہوں نے "وحیِ کودک" کا حصہ نقل کیا ہے----

جیسا کہ پہلے ذکر ہو چکا ہے، محمد رضا جدید الاسلام کو بھی وحیِ کودک کے ایک نسخے تک رسائی حاصل تھی اور انہوں نے اسے یہودیت کی مستند کتابوں میں سے جانا اور اسے بعینہٖ عبرانی عبارات کے ساتھ اپنی کتاب میں نقل کیا، یہ وحی ایسی خبریں ہیں جو اسلام کے واقعات کی پیشگوئی کرتی ہیں، اور ان میں سے بہت سی خبروں کو مرحوم اسماعیل قزوینی اور مرحوم جدید الاسلام نے تاریخِ اسلام کے ساتھ منطبق کیا ہے، جو بعینہٖ تاریخِ اسلام کے مطالب کو

شادی … میں کسی طرح شریک ہونے کے لئے راضی نہ ہوں یا دیوانگی یا اس جیسی کسی دوسری وجہ سے اجازت دینے کی اہلیت نہ رکھتے ہوں تو ان تمام صورتوں میں ان سے اجازت لینا لازم نہیں ہے۔ اسی طرح ان کے … د نہ ہونے یا کسی دوسری وجہ سے اجازت لینا ممکن نہ ہو اور لڑکی کا شادی کرنا بے حد ضروری ہو تو باپ اور دادا سے اجازت لینا لازم نہیں ہے۔

(۲۳۴۳) اگر باپ یا دادا اپنے نابالغ لڑکے (یا پوتے) کی شادی کر دیں تو لڑکے (یا پوتے) کو چاہئے کہ

بالغ ہونے کے بعد اس عورت کا خرچ دے بلکہ بالغ ہونے سے پہلے بھی جب اس کی عمر اتنی ہو جائے کہ وہ اس لڑکی سے لذت اٹھانے کی قابلیت رکھتا ہو اور لڑکی بھی اس قدر چھوٹی نہ ہو کہ شوہر اس سے لذت نہ اٹھا سکے تو بیوی کے خرچ کا ذمے دار لڑکا ہے۔ اس صورت کے علاوہ بیوی کا خرچہ مرد کے ذمے نہیں۔

(۲۳۴۴) اگر باپ یا دادا اپنے نابالغ لڑکے (یا پوتے) کی شادی کر دیں تو اگر لڑکے کے پاس نکاح کے وقت کوئی مال نہ ہو تو باپ یا دادا کو چاہئے کہ اس عورت کا مہر دے۔ اور یہی حکم ہے اگر لڑکے (یا پوتے) کے پاس کوئی مال ہو لیکن باپ یا دادا نے مہر ادا کرنے کی ضمانت دی ہو۔ ان دو صورتوں کے علاوہ اگر اس کا مہر مہر المثل سے زیادہ نہ ہو یا کسی مصلحت کی بنا پر اس لڑکی کا مہر مہر المثل سے زیادہ ہو تو باپ یا دادا بیٹے (یا پوتے) کے مال سے مہر ادا کر سکتے ہیں وگرنہ بیٹے (یا پوتے) کے مال سے مہر المثل سے زیادہ مہر نہیں دے سکتے مگر یہ کہ بچہ بالغ ہونے کے بعد ان کے اس کام کو قبول کرے۔

یعنی نابالغ لڑکے کا عقد جائز ہے ---

وإن أبت لم يزوّجها .

[٢٥٦١٧] ٣ ـ الحسن بن محمّد الطوسي في (الأمالي) : عن أبيه ، عن المفيد ، عن محمّد بن الحسين الشهرزوري ، عن الحسين بن محمّد الأسدي ، عن جعفر بن عبدالله العلويّ ، عن يحيى بن هاشم ، عن محمّد بن مروان ، عن جويبر [1] بن سعد ، عن الضّحاك بن مزاحم قال : سمعت عليّ بن أبي طالب (عليه السلام) ـ يقول ـ وذكر حديث تزويج فاطمة (عليها السلام) ، وأنّه طلبها … صلى الله عليه وآله) ـ فقال : يا عليّ ، انه قد ذكرها قبل… جال فل… ك لها فرأيت الكراهة في وجهها ، ولكن على رسلك حتّى أ…رج إليك ، فد… …ها فأخبرها وقال : إنّ عليّاً قد ذكر من أمرك شيئاً فما ترين ؟ فسكتت … …جهها ولم ير فيه رسول الله (صلى الله عليه وآله) كراهة ، فقام وهو ي… … الله أكبر سكوتها إقرارها ، الحديث .

٦ ـ باب ثبوت الولاية للأب والجد للأب خاصة مع وجود الأب لا غيرهما على البنت غير البالغة الرشيدة وكذا الصبي

[٢٥٦١٨] ١ ـ محمّد بن يعقوب ، عن محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن محمّد بن إسماعيل بن بزيع قال : سألت أبا الحسن (عليه السلام) عن الصبيّة يزوّجها أبوها ثمّ يموت وهي صغيرة فتكبر قبل أن يدخل بها زوجها ، يجوز عليها التزويج أو الأمر اليها ؟ قال : يجوز عليها تزويج أبيها .

---

٣ ـ أمالي الطوسي ١ : ٣٨ .


(١) في المصدر : جوير .

يدل عليه الحديث ٩ من الباب ٦ من هذه الأبواب .

الباب ٦

فيه ٩ أحاديث

١ ـ الكافي ٥ : ٩/٣٩٤ .



312

ورواه الصدوق بإسناده ، عن محمّد بن إسماعيل بن بزيع [١] .

ورواه في (عيون الأخبار) عن جعفر بن نعيم بن شاذان ، عن محمّد بن شاذان ، عن الفضل بن شاذان ، عن محمّد بن إسماعيل [٢] .

ورواه الشّيخ بإسناده عن أحمد بن محمّد بن عيسى ، مثله [٣] .

[٢٥٦١٩] ٢ ـ وعنه ، عن أحمد بن محمّد ، عن عليّ بن مهزيار ، عن محمّد بن الحسن الأشعريّ قال : كتب بعض بني عمّي إلى أبي جعفر الثاني (عليه السلام) : ما تقول في صبيّة زوّجها عمّها ، فلمّا كبرت أبت التزويج ، فكتب لي : لا تكره على ذلك والأمر أمرها .

[٢٥٦٢٠] ٣ ـ وعن عدّة من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن عبدالله [١] بن الصلت قال : سألت (أبا عبدالله) [٢] (عليه السلام) عن الجارية الصغيرة يزوّجها أبوها ، لها أمر إذا بلغت ؟ قال : لا ، ليس لها مع أبيها أمر ، قال : وسألته عن البكر إذا بلغت مبلغ النساء ، ألها مع أبيها أمر ؟ قال : ليس لها مع أبيها أمر ما لم تكبر [٣] .

ورواه الشيخ بإسناده عن الحسين بن سعيد [٤] ، والذي قبله بإسناده عن محمّد بن يعقوب ، مثله .

---

(١) الفقيه ٣ : ١١٩١/٢٥٠ .

(٢) عيون أخبار الرضا (عليه السلام) ٢ : ٤٤/١٨ .

(٣) التهذيب ٧ : ١٥٤١/٣٨١ ، والاستبصار ٣ : ٨٥٢/٢٣٦ .

٢ ـ الكافي ٥ : ٧/٣٩٤ ، والتهذيب ٧ : ١٥٥١/٣٨٦ ، والاستبصار ٣ : ٨٥٧/٢٣٩ .

٣ ـ الكافي ٥ : ٦/٣٩٤ .

(١) في نسخة : عبد الملك « هامش المخطوط » .

(٢) في المصدر : أبا الحسن .

(٣) في التهذيب : تثيب « هامش المخطوط » .

(٤) التهذيب ٧ : ١٥٤٠/٣٨١ ، والاستبصار ٣ : ٨٥١/٢٣٦ .

أقول : وتقدّم ما يدلّ على ذلك [٣] ويأتي ما يدلّ عليه [٤] .

١٢ ـ باب أن الصغير ذكراً كان أو أنثى إذا زوجه الأب أو الجد صح العقد ، وإذا زوجه غيرهما كان موقوفاً على رضاه بعد البلوغ والرشد

[٢٥٦٥٧] ١ ـ محمّد بن الحسن بإسناده ، عن أحمد بن محمّد بن عيسى ، عن محمّد بن أبي عمير ، عن صفوان ، عن علاء ، عن محمّد بن مسلم ، عن أبي جعفر (عليه السلام) في الصبيّ يتزوّج الصبيّة يتوارثان ؟ فقال : إذا كان أبواهما اللذان زوّجاهما فنعم ، قلت : فهل يجوز طلاق الأب ؟ قال : لا .

أقول : وتقدّم ما يدلّ على بعض المقصود [١] ، ويأتي ما يدلّ عليه في المواريث [٢] وغيرها [٣] .

١٣ ـ باب أنه لا ولاية على الصبي بعد البلوغ والرشد للأبوين ولا لغيرهما ، فإن زوجاه وقف على رضاه ويجوز أن يتزوج وان كرها

[٢٥٦٥٨] ١ ـ محمّد بن يعقوب ، عن حميد بن زياد ، عن الحسن بن محمّد ،

---

(٣) تقدم في عنوان الباب ٦ من هذه الأبواب .

(٤) يأتي في الباب ١٢ من هذه الأبواب .

الباب ١٢

فيه حديث واحد

١ ـ التهذيب ٧ : ١٥٥٦/٣٨٨ .

(١) تقدم في الباب ٦ وفي الحديث ١ من الباب ٨ من هذه الأبواب .

(٢) يأتي في الباب ١١ من أبواب ميراث الأزواج .

(٣) يأتي في الباب ٣٣ من أبواب مقدمات الطلاق .

الباب ١٣

فيه ٣ أحاديث

١ ـ الكافي ٥ : ١/٤٠١ .



ہاتھ میں ہے۔(…

۲۔ جناب شیخ حسن … ان کا بیان ہے کہ میں نے
حضرت علی علیہ ال… شادی کا قصہ بیان فرمارہے
تھے کہ جب انہوں … تو آنحضرت صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم نے فرمایا … جب میں نے ان سے ان کا
تذکرہ کیا تو میں … ۔ یہاں تک کہ میں واپس
آؤں۔ اس کے بع… تشریف لے گئے اور ان
سے کہا کہ (حضرت … خاتون قیامت علیہا السلام
خاموش ہوگئیں۔ او… لہ وسلم نے ان کے چہرہ پر
کسی قسم کی ناپسندید… ہوئے اور یہ فرماتے ہوئے
اٹھے کہ سکوتھ… ن طوسی)
مؤلف علام فرماتے … ہیں اور کچھ اس کے بعد
(باب ۶ میں) بیان ک…

باب ٦

جو لڑکی بالغہ اور عاقلہ نہ ہو اس پر صرف باپ دادا کی ولایت ثابت ہے اور یہی حکم چھوٹے بچے کا ہے۔

(اس باب میں کل نو حدیثیں ہیں جن میں سے ایک مکرر کو چھوڑ کر باقی آٹھ کا ترجمہ حاضر ہے)۔(احقر مترجم عفی عنہ)

۱۔ حضرت شیخ کلینی علیہ الرحمہ باسناد خود محمد بن اسماعیل بن بُزیع سے روایت کرتے ہیں ان کا بیان ہے کہ میں نے حضرت امام علی رضا علیہ السلام سے سوال کیا کہ ایک چھوٹی لڑکی کا عقد اس کے باپ نے (کسی لڑکے سے) کر دیا۔ اور شادی سے پہلے مر گیا۔ اب لڑکی جوان ہو چکی ہے تو دخول سے پہلے عقد پختہ ہے یا معاملہ اس کے ہاتھ میں ہے (اسے فسخ کر سکتی ہے؟) فرمایا: اس کے باپ والا نکاح نافذ ہے۔ (کتب اربعہ، عیون الاخبار)

۲۔ محمد بن حسن اشعری بیان کرتے ہیں کہ میرے بعض چچازاد بھائیوں نے حضرت امام محمد تقی علیہ السلام کی خدمت میں خط لکھا جس میں یہ مسئلہ دریافت کیا تھا کہ آپ اس بچی کے (عقد کے) بارے میں کیا فرماتے ہیں کہ جس کے چچا نے (اس کی نابالغی میں) اس کا نکاح کر دیا۔ مگر جب وہ بچی میری (بالغہ) ہوئی تو اس نے اس نکاح کا انکار کر دیا؟ امام علیہ السلام نے جواب میں لکھا کہ اسے اس پر مجبور نہیں کیا جا سکتا۔ معاملہ اس کے اپنے ہاتھ میں

ہے۔(الفروع، التہذیب، الاستبصار)

۳۔ عبداللہ بن صلت بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے سوال کیا کہ ایک نابالغ لڑکی کا عقد نکاح اس کے باپ نے کر دیا آیا بلوغت کے بعد اسے (توڑنے کا) کوئی حق ہے؟ فرمایا: اسے باپ کے ہمراہ کوئی حق نہیں ہے۔ پھر پوچھا کہ جب لڑکی بالغہ ہو جائے (مگر اس کا ولی موجود ہو) آیا اسے باپ کی موجودگی میں کوئی اختیار ہے؟ فرمایا: جب تک شوہر دیدہ نہ ہو تب تک اسے باپ کی موجودگی میں کوئی اختیار نہیں ہے۔ (الفروع، التہذیب، الاستبصار)

۴۔ فضل بن عبدالملک حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں کہ آپؑ نے ایک حدیث کے ضمن میں فرمایا کہ جب کوئی اپنے بیٹے کا نکاح کر دے تو یہ اس کے بیٹے پر منحصر ہے (قبول کرے یا انکار کرے) لیکن اگر بیٹی کا نکاح کر دے تو یہ نافذ ہے۔ (الفروع وغیرہ)

۵۔ حضرت شیخ صدوق علیہ الرحمہ باسناد خود ابن ابی یعفور سے اور وہ حضرت امام علی رضا علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں فرمایا: وہ باکرہ لڑکیاں جن کے باپ موجود ہوں ان کے باپوں کی اجازت کے بغیر ان سے شادی نہ کی جائے۔ (الفقیہ وغیرہ، کتب اربعہ)

۶۔ حضرت شیخ طوسی علیہ الرحمہ باسناد خود علی بن یقطین سے روایت کرتے ہیں ان کا بیان ہے کہ میں نے حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے سوال کیا کہ کیا تین سال کی بچی یا تین سال کے بچہ کا عقد کیا جا سکتا ہے؟ یا کم از کم وہ کون سی عمر ہے جس میں ان کا عقد کیا جا سکتا ہے اور جب بچی بالغ ہو جائے اور اس عقد کو پسند نہ کرے تو؟ فرمایا: جب اس کا باپ یا ولی (مثلاً دادا) راضی ہو تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔ (التہذیب والاستبصار)

۷۔ محمد بن مسلم بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے سوال کیا کہ ایک بچے کی ایک بچی سے تزویج کی جاتی ہے تو؟ فرمایا: اگر ان کے باپ کر دیں تو پھر یہ نافذ ہے .... لیکن جب بالغ ہوں تو ان کو (نکاح توڑنے کا) اختیار ہے۔ اور اگر راضی ہو جائیں تو لڑکی کا حق مہر (لڑکے کے) باپ پر واجب الاداء ہوگا۔ راوی نے عرض کیا: آیا چھوٹے بیٹے کی طرف سے باپ طلاق دے سکتا ہے؟ فرمایا: نہ۔ (ایضاً)

(چونکہ اس روایت میں ولی شرعی کے پڑھے ہوئے نکاح میں جو خیار البلوغ کا لڑکی لڑکے کو حق دیا گیا ہے وہ مسلّمہ نظریہ کے بظاہر خلاف ہے۔ اس لئے اس کی تاویل کرتے ہوئے) مؤلف علام فرماتے ہیں کہ حضرت شیخ طوسی علیہ الرحمہ نے اس حدیث کو اس مطلب پر محمول کیا ہے کہ بالغ ہو کر لڑکے کو طلاق دینے کا اور لڑکی کو حق مہر یا طلاق کے مطالبہ کرنے کا اختیار ہے۔

اس بارے میں کیا کہتے ہو؟ انہوں نے کہا: اس کا نکاح باطل ہے۔ فرمایا: پھر وہ میری طرف
عبداللہ! آپ اس سلسلہ میں کیا فرماتے ہیں؟ پس جب اس نے مجھ سے سوال کیا تو میں
لوگوں سے پوچھا کیا تم حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے یہ روایت نقل نہیں
آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے دربار میں ایک شخص اپنے باپ کے خلاف اسی قسم کی
تھا۔ تو آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے اس سے فرمایا تھا کہ تو اور تیرا مال تیرے با
اقرار کیا کہ ہاں۔ (ہم یہ نقل کرتے ہیں) امام علیہ السلام نے فرمایا: پھر یہ کس طرح ممک
مال تو دادا کا ہو مگر اس (دادا) کا پڑھایا ہوا نکاح جائز نہ ہو؟ امام علیہ السلام نے فرمایا: (ا
ان لوگوں کے قول پر عمل کیا۔ اور میرا قول چھوڑ ... (الفروع)

۶۔ ابوالعباس حضرت امام جعفر صادق ... کرتے ہیں فرمایا: جب باپ (
مگر اس کا باپ (لڑکی کا دادا) ... کا انکار کرے تو ... کاح نافذ ہے۔ اگرچہ دادا ا
طرح نہیں ہے کہ دادا نکاح پڑھا دے اور پھر با... ہے۔ (الفروع، التہذیب
مؤلف علام فرماتے ہیں کہ اس قسم کی کچھ حدیثیں ... سے پہلے (باب ۶ میں) گزر چ
(باب ۱۲ میں) بیان کی جائیں گی انشاء اللہ تعالیٰ۔

ملاحظہ فرمایا کہ عقد کرنے کے لیے بالغ ہونا شرط نہیں بلکہ جماع کے لیے بالغ ہونا شرط ہے، اس کے کثیر دلائل موجود ہیں سمجھنے کے لیے اتنا کافی ہے، اور یہ یاد رہے کہ محمد و آل محمد بشری مجبوریوں سے بلند ہیں، یہ الٰہی نفوس جماع نہیں کرتے ان کا معاملہ بالکل جدا ہے، حقیر نے اس موضوع پر کتاب عباداللہ میں تفصیل سے بحث کی ہے --- اب جناب قاسم کی عمر کے متعلق ملاحظہ فرمائیں

باب ۱۲

صغیر السن بچہ ہو یا بچی جب اس کا بابا یا دادا (الغرض ولی شرعی) نکاح پڑھائے تو وہ صحیح (اور پختہ) ہے اور اگر کوئی اور شخص پڑھائے تو ان کے بالغ و عاقل ہونے کے بعد ان کی رضامندی پر موقوف ہوگا۔

(اس باب میں صرف ایک حدیث ہے جس کا ترجمہ حاضر ہے)۔ (احقر مترجم عفی عنہ)

۱۔ حضرت شیخ طوسی علیہ الرحمہ باسنادِ خود محمد بن مسلم سے اور وہ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے اس بچہ اور بچی جن کا نکاح پڑھایا گیا ہو کی باہمی وراثت کے بارے میں ایک سوال کے جواب میں فرمایا: اگر ان دونوں کے والد نے ان کا نکاح پڑھایا ہے تو پھر تو وارث بنیں گے۔ راوی نے عرض کیا: (نابالغ بچہ کی جانب سے) باپ کی طلاق نافذ ہوگی؟ فرمایا: نہ۔ (التہذیب)

مؤلف علام فرماتے ہیں کہ اس مطلب پر فی الجملہ دلالت کرنے والی بعض حدیثیں اس سے پہلے (باب ۶ و ۸ میں) گزر چکی ہیں اور کچھ اس کے بعد (باب ۳۳ از مقدماتِ نکاح اور باب ۱۱ از میراث ازواج میں) بیان کی جائیں گی انشاء اللہ تعالیٰ۔

دیں' اور مروان نے آپ … رنا چاہتا تھا۔ اور مروان
ہمیشہ بنی ہاشم کا دشمن رہا … ن علی رضی اللہ عنہما سے گفتگو کی
اور میں نے کہا اے ابوعب … ر ہے ہو' انہیں اپنی ماں
کے ساتھ بقیع میں دفن کر … اپنے باپ سے بحوالہ
حضرت عمر رضی اللہ عنہ مجھ سے … رت حسین بن علی رضی اللہ عنہما
سے کہا خدا سے ڈرو اور فت … آپ کے بھائی نے بھی
آپ کو اس بارے میں وص … ضرت ابوہریرہؓ سے بھی
اسی قسم کی روایت کی ہے او … طلب کرنے کے لیے
آدمی بھیجا تو آپ نے انہیں … ن لیے اور بنوامیہ نے
بھی ہتھیار لگا لیے اور کہنے … رضی اللہ عنہ بقیع میں دفن ہوں
اور حضرت حسن رضی اللہ عنہ حجرہ … ت سعد بن ابی وقاص'
حضرت ابوہریرہ' حضرت ج … یں تو انہوں نے ان کی
بات مان لی اور اپنے بھائی …
اور سفیان ثوریؒ ن … ں بن علی رضی اللہ عنہما نے اس
روز حضرت سعید بن العاص … لگے اگر یہ سنت نہ ہوتی
تو میں انہیں آگے نہ کرتا۔



اور محمد بن اسحٰق نے بیان کیا ہے کہ بنی سعد بن بکر کے غلام مساور نے مجھ سے بیان کیا کہ جس روز حضرت حسن رضی اللہ عنہ فوت ہوئے میں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مسجد پر کھڑے ہو کر بلند آواز سے اعلان کرتے دیکھا اے لوگو! آج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا محبوب فوت ہو گیا ہے' پس تم گریہ کرو' آپ کے جنازہ کے لیے لوگ جمع ہو گئے حتیٰ کہ بقیع میں کسی آدمی کے سمانے کی گنجائش نہ رہی اور مردوں اور عورتوں نے سات روز آپ پر گریہ کیا اور بنی ہاشم کی عورتیں مسلسل ایک ماہ تک آپ کا نوحہ کرتی رہیں نیز بنی ہاشم کی عورتوں نے ایک سال تک آپ کا سوگ کیا' یعقوب بن سفیان نے بیان کیا ہے کہ محمد بن یحییٰ نے ہم سے بیان کیا کہ سفیان نے جعفر بن محمد سے ان کے باپ کے حوالے سے ہم سے بیان کیا کہ حضرت علیؓ ۵۸ سال کی عمر میں قتل ہوئے اور حضرت حسن رضی اللہ عنہ بھی اسی عمر میں فوت ہوئے اور حضرت حسین رضی اللہ عنہ بھی اسی عمر میں فوت ہوئے اور شعبہ نے بحوالہ ابوبکر بن حفص بیان کیا ہے کہ حضرت سعد اور حضرت حسن بن علی نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی امارت پر دس سال گزرنے کے بعد وفات پائی اور علیہ نے جعفر بن محمد سے ان کے حوالے سے بیان کیا ہے کہ حضرت حسنؓ نے ۴۷ سال کی عمر میں وفات پائی اور یہی بات کئی لوگوں نے بیان کی ہے اور یہی اصح ہے اور مشہور یہ ہے کہ آپ نے ۴۹ھ میں وفات پائی ہے جیسا کہ ہم نے بیان کیا ہے اور دوسروں نے بیان کیا ہے کہ

دوسرے امام الحسن بن علی علیہم السلام

ماہ رمضان المبارک میں ولادت ہوئی، اور مشہور یہ ہے کہ اُن کی ولادت منگل کے دن ہوئی تھی، رمضان المبارک کی ۱۵ تاریخ تھی اور ہجرت کا دوسرا سال تھا۔اور آپ کا انتقال ماہ صفر ۴۹ سنہ ھ میں ہوا، اس وقت اُن کی عمر ۴۷ سال اور کچھ ماہ تھی۔

اُن کی کنیت اور القاب:۔

اللہ نے ان کا نام حسن رکھا اور ان کی کنیت ابو محمد ہے اور ان کے القاب سیّد،

السبط الاوّل

امام حسنؑ

اتنے ز ... وہ رسول

اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ... ، سیرت

وکردار میں اور


حضرت ... اری کے

دوران جس ... دس میں

لے کر آئیں او

یَا رَسُولَ ... الْحَسَنُ

فَإِنَّ لَهُ هَدْيِ ... (۱).



(۱): الارشاد، ج: ... ۱۹۹: اور

شرح اخبار، ج: ۳

الآحاد والمثانی، ... شرح نہج


البلاغہ، الابن ابی الح

چوتھی فصل

امام حسن علیہ السلام کی شہادت


معلوم ہونا چاہیے کہ اس امام مظلوم کی شہادت میں اختلاف ہے۔ بعض ماہ صفر کی سات ۵۰ھ اور بعض اسی ماہ کی اٹھائیس تاریخ بتاتے ہیں۔ آپ کی عمر مبارک کے سلسلہ میں بھی اختلاف ہے اور مشہور یہ ہے کہ سینتالیس سال تھی جیسا کہ صاحب کشف الغمہ نے ابن خشاب کی روایت سے حضرت امام باقرؑ اور امام صادقؑ سے روایت کی ہے کہ امام حسن علیہ السلام کی عمر شریف وفات کے وقت سینتالیس سال تھی۔ حضرت اور ان کے بھائی امام حسین علیہ السلام کے درمیان مدت حمل کا فاصلہ چھ مہینے ہے اور امام حسنؑ اپنے جد

بزرگوار رسولِ خداؐ کے سا ... ر بزرگوار کے بعد
دس سال زندگی گزاری۔ ... یا کہ میں زہر سے
شہید ہوں گا۔ رسول خداؐ ... ۔ معاویہ مخفی طور پر
اس کے پاس زہر بھیجے گا ... ے سے دور رکھے تو
فرماتے کہ کیسے میں اس کو ... علاوہ مجھے کوئی قتل
نہیں کرے گا اور وہ لوگوں ... کے بعد معاویہ نے
بہت سا مال زہر قاتل کے ... م دوں گا اور یزید
سے تیری شادی کروں گا۔ ... ن سخت گرم تھا اور
پیاس نے آپ پر اثر کیا ... ں میں وہ زہر ڈال
رکھا تھا۔ وہ حضرت کو دیا۔ ... لم کی حمد کی کہ اس
جہان فانی سے جہان دوانی ... ے ملاقات ہوگی۔
پھر آپ نے جعدہ کی طرف ... م البدل تجھے نہیں
مل سکے گا۔ اس شخص نے تجھ ... الم میں مبتلا رہے
اور اس کے بعد اپنے جد بزرگ ... ہے۔ ایک روایت
ہے کہ وہ مال تو دے دیا جس ... سے بھی وفا نہیں
کرے گی۔ شیخ مفید رضوان ...
... مدینہ تشریف لے گئے اور



امام حسن ۴۹ یا ۵۰ ہجری کو شہید ہوئے، اور واقعہ کربلاء ۶۱ ہجری کو پیش آیا اس حساب سے امام حسن کا کوئی بیٹا ۱۱ سال سے کم عمر نہیں ہوسکتا، جناب قاسم تقریباً ۳ سے ۵ سال اپنے بابا امام حسن کے ساتھ رہے، تو جناب قاسم کی عمر ۱۴ سے ۱۵ سال بنتی ہے، اگر ہم شہزادہ قاسم کی آمد امام حسن کی زندگی کے آخری سال بھی مان لیں تب بھی قاسم کی عمر ۱۱ سال سے کم نہیں جبکہ قاسم کی عمر ۱۱ سے ۱۵ سال کے درمیان ہے

319



سیرتِ معصومین علیہم السلام
۲
احسن المقال
ترجمہ منتهی الآمال
مؤلف ثقۃ المحدثین آقائی شیخ عباس قمی
ترجمہ مولانا سید صفدر حسین نجفی
مصباح القرآن ٹرسٹ
لاہور

نے ایک بہت بڑا جلسہ ترتیب دیا اور باقی علماء و اشراف اور یحییٰ بن اکثم کو جمع کیا، پس مامون نے حکم دیا کہ جلسہ کے صدر مقام پر حضرتؑ کے لیے فرش بچھایا جائے اور گاؤ تکیے آپؑ کے لیے لگائے جائیں، شیخ مفید فرماتے ہیں کہ حضرت جواد علیہ السلام تشریف لائے جب کہ آپؑ کی عمر سات سال اور کچھ مہینے تھی اور آپؑ اپنی جگہ پر دو تکیوں کے درمیان بیٹھ گئے یحییٰ بن اکثم آپؑ کے سامنے آ کر بیٹھ گیا، باقی لوگوں میں سے ہر کوئی اپنے مرتبہ و مقام پر بیٹھا اور مامون کے لیے حضرتؑ کے پہلو میں جگہ قرار پائی۔

پس یحییٰ نے چاہا کہ حضرتؑ کا امتحان لینے کے لیے مسئلہ پوچھے، پہلے اس نے مامون کی طرف رخ کیا اور کہنے لگا اے امیر المومنین آپ مجھے اجازت دیتے ہیں کہ میں ابوجعفرؑ سے ایک مسئلہ پوچھوں، مامون نے کہا خود آنجناب سے اجازت حاصل کرو۔

یحییٰ نے آپؑ سے اذن چاہا حضرتؑ نے فرمایا کہ تمہیں اجازت ہے پوچھو جو چاہتے ہو، یحییٰ نے کہا آپؑ پر قربان جاؤں کیا فرماتے ہیں اس شخص کے حق میں جو محرم تھا اور اس نے شکار کیا۔

حضرتؑ نے فرمایا حل میں شکار کیا ہے یا حرم میں عالم تھا یا جاہل، عمداً قتل کیا یا سہواً، وہ آزاد تھا یا غلام، بچہ تھا یا بڑا، یہ اس کا پہلا شکار تھا یا پہلے بھی کر چکا تھا، وہ شکار پرندوں میں سے تھا یا ان کے علاوہ چھوٹے جانور کا شکار کیا یا بڑے کا، یہ اصرار کرتا ہے یا پشیمان ہوا ہے، رات کو شکار کیا ہے یا دن کو، عمرہ کا احرام باندھے تھا یا حج کا۔

یحییٰ یہ فروعات سن کر متحیر ہو گیا اور اس کے ہوش اڑ گئے اور عجز اس کے چہرہ سے ظاہر ہوا اور اس کی زبان لڑکھڑا گئی اس وقت حاضرین جلسہ پر معاملہ واضح ہو گیا۔

پس مامون حمد خدا بجالایا اور کہنے لگا اب تمہیں حقیقت معلوم ہوئی، اس نے حضرتؑ کی طرف رخ کیا اور کہا کہ آپؑ خطبہ اور خواستگاری کریں گے۔ آپؑ نے فرمایا ہاں، عرض کیا پھر میری بیٹی ام الفضل کا اپنے ساتھ شادی کرنے کا خطبہ ارشاد فرمائیں، کیونکہ میں آپؑ کو اپنی دامادی کے لیے پسند کر چکا ہوں اگرچہ کچھ لوگ اس ازدواج کو ناپسند اور مکروہ سمجھتے ہیں اور ان کے ناک زمین پر لگا دیں گے پس حضرتؑ نے خطبہ نکاح پڑھنا شروع کیا اور فرمایا

الحمد الله اقراراً ابنعمته ولا اله الله اخلاصا لوحدا نيته وصلى الله محمد سيد برمته والا صفياًء من عترته اما بعد فقد كان من فضل الله على الانام ان اغناهم الحلال عن الحرام فقال سبحانه وانكحو الايامى منكم والصالحين من عباد كم واماتكم ان يكونو افقرآءً يغنهم الله من فضله والله واسع عليم۔

پس حضرتؑ نے مامون کے ساتھ صیغہ نکاح پڑھا اور ام الفضل سے تزویج کی اور پانچ سو عمدہ درہم حق مہر قرار دیا جو آپؑ کی جدہ ماجدہ جناب فاطمہ سلام علیہا کے حق مہر کے برابر تھا، جب صیغہ نکاح جاری ہوا تو مامون کے خدم و حشم بہت سی خوشبو لے کر آئے اور

آپ نے ملاحظہ فرمایا، امام محمد تقی کا عقد 7 سال یا 9 سال کی عمر میں ہوا تھا، اور اس پر کوئی اختلاف نہیں کہ امام کا عقد کم عمر میں ہوا تھا، تو کیا کسی میں جرت ہے کہ امام معصوم کے اس عمل کو باطل قرار دے ؟ جو ایسا کرے گا وہ خود کافر ہو جائے گا، جبکہ شہزادہ قاسم کی عمر امام محمد تقی کی عمر سے زیادہ تھی جب ان کا عقد ہوا، تو جو لوگ قاسم کی کم عمری کا بہانا بنا کر عقد قاسم کا انکار کر دیتے ہیں ان سے میرا سوال ہے کہ اگر امام محمد التقی کا عقد 7یا 9 سال کی عمر میں ہو سکتا ہے تو شہزادہ قاسم کا عقد 11 سے 15سال کی عمر میں کیوں نہیں ہو سکتا؟

٧٦

① — مامون اور خطبہ نکاح

خطیب نے اپنی کتاب تاریخ بغداد میں تحریر کیا ہے کہ مامون نے اپنی بیٹی اُم الفضل کا عقد حضرت امام محمد تقی علیہ السلام سے کرتے وقت یہ خطبہ پڑھا۔


سزاوار حمد ہے وہ خدا جس کی مشیت کے سامنے تمام امور ہیچ ہیں میں اس کی ربوبیت کا اقرار کرتے ہوئے گواہی دیتا ہوں کہ نہیں ہے کوئی اللہ سوائے اس اللہ کے۔ اللہ تعالیٰ اپنی رحمتیں نازل فرمائے اپنے منتخب بندے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر۔

اما بعد اللہ تعالیٰ نے نکاح کو نسب وسبب کی تکمیل کا ذریعہ دیا اس لئے سب کو معلوم ہونا چاہیئے کہ میں نے اپنی دختر زینب کو محمد بن علی بن موسیٰ الرضا علیہ السلام کی زوجیت میں دیا۔ اور ان کی طرف سے زینب کا مہر چار سو درہم مقرر کیا۔

بیان کیا جاتا ہے کہ اس وقت حضرت امام محمد تقی علیہ السلام کا سن نو سال چند ماہ کا تھا اس کے بعد مامون مسلسل آپ کا اکرام اور قدر افزائی کرتا رہا۔

(مناقب جلد ۴ صـ ۳۸۲)

② — اُم ال...



از پیامبران بنی اسرائیل نیز اشاراتی بر صحّت عروسی حضرت قاسم علیه السلام شده که چون موضوع اصلی کتاب ما آن نیست، حیطه را بر خوانندگان باز گذاشتیم تا خود ایشان، بدان مراجعه کنند[۱]. در مطلب آخر عروسی حضرت قاسم علیه السلام، به دلائل منکرین و یا کسانی که از ذکر عروسی ابا نموده‌اند، می‌پرد... تک نظرات ایشان را مورد تحلیل قرار می‌دهیم.




پاسخ به اشکالات

اشکال اوّل: علامه مجلسی می‌نویسد:

«قصّه دامادی او در کتب معتبره، به نظر این فقیر نرسیده است.[۲]»

می‌گوییم: ابداً این اشکال صحیح نیست و صرف اینکه علامه مجلسی روایتی را ندیده، دلیل بر جعلی و ضعیف بودن آن نیست؛ چنانچه همه روایات صحیح و معتبر در کتاب بحارالانوار ذکر نشده است و مقتل بحارالانوار نیز انبوهی از روایات معتبر را در بر ندارد و از همه بگذریم، مشهود است که ندیدن علامه مجلسی روایتی را، بطلان آن روایت نیست. همانطور که در بخش اثبات عروسی عرض شد، مدارکی قبل از علامه مجلسی، همچون **کتاب مختصر، منشور مبارک، روضة الشهداء، مقتل صاحب منهج الصادقین و منتخب طریحی، غیر از کتاب بحرالانساب** اذعان به عروسی کرده‌اند. این منابع تاریخی و روایی از یک طرف و تایید

۱. رجوع شود به کتاب اقامة الشهود فی ردّ الیهود.
۲. جلاء العیون، ص ۵۴۹



ماجرای وحی کودک که بیان شد، نشان می‌دهد که این روایت از دید علامه مجلسی افتاده است و نکته‌ی دیگر اینکه، او روایت عروسی را رد نکرده و تنها گفته که من روایت را ندیدم و ما می‌گوییم چنانچه بیان شد، این مطلب در کتب شیعی موجود است و در نهایت اعتبار می‌باشد.

ترجمہ؛ اعتراض کیا جاتا ہے کہ؛

علامہ مجلسی لکھتے ہیں: کہ ان کی دامادی (شادی) کا قصہ، معتبر کتابوں میں اس فقیر (مجھ) تک نہیں پہنچا ہے ---

ہم کہتے ہیں: یہ اعتراض ہرگز درست نہیں ہے، اور محض اس وجہ سے کہ علامہ مجلسی نے کسی روایت کو نہیں دیکھا، وہ روایت جعلی یا ضعیف ثابت نہیں ہو جاتی؛ جیسا کہ تمام صحیح اور معتبر روایات کتاب بحار الانوار میں ذکر نہیں کی گئی ہیں، اور خود مقتلِ بحار الانوار بھی مکمل طور پر معتبر روایات پر مشتمل نہیں ہے، ان سب باتوں کو چھوڑیں، یہ بات واضح ہے کہ علامہ مجلسی کا کسی روایت کو نہ دیکھنا، اس روایت کے باطل ہونے کی دلیل نہیں ہے، جیسا کہ شادی کو ثابت کرنے والے حصے میں عرض کیا گیا ہے کہ علامہ مجلسی سے پہلے کے ایسے شواہد موجود ہیں جیسے کتاب مختصر، منشور مبارک، روضۃ الشہداء، صاحبِ منہج الصادقین کا مقتل، اور منتخب طریحی، نیز کتاب بحر الانساب کے علاوہ دیگر کتب جنہوں نے اس شادی کا اعتراف کیا ہے، یہ تاریخی اور روایتی منابع ایک طرف اس بات کی تائید کرتے ہیں اور وحی کودک کا جو واقعہ بیان کیا گیا، وہ ظاہر کرتا ہے کہ یہ روایت علامہ مجلسی کی نظر سے اوجھل رہ گئی تھی، اور دوسرا نکتہ یہ ہے کہ انہوں نے شادی کی روایت کو رد نہیں کیا، بلکہ صرف یہ کہا ہے کہ " میں نے یہ روایت نہیں دیکھی" اور جیسا کہ ہم کہہ چکے ہیں، یہ موضوع شیعہ کتب میں موجود ہے اور انتہائی معتبر ہے ---

اعتراض کیا جاتا ہے کہ،

یہ واقعہ کسی خاص شخص سے منسوب نہیں ہے (یعنی اس کا کوئی راوی نہیں ہے)

ہم کہتے ہیں: قدیم اور معاصر (موجودہ) دور سے پہلے کے زمانے میں، بہت سے علماء کا طریقہ کار یہ تھا اور عام طور پر وہ یہ جانتے تھے کہ جب کوئی عالم کسی ایسی روایت کو لاتا ہے جو معتبر ہوتی ہے، تو ضروری نہیں کہ وہ اس کے منبع کا ذکر کرے، لہذا بہت سی وہ روایات جنہیں علماء نے نقل کیا ہے، وہ متقدمین (پہلے دور کے علماء) کی معتبر کتب سے لی گئی ہیں لیکن ان میں منبع (حوالے) کا نام ذکر نہیں کیا گیا، جیسا کہ مرحوم آمدی کی کتاب 'غرر الحکم'، ابن شہر آشوب کی کتاب 'مناقب' اور کتاب 'دلائل الامامۃ' میں غالباً ایسا ہی ہے ---

مرحوم طریحی کی بنیاد بھی کتاب 'منتخب' میں منبع ذکر کرنے پر نہیں تھی، اسی لیے انہوں نے لکھا ہے "نقل کیا گیا ہے" اور کتاب 'روضۃ الشہداء' اور مقتل کے صاحبِ کتاب 'منہج الصادقین' کا طریقہ کار بھی ایسا ہی ہے لیکن یہ بات اس روایت کی ساکھ (اعتبار) کوساقط نہیں کرتی، اور جیسا کہ علماء نے طریحی کی کتاب 'منتخب' کے نقل پر اعتماد کیا ہے، مرحوم طریحی اپنے زمانے کے علمِ رجال کے ماہر اور اشراف میں سے تھے، اور یہی کافی ہے کہ انہوں نے ایک روایت پر اعتماد کیا اور اسے نقل کیا ہے --- (احلی من العسل ص 135)


اور

اگر کوئی یہ اعتراض کرے کہ بحرالانساب کے علاوہ کسی اور قدیم اثر میں حضرت قاسم کے نکاح کا ذکر کیوں نہیں ملتا، تو اس کا جواب یہ ہے: بدقسمتی سے شیعہ علماء کی اکثر کتابیں تاریخ کے مختلف ادوار میں حملوں اور لائبریریوں کو آگ لگائے جانے کے باعث ضائع ہو چکی ہیں، اور جو آثار آج باقی ہیں وہ شیعہ ورثے کا بہت چھوٹا حصہ ہیں. ساتویں صدی ہجری کے بعد کے علماء نے، شیعہ لائبریریوں کے جلائے جانے کے بعد، یہ سوچا کہ جو آثار باقی رہ گئے ہیں اور جو باتیں ضائع شدہ کتابوں سے منقول ہیں انہیں جمع کیا جائے تاکہ شیعہ آثار کا کچھ حصہ محفوظ رہ سکے. ساتویں صدی ہجری کے بعد کے علماء کی کتابیں ہمارے لیے اہم ترین آثار ہیں کیونکہ... یہی کتابیں ہمارے پاس موجود ہیں جو قدیم علماء کی کتابوں سے حاصل ہوئی ہیں. چنانچہ اگر کوئی اعتراض کرے کہ قدیم کتابوں میں ان مطالب کا نشان کیوں نہیں ملتا، تو ہمیں کہنا چاہیے کہ: علماء نے قدیم شیعہ کتب کی دوبارہ تدوین کے لیے سب سے

پہلے عقائدی اور فقہی کتب کی چھان بین کی اور اس کے بعد تاریخی کتب کی طرف رجوع کیا. یہی وجہ ہے کہ ہماری موجودہ قدیم کتابیں زیادہ تر عقائد اور فقہ پر مبنی ہیں اور ان میں تاریخی کتب بہت کم نظر آتی ہیں. اسی بنیاد پر، ان قدیم کتابوں میں جنہیں ساتویں صدی ہجری کے بعد کے علماء نے دوبارہ ترتیب دیا اور زندہ کیا، تاریخی واقعات کا ذکر کم ہوا ہے. لیکن افسوس کہ ہم بعد کے دور (متاخرین) کی تاریخی کتابوں سے غافل ہو گئے اور ہمیں یہ معلوم نہیں کہ ان کی کتابیں دراصل ان ہزاروں قدیم تاریخی کتابوں کے مندرجات ہیں جو اب ضائع ہو چکی ہیں. لہذا اگر کسی قابلِ اعتماد بعد کے عالم کی کتاب میں کوئی ایسی بات موجود ہو جس کا سراغ قدیم شیعہ کتب میں نہیں ملتا، تو اس پر بھروسہ کیا جا سکتا ہے اور اسے قدیم کتب کے مطالب کے ساتھ استعمال کیا جا سکتا ہے (احلی من العسل ص 41)

واقعاتِ کربلا کی صحت معلوم کرنے کا معیار




جہاد حسینی
آئینہ ''قضا و قدر''
حجۃ الاسلام مولانا عقیل الغروی مدظلہ العالی
MBA
محفوظ
محفوظ بک ایجنسی امام بارگاہ شاہ نجف مارٹن روڈ کراچی
Tel: 412 4286 - 491 7823 Fax: 431 2882 E-mail: anisco@cyber.net.pk

اس رات حسینؑ نانا کے مزار پر گئے۔ ایک شخص اور بیٹھا ہوا ہے۔ اتنے میں دارالامارہ سے ایک قاصد آتا ہے اور کہتا ہے کہ آپ کو حاکمِ مدینہ نے بلایا ہے۔ آپ کہتے ہیں: جا کر کہہ دو ہم تھوڑی دیر میں آتے ہیں۔

سادہ جملے ہیں جو تاریخ نے نقل کیے ہیں۔ وہ شخص جو بیٹھا ہوا ہے۔ اس نے کہا: یہ وقت حاکم کے بیٹھنے کا نہیں ہے۔ حاکم سے ملاقات کا عمومی وقت نہیں ہے، اس وقت کیوں بلایا جاسکتا ہے؟

حسینؑ فرماتے ہیں: میرا گمان یہ ہے کہ طاغوت وقت گزر گیا۔ قضا طاغیتهم۔ اور قبل اس کے کہ عوام الناس میں یہ خبر مشہور ہو ہمیں بیعت کے لیے بلایا جا رہا ہے۔

یعنی حسینؑ بے خبر نہیں ہیں باخبر ہیں۔ وہ شخص کہتا ہے کہ پھر کیا ارادہ ہے؟

کہا: میں ملنے جاؤں گا۔

کیوں بلایا ہے؟ کیسے جائیں گے!


کیوں بلایا ہے یہ بھی حسینؑ کو معلوم ہے۔

کیسے جائیں گے؟ — کہا: میں جوانانِ نبی ہاشم کو ساتھ لے کر جاؤں گا۔

تاریخ کامل ابن اثیر سے پڑھ رہا ہوں۔ تمام تاریخوں میں ہے یہ۔ کسی ضعیف مقتل سے نہیں پڑھ رہا ہوں۔ حالانکہ مقاتل کو صرف ضعیف سمجھنا خود ضُعفِ علمی ہے۔ سرکار اُٹھے۔ جب اُٹھ رہے تھے تو اس نے ایک جملہ کہا: میں آپ کی جان پر ڈرتا ہوں۔

معلوم ہے آقا نے کیا کہا؟ لا تی الّا وانا قادرٌ علیه۔ یاقادرٌ علی الامتناع میں کوئی قدم ایسا نہیں اُٹھاؤں گا یا کوئی آنے والی مصیبت ایسی نہیں ہے جس کے روک لینے پر حسینؑ قادر نہ ہو۔ اللہ اکبر!

ذرا جرأت، شجاعت قوت، توانائی حسینؑ کا اندازہ کریں۔ مسجد سے آئے بیت الشرف میں۔ یقیناً اہلِ بیت سے مشورہ ہوا۔ اس مشورہ میں پیش پیش زینبؑ۔ کس کس کو ساتھ لیا جائے۔


سعادۃ الدارین
فی مقتل الحسینؑ
یا حسین
مؤلف
حضرت آیت اللہ محمد حسین نجفی رحمۃ اللہ علیہ
ثاقب پبلی کیشنز
لاہور پاکستان

بن نفیل پائمال سم اسپان ہو کر واصل جہنم ہوا۔

(۵) فاضل معاصر شہید انسانیت (ص ۵۰۰ پر) لکھتے ہیں: ''حسینؑ غضب ناک شیر کی طرح جھپٹ کر قریب پہنچے۔ عمر بن سعد بن نفیل، جس نے قاسمؑ کو قتل کیا تھا، ابھی پاس ہی موجود تھا۔ آپؑ نے اس پر تلوار کا وار کیا۔ جس سے اس کا ہاتھ کہنی سے کٹ کر گر گیا۔ لشکر مخالف اس کو بچانے کے لئے حسینؑ پر ٹوٹ پڑا مگر اس طرح چاروں طرف سے بے تحاشا گھوڑے دوڑا کر وہ لوگ اس کی کمک کو آئے کہ وہ خود اپنے ہواخواہوں کے گھوڑوں سے پامال ہو کر ہلاک ہو گیا۔'' اس مطلب پر ایک قرینہ یہ بھی ہے کہ سم اسپاں کے نیچے آنے والا امر گیا تھا۔ مگر شہزادہ کے متعلق قریباً قریباً سب مؤرخین نے لکھا ہے کہ جب یہ ہنگامہ ختم ہوا اور غبار جنگ پھٹا، تو حسینؑ شہزادے کے پاس کھڑے تھے۔ اور شہزادہ ایڑیاں رگڑ رہا تھا۔ بعد ازاں روح مقدس جنت الفردوس کی طرف پرواز کر گئی۔

بحمدہٖ تعالیٰ ان حقائق کی روشنی میں یہ بات پایۂ ثبوت کو پہنچ جاتی ہے کہ جناب شہزادہ قاسم کی لاش مقدس پامال نہیں ہوئی۔ بلکہ ان کے قاتل کی نجس لاش پامال ہوئی، جس سے وہ واصل جہنم ہوا۔

چوتھا امر:۔ شہزادہ قاسمؑ کی ارزق شامی اور اس کے بیٹوں کے ساتھ جنگ کرنے کی تحقیق :۔

کتب غیر معتبرہ میں یہ قصہ بڑے شد و مد کے ساتھ درج ہے۔ مگر چونکہ تمام علماء متقدمین اور علماء متاخرین میں سے حضرات محققین کی کتب مقاتل میں اس قصہ کا کہیں نام و نشان تک نہیں ملتا، اس لئے اسے ہرگز صحیح تسلیم نہیں کیا جا سکتا۔

واقعات کربلا کی صحت و سقم معلوم کرنے کا معیار

ارباب بصیرت جانتے ہیں کہ واقعات و روایات کربلا کی صحت و سقم معلوم کرنے کا وہ طریقہ نہیں جو دوسری فقہی روایات کے صحت و سقم معلوم کرنے کا ہے۔ کیونکہ اگر اس معیار پر ان واقعات کو جانچا جائے تو نتیجہ بہت ہی مایوس کن نکلے گا۔ بلکہ واقعات کربلا کی صحت یا عدم صحت معلوم کرنے کا میزان محقق علماء کی لکھی ہوئی کتب میں کسی واقعہ کا درج ہونا یا نہ ہونا ہے۔ اگر انہوں نے کوئی واقعہ لکھ دیا ہے تو اسے صحیح تسلیم کیا جائے گا۔ اور اگر انہوں نے کسی واقعہ کو نظر انداز کر دیا ہے تو اسے غلط تصور کیا جائے گا۔ بنا بریں چونکہ تمام کتب سیر و مقاتل اس طلسم ہوشربا سے خالی ہیں، اس لئے اسے صحیح تسلیم کرنے کی کوئی معقول وجہ نظر نہیں آتی۔ اس قدر تمہیدی و تحقیقی بیانات کے بعد ہم اصل مقصد کی طرف عود کرتے ہیں۔

شہزادہ قاسمؑ کی شہادت

جیسا کہ قبل ازیں بیان کیا جا چکا ہے کہ شہادت اولاد عبداللہ بن جعفر طیارؓ کے بعد اولاد امام حسن نے میدان

آپ نے ملاحظہ فرمایا، عقل الغروی کہتے ہیں کہ جو مقاتل کو ضعیف سمجھے اس کا علم ضعیف ہے، اور اس جملے کو ڈھکو صاحب نے واضح طور پر بیان کیا ہے، ڈھکو صاحب کہتے ہیں کہ کربلاء کے واقعات و روایات کی صحت معلوم کرنے کا وہ طریقہ نہیں جو فقہی روایات کی صحت معلوم کرنے کا ہے --- (اس لیے مقتل کو ضعیف کہنے والا خود ضعیف ہے کیونکہ اسے بنیادی باتوں کا ہی علم نہیں)


اگر مقاتل کی روایات کو ایسے ہی پرکھا جاتا جیسے فقہ کی روایات کو پرکھا جاتا ہے تو ہم حدیث قبول کرنے کے تمام اصول کا ذکر کرتے، جیسے علل الحدیث، خبر واحد، خبر متواتر، صحیح، حسن، موثق، ضعیف اور دیگر اصول ---تو معلوم ہونا چاہیے کہ احادیث کو پرکھنا الگ فن ہے، مغازی کو پرکھنا الگ فن ہے، تفاسیرِ قرآن کو پرکھنا الگ فن ہے اسی طرح مقاتل کو پرکھنا الگ فن ہے، مقاتل کی روایات کو پرکھنے کے لیے اصول الحدیث کام نہیں آتے تو کیا وجہ ہے کہ شہزادہ قاسم کی شادی والی روایت کو ضعیف کہا گیا ہے؟ ایسا کہنا صرف جہالت ہے مقاتل کو ضعیف کہنا خود کہنے والے کی ضعف علمی ہے ---

ڈھکو صاحب نے بیان کیا ہے کہ، کربلاء کے واقعات کی صحت معلوم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ اگر علماء نے واقعہ لکھ دیا تو صحیح ہے اور اگر نظر انداز کر دیا تو واقع غلط ہے --- مجھے یہاں امیر المومنین کا فرمان یاد آ گیا کہ، لوگوں کے گمراہ ہونے کی ایک وجہ یہ ہے کہ کچھ حصہ حق سے لے لیا جاتا ہے اور کچھ حصہ باطل سے لیا جاتا ہے پھر حق اور باطل کو خلط ملط کر کے پیش کیا جاتا ہے--- اسی طرح ڈھکو صاحب نے حق اور باطل کو خلط ملط کر کے پیش کیا ہے، یہ حق ہے کہ مقاتل کی روایات کو پرکھنے کا طریقہ الگ ہے، لیکن یہ باطل ہے کہ اگر کوئی عالم کسی روایت یا واقعہ کو چھوڑ دے یا نظر انداز کر دے تو اسے غلط تسلیم کیا جائے گا، چونکہ کوئی عالم معصوم نہیں ہے کہ اس کی رائے پر آنکھیں بند کر کے یقین کیا جائے کہ اگر وہ کہے کہ شہزادہ قاسم کا عقد نہیں ہوا تو ہم مان لیں بغیر کسی

دلیل کے، ڈھکو صاحب نے انصاف نہیں کیا لیکن مجھے امید ہے کہ قاری انصاف سے کام لے گا، ڈھکو صاحب نے کہا کہ جو واقعہ علماء لکھ دیں اسے صحیح تسلیم کیا جائے گا، تو ہم یہ عرض کر رہے ہیں کہ ہم نے اب تک 40 سے زیادہ معتبر کتب کا ذکر کیا ہے اور علماء کے اقوال نقل کیے ہیں جو اپنی کتابوں میں عقد قاسم کو لکھ چکے تو وہ کیسے غلط ہو سکتا ہے؟ یہاں تک کہ ہم نے وہ کتب بھی پیش کئی ہیں جن سے ڈھکو صاحب نے اپنی کتاب کے لیے روایات لیں ہیں (ان کا ذکر پہلے گزر چکا ہے) یہاں ہمارا سوال یہ ہے کہ اگر وہ کتابیں معتبر نہیں ہیں جن میں شہزادہ قاسم کا عقد موجود ہے تو ان کتابوں سے ڈھکو صاحب نے استدلال کیوں کیا ہے ان کی روایات اپنی کتاب میں کیوں درج کی ہیں؟ یہ کیسا منافقانہ رویہ ہے کہ جب آپ ایک کتاب سے روایت لیں تو وہ کتاب معتبر ہے جب اسی کتاب سے عقدِ قاسم کی روایت لی جائے تو وہ کتاب معتبر نہیں ہے؟ اور یاد رہے کہ ڈھکو صاحب نے خود کہا ہے کہ اگر علماء کسی واقعہ کو نقل کر دیں تو وہ درست ہے، تو جناب یہ وہی عالم ہے جس کی کتاب (ریاض القدس اور منتخب) سے آپ نے روایات لی ہیں، ہو سکتا ہے یہاں کوئی کہے کہ ایک کتاب میں کچھ روایات ضعیف ہوتی ہیں کچھ صحیح ہوتی ہیں تو اس کا رد خود ڈھکو صاحب پہلے ہی کر چکے ہیں کہ مقاتل کے واقعات کو ایسے نہیں پرکھا جاسکتا جیسے فقہ کی روایات کو پرکھا جاتا ہے، پس ہمارا موقف یہاں واضح ہو چکا ہے شہزادہ قاسم کا عقد معتبر کتب سے ثابت ہے، مزید دیکھیے کہ !

نقن صاحب نے شہزادہ قاسم کے عقد کی جو تفصیل بیان کی ہے آپ ملاحظہ فرما چکے ہیں، کہ شہزادہ قاسم کا عقد امام حسن کی وصیت کے تحت کیا گیا، اور اس واقعہ پر اعتراض بنتا ہی نہیں کیونکہ عقدِ قاسم درایۃً ثابت ہے اور کثیر علماء نے اپنی کتابوں میں نقل کیا ہے جو کہ اس واقعہ کے درست ہونے کا ثبوت ہے ---

عقد قاسم درایۃً ثابت ہے اور اسے کثیر علماء نے نقل کیا ہے جو اس کے درست ہونے کا ثبوت ہے تو ڈھکو صاحب نے جو واقعات کی صحت معلوم کرنے کا اصول بتایا ہے کہ علماء نقل کریں تو درست ہے کے تحت کثیر علماء نے عقدِ قاسم کے واقعے کو لکھا ہے تو یہ درست ہے اور حقیقت ہے معتبر ہے --- ہمارے پاس عقد قاسم پر کئی طریق سے روایات ہیں جبکہ کسی کے پاس عقد قاسم کے عدم جواز میں کوئی روایت موجود نہیں ہے اثبات پر روایات موجود ہیں لیکن نفی پر کوئی روایت موجود نہیں، اس کے علاوہ بھی ڈھکو صاحب اپنی ہی کہی ہوئی بات میں آ گئے ہیں، ڈھکو صاحب نے کہا کہ جو علماء لکھ دیں وہی درست ہے جسے نظر انداز کریں وہ غلط ہے، لیکن عقد قاسم کے معاملہ میں ڈھکو صاحب اور ان کے پیروکار غلطی پر ہیں چونکہ ڈھکو صاحب نے اپنی دوسری کتاب میں خود ہی اپنی بات کا رد کر دیا ہے ملاحظہ فرمائیں ----!



وجہ سوم۔ جن علمائے اعلام کے نزدیک اجماع حجت شرعیہ ہے جو کہ ہمارے علمائے کرام میں مشہور و معروف ہے تو ان کے نزدیک بھی اجماع ہونے کی حیثیت سے حجت ہے کہ جب تمام امت کے علماء کسی امر پر اجماع کریں گے۔ تو جو سید العلماء یعنی امام عالیمقام ہے


...اجماع حجۃ بانضمام المعصوم فلو خلا المائۃ من فقہائنا من قولہ لما کان حجۃ ولو حصل فی اثنین لکان قولہما۔ لا باعتبار اتفاقہما بل باعتبار قولہ فلا تغتروا اذن بمن یتحکم فیدعی الاجماع باتفاق الخمسۃ والعشرۃ من صحابہ مع جہالۃ قول الباقین الا مع العلم القطعی بدخول الامام فی الجملۃ یعنی اجماع جو حجت ہے۔ تو وہ امام علیہ السلام کی شمولیت کی وجہ سے ہے پس اگر ہمارے ایک سو فقہا کا قول امام علیہ السلام کے قول سے خالی ہو تو وہ حجت نہیں اور اگر قولِ امامؑ دو فقیہوں کے قول میں شامل ہو تو وہ حجت ہے لیکن یہ حجت ان دو فقیہوں کے اتفاق و اجماع کی وجہ سے نہیں ہے بلکہ قولِ امام کی وجہ سے ہے۔ پس ...کے قول سے ہرگز دھوکا نہ کھاؤ جو سینہ زوری سے کام لیتے ہوئے پانچ - دس فقہا کے اتفاق کو اجماع کہہ کر حجت قرار...

اگر 100 فقہا کا قول امام علیہ السلام کے قول سے خالی ہو تو وہ حجت نہیں اگر قولِ امامؑ دو فقیہوں کے قول میں

شامل ہو تو وہ حجت ہے لیکن یہ حجت ان فقہا کی وجہ سے نہیں بلکہ قول معصومؑ کی وجہ سے ہے...

ڈھکو صاحب نے لکھا کہ فقہا (علماء) کا قول اگر امام معصوم کے قول سے خالی ہے تو وہ حجت نہیں، جب تک قول معصوم موجود نہ ہو، تو ہمارا مطالبہ یہ ہے کہ ہمیں قولِ معصوم دکھایا جائے کہ جس میں امام نے فرمایا ہو کہ عقد قاسم نہیں ہوا یا اس روایت کی نفی میں امام نے کچھ فرمایا ہو؟ تو جب معصوم کا قول نہیں تو علماء کا کسی واقعہ کو نقل نہ کرنے کو ہم کیسے حجت مانیں کہ عقد قاسم ہوا ہی نہیں؟

جبکہ ہمارے پاس اس امر پر قولِ معصوم موجود ہے ملاحظہ فرمائیں --


المزار الكبير
تأليف
الشيخ أبو عبد الله
محمد بن جعفر المشهدي
تحقيق
جواد القيومي الأصفهاني

و اَهْله لاهْلِك وِقاء.

فَلَئِن اَخَّرَتْني الدُّهور، و عاقَني عَن نَصْرك الْمَقْدور، و لَم اَكُن لِمَن حارَبَك مُحارِباً ، و لِمَن نَصَب لَك الْعَداوَة مُناصِباً، فَلاَنْدِبَنَّك صَباحاً ومَساء، و لاَبْكِينَّ عَلَيك بَدَل الدُّموع دَماً ، حَسْرة عَلَيك و تَأسُّفاً عَلى ما دَهاكَ و تَلَهُّفاً، حَتّى اَموت بِلَوْعة[1] الْمُصاب و غُصَّة الاكْتِياب[2].

اَشْهد اَنَّك قَد اَقَمْت الصَّلاة، و آتَيْت الزَّكاة، و اَمَرْت بِالْمَعْروف، ونَهَيت عَن الْمُنْكر و الْعُدْوان، و اَطَعْت اللّٰه و ما عَصَيْته، و تَمَسَّكت بِه وبِحَبْله فَأَرْضَيته وخَشْيَته ، و راقَبْتَه و اسْتَجَبْته، و سَنَنْت السُّنن، واَطْفَأت الْفِتَن، و دَعَوْت اِلَى الرَّشاد، و اَوْضَحْت سُبُل السَّدادِ، وجاهَدْت فِي اللّٰهِ حَقَّ الْجِهاد.

و كُنْت لِلّٰه طائِعاً، و لِجَدِّك مُحمَّد صَلَّى اللّٰه عَلَيه و اٰلِه تابِعاً، ولِقَول اَبيك سامِعاً، و اِلى وَصِيَّة اَخيك مُسارِعاً، و لِعِمادِ الدين رافِعاً، ولِلطُّغْيان قامِعاً، ولِلطُّغاة مُقارِعاً، و لِلامَّة ناصِحاً.

و في غَمَرات الْمَوْت سابِحاً، و لِلْفُسّاق مُكافِحاً[3]، و بِحُجَج اللّٰه قائِماً، ولِلاسْلام و الْمُسْلمين راحِماً، و لِلْحقّ ناصِراً، و عِنْد الْبَلاء صابِراً، و لِلدين كالِئاً، و عَن حَوْزَته مُرامِياً، و عَن شَريعَتِه مُحامِياً.

---

١ ـ اللوعة : حرقة الحزن و الهوى و الوجد.

٢ ـ كئب : كان في غم و سوء حال و انكسار من حزن.

٣ ـ كفح العدو : واجهه و استقبله.

ترجمہ: صاحب العصر و الزماں قائم آل محمدؑ زیارت ناحیہ میں امام حسینؑ پر سلام کرتے ہوئے فرماتے ہیں ---

آپؑ اللہ کے لیے مجسم تسلیم و رضا تھے، اور اپنے نانا محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے نقش قدم پر کامل فداکار تھے، اور اپنے باباؑ کے قول کو سننے والے تھے، **اور اپنے بھائیؑ کی وصیت کی (تعمیل) میں جلدی کرنے والے تھے**، دین کے ستون کو بلند کرنے والے تھے، اور سرکشی کی جڑوں کو برباد و بیخ و بن سے اکھاڑنے والے تھے، طغیان و سرکشی کرنے والوں کو مار بھگانے والے تھے، اور امت کے لیے نصیحت کرنے والے تھے ---

مومنین آپ نے ملاحظہ کیا، امام زمانہ نے اس وصیت کا ذکر فرمایا ہے جو امام حسن نے وقتِ شہادت امام حسین کو کی، اور آپ پہلے ہی وہ وصیت ملاحظہ کر چکے ہیں کہ وہ وصیت یہ تھی کہ امام حسین قاسم کا عقد اپنی بیٹی سے کر دیں، اور اس کے علاوہ امام حسن کی کوئی وصیت نہیں تھی جس پر امام حسین روزِ عاشور عمل کرتے---

کئی علماء نے اسے نقل کیا ہے جن کا ذکر پہلے گزر چکا ہے کہ جب شہزادہ قاسم نے شہید ہونے کی اجازت چاہی اور امام حسین نے اجازت نہ دی تو انہوں نے اپنے بابا کی تحریر جو کہ ان کے بازو پر تعویز کی صورت میں موجود تھی امام حسین کے سامنے پیش کی جس پر امام

حسین نے فرمایا کہ، اے قاسم! آپ کے بابا نے مجھے بھی آپ کے متعلق ایک وصیت کی تھی اور اب اس وصیت کو پورا کرنے کا وقت آ گیا ہے، پھر مظلومِ کربلاء نے شہزادے کا ہاتھ تھاما اور خیمے میں تشریف لائے اور اپنی بیٹی سے عقد کیا---

تو قائم آل محمد نے زیارت ناحیہ میں اسی وصیت کا ذکر فرمایا ہے، سلام ہو حسین پر کہ جس نے اپنے بھائی کی وصیت کی طرف جلدی کی ---

ہمارے پاس عقدِ قاسم پر امامِ معصوم کی تائید موجود ہے اب چاہے اس واقعہ کو علماء نقل کریں یا نظر انداز کر دیں یہ حقیقت آشکار ہے کہ روزِ عاشور عقد قاسم ہوا تھا، اور ڈھکو صاحب کے مطابق علماء کی قول حجت نہیں جب تک امامِ معصوم کا قول موجود نہ ہو تو جن علماء کی کثیر تعداد جن میں سے ۴۰ سے زیادہ کا ہم نے ذکر کیا ہے انہوں نے عقد قاسم کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ یہ عقد امام حسن کی وصیت کے تحت ہوا اور ان علماء کی تائید میں امام زمانہ کا فرمان موجود ہے جو آپ ملاحظہ فرما چکے ہیں، جبکہ وہ علماء جنہوں نے عقد قاسم کو نقل نہیں کیا ان کے پاس کوئی دلیل موجود نہیں کہ علماء کا اپنی کتابوں میں صرف نہ لکھنا کسی امر کے واقع نہ ہونے کی دلیل نہیں بن سکتا ، تو اصول کے مطابق کثیر علماء نے عقدِ قاسم کو اپنی کتابوں میں نقل کیا ہے جو کہ اس واقعہ کے درست ہونے کا ثبوت

ہے اور ان کثیر علماء کی تائید امام زمانہ کا فرمان کر رہا ہے، حقیقت روشن دن سے زیادہ واضح ہو چکی ہے ہمارا کام صرف پہنچا دینا ہے زبردستی منوانا نہیں، اور ہو سکتا ہے کہ زیارت ناحیہ کی صحت کے متعلق اعتراض کیا جائے کہ کیا زیارت ناحیہ معتبر ہے؟

تو جواب ہے جی ہاں زیارت ناحیہ معتبر ہے، ملاحظہ فرمائیں ----!

احکامِ عاشوراء

(اُردو ترجمہ)

قربان الشہادۃ

حضرت سیدالشہداءؑ کی زندگی اور آپؑ کی تحریک پر عائد سوالات کے جوابات

جواب دھندہ
حضرت آیۃ اللہ العظمیٰ السیّد محمد صادق روحانی دامت برکاتہ

مترجم
علامہ محمد حسن جعفری

زیارتِ ناحیہ کی صحت

سوال: جنابِ عالی! کیا زیارتِ ناحیہ کی سند موجود ہے اور کیا وہ سند صحیح ہے۔ اگر بالفرض سند صحیح نہیں ہے تو کیا اس کا مضمون صحیح اور ثابت ہے؟

جواب: باسمہ جلّت اسماؤہ:


''زیارتِ ناحیہ'' کے الفاظ کا اطلاق دو زیارتوں پر ہوتا ہے۔


پہلی زیارت تو وہ ہے جس سے امام حُسینؑ کی زیارت کا قصد کیا جاتا ہے اور وہ زیارت کتاب ''المزار الکبیر'' میں مرقوم ہے۔

واضح رہے کہ یہ کتاب زیارت معتبرہ کی اُمہات الکتب میں سے ہے۔ اس میں شک نہیں کہ اس کا تعلق ان مرویات سے ہے جنہیں علمائے اعلام نے بیان کیا ہے۔

یہ درست ہے کہ اس کے کچھ فقرات پر اعتراض بھی کیے گئے ہیں مگر صحیح مؤقف یہ ہے کہ یہ معتبر ہے کیونکہ صاحب کتاب نے وضاحت کی ہے کہ یہ ایک دروازہ سے برآمد ہوئی تھی۔

دوسری زیارت ناحیہ وہ ہے جس میں شہداء کا نام لے کر ان پر سلام کیا گیا ہے اور ان کے قاتلوں پر لعنت کی گئی ہے۔ یہ زیارت معتبر زیارات میں سے ہے۔ بہت سے علماء نے اسی سے ہی شہدائے کربلا کے ناموں کا استفادہ کیا ہے اور شہدائے کربلا پر امام زمانہؑ نے اس زیارت میں سلام کیا ہے اور علماء نے اسے شہداء کے ناموں کی توثیق کی سب سے بڑی دستاویز قرار دیا ہے۔




یا اَبَا صَالِحِ المَہدی اَدرِکنی
زیارتِ ناحیۂ مقدّسہ
حضرت صاحب العصر والزّمان صلوات اللہ علیہ وآبائہ
تعزی صاحب العصر والزمان
ترتیب وتدوین
علاّمہ ڈاکٹر سیّد ضمیر اختر نقوی

علّامہ ڈاکٹر سیّد ضمیر اختر نقوی:

پیش لفظ

بقول علّامہ سیّد محمد جعفر زیدی شہید، شکر بے حد ہے خدائے لم یزل ولا یزال کا کہ مومنین کرام کے سامنے زیارتِ ناحیہ مقدسہ ترجمہ کر کے پیش کرنے کا شرف حاصل کیا جارہا ہے۔ یہ زیارت اصل میں وہ تحفۂ سلام ہے اور وہ نذرِ عقیدت ہے جس کو حضرت صاحب الامر علیہ السلام نے اپنے جدِ مظلوم خامس آلِ عبا حضرت سیّد الشہداء کی بارگاہ میں پیش کیا ہے اور بعنوانِ سلام اپنے جد مظلوم کا مرثیہ کہا ہے اور ان کے مصائب و آلام کا تذکرہ کر کے نوحہ کیا ہے۔ اس زیارت کی جلالت قدر اور عظمت مقام کی ضمانت کے لئے یہی کافی ہے کہ یہ کلمۃ اللہ الباقیہ کے کلمات ہیں۔ غیبت صغریٰ میں جن چار حضرات علماء کرام نے نیابت امام کے فرائض انجام دیئے ہیں اور امام علیہ السلام کے ارشاداتِ عالیہ اور احکامِ جاریہ ان کے وسیلہ سے ملتِ اہلِ بیتؑ تک پہنچے ہیں وہی حضرات اس زیارت عظمیٰ کے لئے ہمارے اور ہمارے امام کے درمیان وسیلۂ محکم ہیں۔ ہمارے اجلہ علمائے کرام نے اس زیارت کو معتبر قرار دے کر کتب زیارات میں تحریر فرمایا ہے۔ علامہ مجلسی رحمۃ اللہ علیہ نے اولاً اپنی کتاب مزار بحار میں پھر اس کے بعد اپنی کتاب تحفۃ الزائرین میں اس زیارت کو ان زیارتوں کے سلسلہ میں تحریر فرمایا ہے جو آئمہ معصومین علیہ السلام سے منقول و ماثور ہیں اور تالیفِ علماء میں سے نہیں

ہیں۔ علامہ مجلسیؒ مذکور نے زیارتِ ناحیہ کو سیّد ابنِ طاؤس اور شیخ محمد بن المشہدی کے حوالہ سے نقل فرمایا ہے۔

شیخ الطائفہ ابوجعفر طوسی علیہ الرحمہ نے بھی براہِ راست ابنِ عیاش سے اسی زیارت ناحیہ کی روایت کی ہے۔ جناب شیخ مفید علیہ الرحمہ جو شیخ ابوجعفر طوسی و شیخ نجاشی رحمہا اللہ کے استاد ہیں انہوں نے بھی اپنی کتاب المزار میں زیارت ناحیہ کو بیان فرمایا ہے۔ سیّد ابنِ طاؤس نے بھی اپنی کتاب اقبال میں زیارتِ ناحیہ کو پیش کیا ہے۔ غرضیکہ علماء اعلام شیعہ نے اس زیارت کو موثق و معتبر ہونا تسلیم کیا ہے۔

فاضل علام جناب سیّد سبط الحسن صاحب ہنسوی و اُم مجدہٗ نے رسالۂ الجواد بنارس مطبوعہ جنوری ۵۳ء میں زیارتِ ناحیہ کے موثق و معتبر ہونے پر بڑی زبردست فاضلانہ بحث کی ہے۔ جو نہایت بیش قیمت اور قابلِ قدر ہے۔ خوش قسمتی سے یہ رسالہ اس وقت پیشِ نظر ہے۔ تقریر نہایت مبسوط اور مفصل ہے۔ اسی کی روشنی میں یہ چند جملے جو اس مقصد کے لئے کافی ہیں سپردِ قلم کئے گئے۔ رسالۂ مذکور میں اس کا بھی تذکرہ ہے کہ اسی زیارتِ ناحیہ کا ترجمہ تاج العلماء مولانا سید علی محمد صاحب طاب ثراہ نے فرمایا اور جناب مرزا دبیرؔ میرزا عشقؔ نے اس زیارت کا منظوم ترجمہ کیا۔ جو زیارتِ ناحیہ کے بعد دونوں مرثیے پیش کیئے جارہے ہیں، میں نے درستی و صحت کا حتی المقدور اہتمام کیا ہے۔ پھر ترجمہ کے متعلق چاہے کتنی ہی سعی کی گئی ہو۔ یہ دعویٰ کہ مقصدِ امام تک رسائی ہوگئی ہے معاذ اللہ مِنْ ذَالِكَ۔

یہ زیارت دو جداگانہ عنوان کے ساتھ آپ کے سامنے آرہی ہے۔ پہلے جز کو ''زیارتِ ناحیہ معروفہ'' کہا جاتا ہے۔ دوسرے کو ''زیارتِ ناحیہ غیر معروفہ''۔

زیارت ناحیہ معتبر ہے اور اس میں امام حسن ص کی اس وصیت کا ذکر موجود ہے جس امام حسین ص نے روزِ عاشور عمل کیا اور وہ وصیت شہزادہ قاسم کا امام حسین کی بیٹی سے عقد ہے جو کہ معتبر کتب سے ثابت ہے ---

ہمارا دل بڑا ہے ہم عقدِ قاسم کے منکر کو چھوٹ دیتے ہیں اور ایک لمحے کے لیے مان لیتے ہیں کہ عقدِ قاسم پر معصوم سے کچھ صادر نہیں ہوا تب بھی ہمارا موقف ثابت ہے عقدِ قاسم ثابت ہے کیونکہ کثیر علماء نے عقدِ قاسم کا ذکر کیا ہے جو اس کے درست ہونے کی دلیل ہے جبکہ اس کے عدم جواز پر ایک بھی روایت اور دلیل نہیں ہے ---

اور کربلاء میں آج بھی شہزادہ قاسم ص کی یاد میں مہندی برآمد کی جاتی ہے یہ حقیقت کسی سے پوشیدہ نہیں اور انٹرنیٹ پر اس کے ثبوت تصویروں کی صورت میں موجود ہیں ---

اور شک دور کرنے کے لیے اور حقیقت کو سمجھنے کے لیے اتنا کافی ہے---

آخر میں ہماری دعا ہے کہ امام زمانہ عجل اللہ فرج الشریف جلد از جلد قیام فرمائیں ---